پیر حسام الدین امیرا کدل کشمیر

دی کشمیر ناول ایجنسی

نام مصنف

نمبر کتاب 1693 قیمت

پروپرائٹر

پیر حسام الدین جنرل مرچنٹ امیرا کدل کشمیر

29.
8 2 2

جلد پنجم　　جولائی سنہ ۱۹۲۵ع　　حصۂ نوزدہم

1623
6/5

اُردو

FIRDAUSAM UD DIN
KASHMIR



انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد (دکن)

کا

سہ ماہی رسالہ

فہرستِ مضامین

رسالہ اردو کے خریداروں کے ساتھ خاص رعایت

رسالہ اردو کے خریداروں کو انجمن ترقی اردو کی شایع کی ہوئی کتابیں فی روپیہ چار آنہ کمی قیمت کے ساتھ دی جائیں گی۔ امید ہے کہ ناظرین اس رعایت سے فائدہ اُٹھائیں گے —

دیگر مقامات کی کتابیں جو بطور ایجنسی انجمن میں فروخت ہوتی ہیں ان کی قیمتوں میں کوئی کمی نہیں کی جاسکتی —

آنریری سکرٹری
انجمن ترقی اردو۔ اورنگ آباد دکن

A GOOD SELECTION OF ENGLISH, URDU AND [illegible]
NOVELS CAN BE HAD [illegible] LONG TERMS.
1. [illegible] OF ONE,
2. THE COST OF THE BOOK DEPOSIT,
3. [illegible] WILL BE [illegible] DAILY.
THE KASHMIR [illegible] OF 1ST BRIDGE
PIR HASSAMUD DIN

فہرستِ مضامین

نمبر شمار	مضمون	مضمون نگار	صفحہ
۱	مرثیۂ شہادت حضرت عباس	فصیح	۳۶۱
۲	سرسید مرحوم کا خط مولانا حالی مرحوم کے نام		۳۷۵
۳	تلسی داس کی شاعری	جناب مولوی وحیدالدین سلیم صاحب پروفیسر کلیۂ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن	۳۷۷
۴	نوائے گل	جناب ابوالمعالی اختر شیرانی الافغانی صاحب	۴۲۷
۵	حضرت خواجہ میر درد	جناب مولوی محمد عظمت اللہ خاں صاحب بی اے مددگار ناظم محکمۂ تعلیمات حیدرآباد دکن	۴۲۹
۶	سب رس منظوم	اڈیٹر	۴۹۹
۷	تبصرے	اڈیٹر و دیگر اصحاب	۵۰۵

مرثیہ شہادت حضرت عباس

(آج کل مرثیہ قصیدہ کے لگ بھگ ہو گیا ہے اور مرثیہ پن کم ہوتا جاتا ہے۔ہم فصیح کا ایک مرثیہ شایع کرتے ہیں اس کی سادگی۔روانی اور زور قابل داد ہے۔قدیم مرثیہ گو جنگ اور بین اور شجاعت وغیرہ کا زیادہ خیال رکھتے تھے اور جوش اور بکا و ماتم کا حق ادا کرتے تھے۔زبان کی سادگی سے درد و گداز اور بڑھ جاتا تھا۔میر انیس اور اُن کے ہم عصروں نے نئی نئی جدتیں پیدا کیں اور گھوڑے اور تلوار کی تعریف اور مناظر کا بیان اور اسی قسم کے اور مضامین اضافہ کئے۔یہ جدتیں بلا شبہ قابل تعریف ہیں۔مگر اب اس کی لے اس قدر بڑھی ہے کہ ساقی نامے تک داخل ہو گئے ہیں اور یہ اضافی مضامین مرثیہ کے رنگ پر غالب آتے جاتے ہیں اور مرثیہ کا اصل مقصد فوت ہوتا جاتا ہے اسی لئے ہم نے فصیح کا یہ مرثیہ جو اب تک غیر مطبوعہ ہے شایع کرنا مناسب خیال کیا۔اڈیٹر)

جب مشک بھر کر نہر سے عباس غازی گھر چلے
ایک جام کوثر بھر لیا اور خلد سے حیدر چلے
ساتھ اُن کے پیغمبر چلے حمزہ چلے جعفر چلے
میداں میں رستہ روکنے کفار کے لشکر چلے
آئی گھٹا سی فوج کیں کالے علم کھولے ہوے
عباس پہونچے شہر سے تیغ دو دم کھولے ہوے

شامی جو تھے نامی وہاں نکلے وہ نعرے مار کر
کہنے لگے میدان میں عباس کو للکار کر
گر مرد ہے تو اے جواں گھبرا نجا ہتیار کر
تت کر کھڑا ہو سامنے شیروں سے آنکھیں چار کر

گر جنگ کا یارا نہیں ہتیار اپنے ڈال دے
ہم کو علم دے مشک دے تلوار دے اور ڈھال دے

ہم شام کے خیال ہیں ہم قوم کے سردار ہیں
سفاک ہیں قتال ہیں خونریز ہیں خونخوار ہیں
ہم سور ہیں ابطال ہیں ساونت ہیں جرار ہیں
ہم نام کو ہیں پہلواں ہم زال بہمن وار ہیں

جس جا تڑے جنگاہ میں پھر ایک قدم ہٹتے نہیں
گر ہو زمیں کو زلزلہ ہیں کوہ ہم ہٹتے نہیں

ہر ایک صاحب قلعہ ہے ہر ایک صاحب قصر ہے
ہر ایک فریدوں دھر ہے ہر ایک وحید عصر ہے
ہر ایک ہے چنگیز خاں ہر ایک بخت النصر ہے
پکڑے جلو ہر ایک کے اقبال و فتح و نصر ہے

ڈرتے نہیں ہم شیر سے دبتے نہیں ہم فیل سے
کرتے ہیں کشتی دیو سے لڑتے ہیں عزرائیل سے

عباس نے جس دم سنی لات و گزات اہل کیں
گونجا بسان شیر نر میداں میں وہ ضرغام دیں
گرجا یکایک رعد سا تھرا گئے چرخ و زمیں
کوندی جو برق خونفشاں گھبرا گئے شامی لعیں

ایک حیدری نعرا کیا اس شور سے اس زور سے
گھوڑے بھگاے چار سو بھاگے ستمگر چور سے

تکر رجز پڑھنے لگا غازی بآواز جلی
میں ہوں دلاور صف شکن فرزند مولانا علی

ہے ابن عبدالمطلب دادا ابو طالب ولی
تلوار میری باپ سے ہے عمر عنتر سے چلی

میں ابن خیبر گیر ہوں میں حیدری شمشیر ہوں
میں جعفری تصویر ہوں میں یاور شبیر ہوں

میداں میں میرے سامنے گر شیر ہے روباہ ہے
آگے میری تلوار کے گر کوہ ہو وہ کاہ ہے

نصر من اللہ ساتھ ہے فتح مبیں ہمراہ ہے
ماہ بنی ہاشم ہوں میں خورشید میرا شاہ ہے

بالفرض لشکر شام کا کالی گھٹا یا میغ ہے
نیزہ ہے میرا صاعقہ برق درخشاں تیغ ہے

واقف ہو تم اے اہل کیں میں کون ہوں عباس ہوں
مرنے کا اندیشہ نہیں لڑنے میں بیوسواس ہوں

دنیا سے کوسوں دور ہوں خلد بریں کے پاس ہوں
تندی میں میں فولاد ہوں سختی میں میں الماس ہوں

گر شیر کو للکار دوں ہیبت سے ڈر کر گر پڑے
گر فیل پر حملہ کروں دہشت سے مر کر گر پڑے

ہو غرق آہن کس لئے خود وزرہ سب بار ہے
چار آئینہ باندھے ہو کیوں ہر آئینہ بیکار ہے

جس دم چلا نیزہ میرا سمجھو زرہ کے پار ہے
چار آئینہ صابون ہے شمشیر براں تار ہے

اس دم نظر آتے نہیں پوشیدہ ہیں سر خود میں
ایک وار میں تم دیکھنا تن پر نہیں ہیں گود میں

یہ کہہ کے سر گرم وغا فرزند شیر حق ہوا
جب تیغ ماری فرق پر سینہ زمیں کا شق ہوا
دست مبارک خوں میں تر پنجہ سے تا مرفق ہوا
غازی کی صولت دیکھہ کر چہرا عمر کا فق ہوا

گردوں سے آتی ہے صدا احسنت ابن مرتضیٰ
اے مرد میدان وغا ساونت ابن مرتضیٰ

جو مرد تھے مارے گئے نامرد بھاگے بوالہوس
تھا ابن حیدر جوش میں بجلی سا پھرتا تھا فرس
کشتے پڑے تھے راس و چپ زخمی پڑے تھے پیش و پس
کہتے تھے شامی الاماں کوفی صدا دیتے تھے بس

اے ابن شاہ لافتیٰ یہ تیغ ہے یا برق ہے
جاری ہے ان میں سیل خوں صحرا لہو میں غرق ہے

تب ابن سعد بے حیا یوں شمر سے کہنے لگا
اے شمر مشکیزہ لئے جاتا ہے ابن مرتضیٰ
تو خلعت و زر پائے گا سر کاٹ لا عباس کا
گر سر نہ لا سکتا ہو تو مشکیزہ اُس سے چھین لا

کچھہ فکر کر یا مکر کر تدبیر کر تزویر کر
سر کاٹ لے یا مشک لے تقریر یا شمشیر کر

سن کر یہ فرمان عمر لی باگ اوس ناپاک نے
ہمراہ اوس نامرد کے دو الف تیر انداز تھے
غازی کے آکر سامنے ظالم پکارا دور سے
کیا خوب تو اس دم لڑا عباس رحمت ہے تجھے
سردار اپنی فوج کا تیری ثنا خوانی میں ہے
شہرہ تیری تلوار کا افواج سلطانی میں ہے

تو ہے سپاہی من چلا تو ہے دلاور بے بدل
ہے قدر داں تیرا عمر اس دم تو اس کے پاس چل

خلعت پہن جاگیر لے موقوت کر جنگ و جدل
ضامن ہوں میں اس قول میں ہرگز نہ آوے گا خلل

گر تو عمر سے مل گیا منصب بھی ہے جاگیر بھی
تیری سفارش کے سبب بچ جاے گا شبیر بھی

عباس نے ہنس کر کہا اے شمر تو عاقل نہیں
کیا دوں جواب اس بات کا تو بات کے قابل نہیں

میں طالب دولت نہیں دل مال پر مایل نہیں
دنیا کے عز و جاہ سے واللہ کچھہ حاصل نہیں

منصب شہادت ہے میرا خلد بریں جاگیر ہے
خلعت ہے یہ خونی کفن اور قدر داں شبیر ہے

لیکن جو یہ تو نے کہا گر تم چلو نزد عمر
بچ جاے گا تلوار سے اعدا کے شاہ بحر و بر

یہ بھی غلط ہے جھوت ہے واقف نہیں ہے تو مگر
بلوا کے ابن سعد کو شہ نے کہا اے بے خبر

واللہ تو پچھتاے گا مت مار مجکو اے عمر
جز لعن کیا ہاتھہ آے گا مت مار مجکو اے عمر

مانا نہ حضرت کا سخن میری سنے گا بات کب
اے شمر مل جانا تو کیا بچ جاے گر شاہ عرب

خط غلامی لکھہ کے دوں خدمت کروں میں روز و شب
جب کام اوسے در پیش ہو حاضر ہوں آکر بے طلب

میدان میں گر جنگ ہو جتنے کہے سر کاٹ دوں
گر ہو لڑائی کوٹ کی لاشوں سے خندق پاٹ دوں

یہ سن کے شمر بے حیا بولا نہیں چلتے اگر
اس مشک کا منہ کھول کر پانی بہا دو خاک پر
پینا نہیں جایز تمہیں یہ آب ہے ملک عمر
عباس نے اوس دم کہا اے بے حیا اے بے خبر

صحرا میں ہو یا کوہ میں جنگل میں ہو یا شہر میں
جو نہر ہے آفاق میں ہے فاطمہ کے مہر میں

جب تک نہ خوں میرا بہے یہ آب بہنے کا نہیں
ہے جب تلک نتھنوں میں دم یہ ننگ سہنے کا نہیں
اس بات کا مت نام لے یہ حرف کہنے کا نہیں
ہوشیار ہو آئی اجل جیتا تو رہنے کا نہیں

ہے ہاتھ میں تیرے سپر ہاں وار میرا روک تو
خا را میں بھی رکتی نہیں میرے علم کی نوک تو

یہ کہہ کے ایک نعرا کیا اور باگ لے رہوار کی
تیروں کا مینھ پڑنے لگا صف جم گئی کفار کی
غربال سینہ کر دیا مہلت نہ دی تلوار کی
تصویر خوں میں بھر گئی شہ کے علم بردار کی

پانی بہا جب مشک سے بس جنگ سے دل رک گیا
قربہ مشبک ہوگیا قربوس پر سر جھک گیا

زخمی کو غش آنے لگا جھونکے علم کھانے لگا
خون جگر پینے لگا تیغ دو دم کھانے لگا
نیزے سپاہ شام کے شیر عجم کھانے لگا
یاد آئی شہ کی تشنگی غمخوار غم کھانے لگا

تلوار جب چلنے لگی ہر ایک بازو کٹ گیا
ایک گرز نوفل کا پڑا فرق مبارک پھٹ گیا

اوس دم گرا رهوار سے تیورا کے وہ ضرغام دیں
مشک و علم لے کر چلا سوے عمر شمر لعیں

آئی صدا میدان سے اے سبط ختم المرسلیں
بھای تیرا مارا گیا تجکو خبر ھے یا نہیں

اکبر کو دے اپنا علم ظالم کو لے جانے نہ دے
مشک و علم وہ لے چلا ھاں باگ لے جانے نہ دے

سن کر یہ ھاتف کی صدا پہونچے شہ کون و مکاں
وہ ذوالفقار حیدری بجلی سی کوندی ناگہاں

نعرہ کیا شبیر نے ظالم تو جاتا ھے کہاں
بھاگا ستمگر پھینک کر میدان میں مشک و نشاں

دیکھا جو حضرت نے علم دریا بہاے اشک کے
چوما نشان احمدی بوسے لئے اوس مشک کے

پرچم کے نیچے باندہ دی پھر شہ نے مشک خونچکاں
اکبر سے رو رو کر کہا پیارے اوٹھا لے تو نشاں

روکر بہم گھر کو ھوے مشک و علم لے کر رواں
تھی در پہ خیمہ کے کھڑی پیاسی سکینہ نیم جاں

تارا سا چمکا دور سے پرچم طلائی دھوپ میں
خوش ھوکے دوڑی تشنہ لب سائے سے آئی دھوپ میں

ھنس کر پکاری اے پھپھی آے چچا آے چچا
لو مشک بھر لاے میری آے چچا آے چچا

کیسی ھوئی دل کو خوشی آے چچا آے چچا
کہہ دو نہ روویں اب چچی آے چچا آے چچا

دیکھو ادھر کو رخ کیا عباس عالی جاہ نے
جو منہ سے چچی کے سرخرو مجکو کیا اللہ نے

کیسی خجالت تھی مجھے آثار تھے سب یاس کے
روتی تھی مارے شرم کے مرتی تھی مارے پیاس کے
اللہ نے کیا سن لیا رونے کو مجھہ بے آس کے
مشکیزہ لاتے ہیں میرا قربان میں عباس کے

نام خدا میدان سے زندہ پھرے سالم پھرے
لوگو مبارک باد دو ماہ بنی ہاشم پھرے

آو کہ آپہونچے چچا دیکھو وہ آتا ہے علم
پانی سے مشکیزہ بھرا لاتے ہیں اے اہل حرم
اب شکر کے سجدے کرو پیویں گے آب سرد ہم
اصغر کو لے آو ادھر تم کو پیمبر کی قسم

پہلے سبھوں سے چاہئے سیراب اصغر جان ہو
پھر بعد اصغر کے پئے جو بچہ نادان ہو

باقر کو پانی دیجیو پھر بھائی عبداللہ کو
پھر دختر مسلم جو ہے بہنیا رقیہ اوس کو دو
فرزند پھر عباس کا بھای میرا سیراب ہو
اِس وقت میں پیاسی نہیں مجکو نہ دینا بی بیو

مارے خوشی کے بھوک بھی جاتی رہی اور پیاس بھی
تم سب پئو بابا پئیں اکبر پیئں عباس بھی
اماں پئیں پھوپھیاں پئیں چچیاں پئیں بہنا پئیں
میں بھولی پہلے بی بیو عابد میرے بھیا پئیں

پہلے پلالینا اونہیں صرفہ نہیں جتنا پئیں
ٹھنڈا جگر ہوجاے گا پانی اگر ٹھنڈا پئیں

لازم ہے آب سرد سے اپنی بجھاکر پیاس کو
قبلہ کی جانب منہہ کرو سب دو دعا عباس کو

احسان ہے عباس کا کسوقت میں پانی دیا
مرتا تھا مارے پیاس کے پانی ملا اصغر جیا

تھے کیسے پپڑاے ہوے لب ہاے شاہ اولیا
عابد کا تھا ہونٹوں پہ دم عباس نے زندہ کیا

قربان میں عباس کے آتے ہیں گھر کس شان سے
جنت کی آتی ہے ہوا اس قتل کے میدان سے

پانی لے آیا نہر سے غازی کا زہرا دیکھنا
کیسا چمکتا ہے پڑا پرچم سنہرا دیکھنا

لہرا رہا ہے باد سے سرپر پھریرا دیکھنا
ہردم کہے گا آفریں فرزند زہرا دیکھنا

صاحب نصیب اے بی بیو ام البنی کا لال ہے
کیا دبدبہ کیا طنطنہ کیا جاہ کیا اقبال ہے

یہ مژدہ سن کر بی بیاں خوش ہوگئیں سجدے کئے
بچے چلے در کی طرف ہاتوں میں کوزے لے لئے

دوڑے حرم کہتے ہوے صد شکر اب بچے جئے
پھر کھول دے آنکھیں ابھی پانی اگر اصغر پئے

صدقے علم بردار کے مردوں کو زندہ کردیا
اس دھوپ میں اس پیاس میں پانی ہمیں لاکر دیا

تھے منتظر اہل حرم نزدیک پہونچے شاہ دیں
نعرہ کیا ایک درد سے روے بہ آواز حزیں

گھبرا گئے وہ تشنہ لب سب ہوگئے اندوہ گیں
روکر پکارے دور سے یاسبط ختم المرسلیں

عباس غازی کیا ہوے اکبر علم کیوں لائے ہیں
ہے ہے غضب کیا ہوگیا کیوں آپ روتے آے ہیں

ہے ہے علم کیوں سرخ ہے پٹکا لہو سے لال ہے
ہے ہے پھرہرا کیوں پھٹا پرچم کا کیسا حال ہے
ہے ہے یہ مشک خوں چکاں تیروں سے کیوں غربال ہے
ہے ہے کہاں صاحب نشاں ام البنی کا لال ہے

ہے ہے بہادر کیا ہوا ہے ہے دلاور کیا ہوا
حیدر کا دلبر کیا ہوا حضرت کا یاور کیا ہوا

حضرت نے رو رو کر کہا شیر وغا مارا گیا
بازو میرا یاور میرا بھائی میرا مارا گیا
فرزند شاہ لافتیٰ صاحب لوا مارا گیا
عباس غازی صف شکن تنہا لڑا مارا گیا

میرے علم بردار کا میدان میں سرکت گیا
میری کمر خم ہوگئی میرا کلیجہ پھٹ گیا

گم ہوگیا ہمدم میرا میں ڈھونڈھنے کو جاوں گا
جیتا ہوا پایا اگر گھر تک اُسے پہونچاوں گا
لاشہ اگر آیا نظر توبھی اوٹھاکر لاوں گا
جب تک نہ دیکھوں گا اوسے تم کو نہ منہ دکھلاوں گا

غمخوار میرا مر گیا غم کھانے کو زندہ ہوں میں
بھاوج میری بیوہ ہوئی آج اُس سے شرمندہ ہوں میں

یہ کہہ کے شاہ بے کساں در سے پھرے کرتے فغاں
اکبر نے جو دیکھا چلے میداں کو شاہ انس و جاں
سونپا پھوپھی کو وہ علم پیچھے ہوا شہ کے رواں
زینب نے صحن خیمہ میں لے جاکے گاڑا وہ نشاں

روکر پکاری بی بیو عباس کا ماتم کرو
زیر علم سب جمع ہو عباس کا ماتم کرو

بھاوج کا سر گوندھا ہوا کھولا کہا لے خاک ڈال
تو رانڈ بیوہ ہوگئی اقبال کو آیا زوال

اب پھوڑ اپنی چوڑیاں اور ناک میں سے نتھہ نکال
چادر سفید ایک اوڑہ لے اور کر پریشاں سر کے بال

نیچے علم کے بیٹھہ جا منہ ڈھانپ شوہر مر گیا
ام البنی کا لاڈلا فرزند حیدر مر گیا

پھر لائی ننھا سا پسر عباس کا زینب وہاں
زلفیں لٹکتی دوش پر پہنے گلے میں ھنسلیاں

زیر علم بٹھلا دیا رو رو کے با آہ و فغاں
ٹوپی اُتاری اور کہا تو ہے یتیم اے خستہ جاں

چہرے پر اپنے خاک مل زیر علم فریاد کر
تیرا پدر مارا گیا بابا کو اپنے یاد کر

لائی سکینہ کو وہاں پھر دختر خیرالنسا
سکتے کے عالم میں وہ تھی آنکھوں میں ایک آنسو نتھا

اُس کا گریباں پھاڑ کر بولی چچا مارا گیا
فریاد کر ہے ہے چچا ہے ہے چچا ہے ہے چچا

دل کھول کر رو اے بچی چپکی نہ رہ مر جاے گی
ماتم کا یہ سامان ہے اب لاش عم کی آے گی

دیکھا جو یہ سامان غم رونے لگے اہل حرم
تھیں حلقہ باندھے بی بیاں تھا بیچ میں برپا علم

اُس نخل ماتم کے تلے روتے تھے اہل درد و غم
کہتے تھے لاشہ شیر کا آتا ہے اب ہے ہے ستم

اس ننھے سے معصوم پر کیسی مصیبت آگئی
اس پھول سے رخسار پر گرد یتیمی چھا گئی

اس وقت زینب نوحہ کر سر پیٹ کر رونے لگی
شور و فغاں ہونے لگا سینہ زنی ہونے لگی

بچہ بھی رویا پھوٹ کر بیوہ بھی جی کھونے لگی
رو رو سکینہ تشنہ لب اشکوں سے منہ دھونے لگی

فریاد تھی مارا گیا عباس جان مرتضیٰ
ہے ہے جوان مرتضیٰ ہے ہے نشان مرتضیٰ

تھا ننھے ننھے ہاتوں سے سر پیٹتا ننھا پسر
کہتا تھا بابا مر گئے بیکس ہوے ہم بے پدر

اب کیا کریں بتّھیں کہاں کس سے کہیں جائیں کدھر
درد یتیمی دل میں ہے بیتّھے ہوے ہیں خاک پر

پردیس میں بیکس ہوے گھر دور دادی دور ہے
اب ٹھوکریں کھاویں گے ہم اماں بھی بے مقدور ہے

بالی سکینہ چوم کر منہ اُس بچے کا دم بدم
کہتی تھی اتنا مت کرو صدقے تمہارے ابن عم

بابا تمہارے آئیں گے دیدار پھر دیکھیں گے ہم
غازی کو ہیں لینے گئے اکبر بھی اور شاہ اُمم

در کی طرف تکتے رہو جب لاش حضرت لائیں گے
ہم تم گلے سے دوڑ کر عباس کے لگ جائیں گے

ہم تم ہمیشہ ساتھ ہیں ہم تم نہ ہو ویں گے جدا
مل کر ہمیشہ روئیں گے بتّھیں گے باہم ایک جا

تم کو جو مارے گا کوئی ہم آکے لیوینگے بچا
پہلے پلاویں گے تمہیں پانی اگر ہم کو ملا

ہم نے چچا کو کھو دیا اس غم سے دل میں درد ہے
چہرہ ہمارا دیکھ لو شرمندگی سے زرد ہے

اتنے میں نعرہ مارتے رن سے پھرے شاہ زماں
داخل ہوے سر پیٹتے خیمہ کے اندر ناگہاں

گھوڑے کو دوڑاے ہوے ہمراہ اکبر نوجواں
گھوڑا وہ زخمی خونچکاں زخموں سے پیہم خوں رواں

گھوڑے کی صورت دیکھہ کر دونا حرم کو غم ہوا
کس دھوم سے شیون ہوا کس جوش سے ماتم ہوا

کہتے تھے نعرہ مار کر عباس کا رھوار ھے
لے اے سکینہ پیار کر عباس کا رھوار ھے

اشکوں سے تر رخسار کر عباس کا رھوار ھے
لا کاہ و خور تیار کر عباس کا رھوار ھے

لے لے بلائیں دوڑ کر اس اسپ خوش رفتار کی
آئی سواری نہر سے ھے ھے علم بردار کی

آیا نظر شبیر کو ننھا سا بچہ ناگہاں
زیر علم سر پیٹتا زلفیں کھلیں آنسو رواں

تکمہ گریباں کا کھلا کرتا پھٹا کرتا فغاں
ھے ھے میرا بابا کہاں ھے ھے میرا آقا کہاں

میں کیا کروں کس سے کہوں بابا کو پاوں کس طرح
ڈھونڈھوں کدھر جاؤں کہاں بابا کو لاؤں کس طرح

نعرہ کیا شبیر نے کھائیں پچھاڑیں خاک پر
صدمہ ہوا غش آگیا سینہ کو کوٹا اس قدر

زینب نے گودی میں لیا اپنے شہ بے کس کا سر
کلثوم سہلانے لگی تلوے ہوا ٹکڑے جگر

بانو نے چلا کر کہا اھل عزا خاموش ہو
غش آگیا ھے شاہ کو لوگو ذرا خاموش ہو

یہ سن کے دوڑیں بی بیاں کہتی تھیں ھے ھے کیا ھوا
ھے ھے گلاب اس دم کہاں حضرت پہ کیا چھڑکیں بھلا

اے بی بیو پنکھے جھلو کچھہ تو لگے ٹھنڈی ھوا
بچے کو روتے دیکھہ کر شہ کا کلیجہ پھٹ گیا

بچے کو لے لو گود میں جلدی اٹھا ڈالو علم
دل میں قلق ھے شاہ کے لوگو چھپا ڈالو علم

جب آنکھہ کھولی شاہ نے زینب کے منہ پر کی نظر
لے کر بلائیں وہ بہن بولی کہ شاہ بحر و بر

تم صابروں کے شاہ ھو زھرا کے ھو لخت جگر
دل کو سنبھالو بھائی جاں بیتاب مت ھو اس قدر

روے اگر تم اس طرح ھم سب تو پھر مر جائیں گے
مرنا تھا جن کو مر گئے رونے سے کیا پھر آئیں گے

اُس دم اُٹھے باھر چلے خیمہ سے شاہ کربلا
بس اے فصیح خستہ جاں کر ختم غم کا ماجرا

کعبہ کے آگے ھاتھہ اُٹھا کر اپنے محسن کو دعا
نواب ضیغم جنگ کو یارب بحق مصطفا

توفیق دے تائید کر مشغول رکھہ خیرات میں
جتنی صفات خوب ھیں ھوں جمع اُس کی ذات میں

بس اے فصیح اب کر دعا کعبے کے آگے سر اٹھا
یا رب بحق مصطفیٰ یا رب بحق مرتضا

یا رب بحق فاطمہ یا رب بحق مجتبا
یا رب بحق عزت و شان امیر کربلا

مداح آل مصطفیٰ دنیا میں میں مشہور ھوں
محشر کے دن اس نام پر مبعوث ھوں محشور ھوں

سرسید مرحوم کا خط مولانا حالی مرحوم کے نام

(اردو کے پچھلے نمبر میں مکتوبات حالی پر تبصرہ کرتے وقت ہم نے مولانا کے ایک خط کا اقتباس دیا تھا جس میں مولانا نے سرسید کی اُس پرجوش قدر دانی کا ذکر کیا ہے جو مرحوم نے مسدس حالی کی اشاعت پر ظاہر فرمائی تھی۔ آج ہم اس خط کی نقل یہاں درج کرتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوگا کہ سرسید مرحوم کو مسدس کے مطالعہ سے کس قدر سچی خوشی ہوئی تھی۔ اڈیٹر)

جناب مخدوم و مکرم من۔

عنایت نامہ جات مع پانچ جلد مسدس پہونچے۔ جس وقت کتاب ہاتھہ میں آئی جب تک ختم نہ ہولی ہاتھہ سے نہ چھوٹی اور جب ختم ہوئی تو افسوس ہوا کہ کیوں ختم ہوگئی۔ اگر اس مسدس کی بدولت فن شاعری کی تاریخ جدید قرار دی جاوے تو بالکل بجا ہے۔ کس صفائی اور خوبی اور روانی سے یہ نظم تحریر ہوئی ہے بیان سے باہر ہے تعجب ہوتا ہے کہ ایک ایسا واقعی مضمون جو مبالغہ۔ جھوٹ۔ تشبیہات دور از کار سے جو مایہ ناز شعرا و شاعری ہے بالکل مبرا ہے کیوں کر ایسی خوبی اور خوش بیانی اور موثر طریقہ پر بیان ہوا ہے —

متعدد بند اس میں ایسے ہیں جو بے چشم نم پڑھے نہیں جاسکتے۔ حق ہے جو دل سے نکلتی ہے دل میں اثر کرتی ہے۔ نثر بھی نہایت عمدہ اور نئے ڈھنگ کی ہے۔ پرانی شاعری کا خاکہ نہایت لطف سے اڑایا ہے یا ادا کیا ہے۔ میری نسبت جو اشارہ اس نثر میں ہے اُس کا شکر کرتا ہوں اور آپ کی محبت کا اثر سمجھتا ہوں۔ اگر پرانی شاعری کی کچھہ بو اس میں پائی جاتی ہے تو صرف

اُنہی الفاظ میں ہے جن میں میری طرف اشارہ ہے۔ بیشک میں اس کا محرک ہوا اور اس کو میں اپنے اعمال حسنہ میں سے سمجھتا ہوں کہ جب خدا پوچھے گا کہ "تو کیا لایا" میں کہوں گا کہ حالی سے مسدس لکھوا لایا ہوں اور کچھہ نہیں۔ خدا آپ کو جزاے خیر دے اور قوم کو اس سے فائدہ بخشے۔ مسجدوں کے اماموں کو چاہئے کہ نمازوں میں اور خطبوں میں اِسی کے بند پڑھا کریں۔ آپ نے یہ نہیں ارقام فرمایا کہ کس قدر کتابیں چھپی ہیں اور کیا لاگت لگی ہے اور فی کتاب کیا قیمت مقرر کی ہے۔ نہایت جلد آپ ان جملہ امور سے مجھے مطلع فرمائے اور یہ بھی لکھئے کہ بعد تقسیم یا فروخت کس قدر کتابیں اب موجود ہیں۔

آپ کے اس خیال کا کہ حق تصنیف مدرسۃالعلوم کو دیا جاے اور رجسٹری کرا دی جاے میں دل سے شکر کرتا ہوں مگر میں نہیں چاہتا کہ اس مسدس کو جو قوم کے حال کا آئنہ یا اُن کے ماتم کا مرثیہ ہے کسی قید سے مقید کیا جاے۔ جس قدر چھپے اور جس قدر وہ مشہور ہو اور لڑکے ڈنڈوں پر گاتے پھریں اور رنڈیاں مجلسوں میں طبلہ سارنگی پر گاویں۔ قوال درگاہوں میں گاویں۔ حال لانے والے اس سچے حال پر حال لاویں اُسی قدر مجھکو زیادہ خوشی ہوگی۔ میرا دل تو یہ چاہتا ہے کہ دہلی میں ایک مجلس کروں جس میں تمام اشرات ہوں اور رنڈیاں نچواوں مگر وہ رنڈیاں بھی مسدس گاتی ہوں۔ میں اس کل مسدس کو تہذیب الاخلاق میں چھپواوں گا۔ میرے اُن استفسارات کا جواب جن پر نشان درج کر دیا ہے بہت جلد مرحمت ہو۔ والسلام۔

شملہ۔ پارک ہوٹل
۱۰۔ جون سنہ ۱۸۷۹ ع

خاکسار آپ کا احسان مند تابعدار
سید احمد

تلسی داس کی شاعری

از

(جناب مولوی وحیدالدین سلیم صاحب پروفیسر کلیۂ جامعۂ عثمانیہ)

تمہید

ہماری زبان اُردو کے تقریباً پچیس ہزار الفاظ قلمبند ہو چکے ہیں-ان میں نصف سے زیادہ یعنی چالیس ہزار کے قریب ایسے الفاظ ہیں جو یا تو ہندی ہیں یا ہندی کے ساتھہ غیر زبانوں کے الفاظ ملا کر بنائے گئے ہیں یہ ایک ایسا واقعہ ہے جس سے انکار نہیں ہو سکتا مگر ہندی اور اُردو زبانوں کا ادب الگ الگ ہے-ہندؤں کے ادب میں جو خوبیاں ہیں اُردو زبان اُن سے محروم رہی-سنسکرت زبان دنیا کی وسیع ترین زبانوں میں ہے اور اُس کا درجہ لاطینی-یونانی اور عربی سے کم نہیں ہے-یورپ کی زبانوں نے جو ترقی یافتہ کہلاتی ہیں لاطینی اور یونانی زبانوں کے ادب سے فائدہ اُٹھایا ہے کیونکہ لاطینی اور یونانی اُسی براعظم کی زبانیں تھیں جن میں یہ ترقی یافتہ زبانیں بولی جاتی ہیں-مگر ہماری زبان نے جس براعظم یعنی ایشیا میں نشو و نما حاصل کی اُس کی دو بڑی زبانوں یعنی عربی اور سنسکرت میں سے صرف عربی زبان کے ادب سے کچھہ فیض حاصل کیا ہے-سنسکرت کے ادب سے اُس نے کوئی فائدہ نہیں اُٹھایا-لاطینی اور یونانی کی طرح سنسکرت زبان بھی مرگئی یعنی کہیں بولی نہیں جاتی-مگر جو زبانیں اس سے مشتق ہوئیں

یعنی ہندی-مرہٹی-گجراتی-بنگالی وغیرہ اُن کے ادب کا اثر بھی اُردو زبان پر نہیں پڑا-حالانکہ اُردو کے رقبہ کے ساتھہ ان زبانوں کا رقبہ اتصال رکھتا ہے اور ان زبانوں کے بولنے والے اُردو بولنے والوں کے ساتھہ برابر ملتے جلتے اور آپس میں رسم و راہ رکھتے ہیں-اگر ان زبانوں کے ادب کا اثر ہماری زبان پر پڑتا تو اس میں ذرا شک نہیں اُردو زبان کو صحیح معنوں میں ملکی زبان ہونے کا فخر حاصل ہو جاتا اور ہندؤں کو مسلمانوں کی طرح اس زبان کے مالک ہونے کا یکساں حق ہوتا —

اردو زبان کی اس محرومی کے اسباب کچھہ ہی ہوں مگر بلا شبہ یہ محرومی بد قسمتی کی علامت ہے اس سے ہماری زبان کے ادب کو جو نقصان پہنچا وہ کچھہ کم نہیں ہے-انگریزی-فرانسیسی اور جرمنی زبانیں جو آج ترقی یافتہ زبانیں کہلاتی ہیں سب اپنی قریب کی زبانوں کے ادب سے مالا مال ہوئی ہیں اور اسی سبب سے ہر قسم کے خیالات ادا کرنے کی گنجایش رکھتی ہیں-ہم اس ملک میں رہتے ہیں اور ہندؤں کے ساتھہ ہمارا چولی دامن کا ساتھہ ہے صدیاں گزر گئی ہیں کہ ایک ہی آب و ہوا میں ہم دونوں کی پرورش ہوتی ہے اور ایک ہی زمین پر ہمارے مردے گاڑے جاتے یا جلاے جاتے ہیں اس ملک کا گوشہ گوشہ ہم دونوں قوموں کے تمدن کی علامتوں سے بھر پور ہے تاہم ایک دوسرے سے ہم بے خبر ہیں-ایک دوسرے کے خیالات سے بے پروا ہیں-ایک دوسرے کے جذبات سے نا بلد ہیں-نہیں جانتے کہ ہماری ہمسایہ قوموں نے علم و فن کے میدانوں میں کیا جولانیاں دکھائی ہیں-ہم کو اس بات کا مطلق علم نہیں ہے کہ ان قوموں کے ادب میں کیا خوبیاں ہیں اور شاعری اور انشا پردازی میں انہوں نے کس حد تک ترقی کی ہے-اگر آج ہماری زبان میں ہندؤں کے ادب کا عکس بھی نظر آتا تو پھر ممکن نہ تھا کہ ہندو قومیں ہماری زبان و ادب سے اور خود ہم سے نفرت کرتیں اور آج کل کے درد ناک ہنگامے

برپا ہوتے-مشترک زبان اور مشترک ادب ہی ایک ایسی چیز ہے جو اتحاد کا سب سے بڑا آلہ ہے-کاش ہمارے شعرا اور انشا پرداز اس غلطی کو محسوس کریں اور اس کی تلافی پر کمر باندھیں اور فیاضی اور رواداری کے ساتھ ایک مشترک ادب پیدا کرنے کی کوشش کریں—

ہندؤں نے جن زبانوں میں شاعری اور انشا پردازی کا کمال دکھایا ہے ان سب میں ہندی زبان ہم سے بہت قریب ہے-اس زبان میں بڑے بڑے با کمال شاعر ہو گزرے ہیں-ہندی گیت تو اکثر زبانوں پر ہیں جن کی شیرینی کو ہم بین طور پر محسوس کرتے ہیں مگر ہندی شاعری کا سایہ اب تک ہماری زبان پر نہیں پڑا ہے-ہندی دانوں کا فرض ہے کہ سب سے پہلے اس کمی کو پورا کریں اور ہندی شاعروں کے تخیلات سے اُردو زبان کو مالا مال کر دیں-چنانچہ ہم سب سے پہلے ہندی زبان کے نامور شاعر "تلسی داس" کے کلام پر ایک نظر ڈالتے ہیں-تلسی داس ایک زندہ جاوید شاعر ہے-اُس کا نام اور اُس کا کلام کبھی مر نہیں سکتا-اس نے راماین لکھ کر ہمیشہ کے لئے اپنے تخیل کی گونج ہندی ادب کی فضا میں پیدا کر دی ہے بچہ بچہ اُس کے نام سے واقف ہے راماین کی کتھا اس ملک کے گوشے گوشے میں نہایت شوق اور دل چسپی کے ساتھ سنی جاتی ہے اور سننے والے اُس کی شاعری پر وجد کرتے نظر آتے ہیں—

راماین

راماین سمت ۱۶۳۱ میں لکھی گئی "بال کانڈ" میں جو راماین کا سب سے پہلا باب ہے خود تلسی داس نے یہ تاریخ بتائی ہے-اس کتاب کی زبان ہندی زبان کی اُس شاخ سے تعلق رکھتی ہے جس کو اودھی زبان کہتے ہیں-اُس کے بابوں کی فہرست حسب ذیل ہے —

"بال کانڈ" اس میں رامچندر جی کی ولادت اور عالم طفولیت کا ذکر ہے رامچندر جی کی شادی کا نقشہ بھی اسی باب میں کھینچا ہے

"اجودھیا کانڈ" اس باب میں رامچندر جی کو بنو باس ملنے کا ذکر ھے-
آخر میں یہ ذکر بھی ھے کہ بھرت جی اپنے بھائی سے
ملنے اور اُن کو واپس لانے کے لئے جنگل میں پہنچے مگر
رامچندر جی نے اُن کو سمجھا کر واپس کر دیا—

"آرینہ کانڈ" آرینہ کے معنے جنگل کے ھیں-اس باب میں رامچندر جی
کے جنگلوں میں پھرنے اور بود و باش کرنے کا ذکر ھے
اسی میں سیتا جی کے ھرے جانے کا بیان آتا ھے—

"کسکندھا کانڈ" کسکندھا ایک پہاڑ کا نام ھے جو میسور کے شمال میں
ھے یہاں بندروں کا بادشاہ بالی رھتا تھا-اس باب میں
رامچندر جی کے اس مقام پر پہنچنے اور بندروں کے
کے بادشاہ سے ملنے کا ذکر ھے—

"سندر کانڈ" اس باب میں رامچندر جی بندروں کی فوج ساتھہ لیکر
لنکا کے مقابل سمندر کے کنارے پر پہنچ جاتے ھیں اور
ھنومان جی لنکا میں سیتا جی کو دیکھہ کر واپس
آتے ھیں—

"لنکا کانڈ" اس باب میں رامچندر جی سمندر سے پار ھو کر لنکا
میں پہنچ جاتے ھیں-راون سے جنگ ھوتی ھے اور وہ
مارا جاتا ھے—

"اُتر کانڈ" اس باب میں لنکا کی فتح کے بعد رامچندر جی کے واپس
ھونے اور اجودھیا میں پہنچنے اور تخت نشین ھونے کا
ذکر ھے—

ھر باب کے شروع میں تلسی داس نے اشلوک لکھے ھیں جن میں رامچندر جی
کی مدح و ستایش ھے پھر اشعار ھیں جن کو چوپائیاں کہتے ھیں-ان میں ان کی

سرگزشت بیان کی ھے اور اپنی شاعری کا کمال دکھا یا ھے چوپائیوں کی بحر چھوٹی اور نہایت دل کش ھے اور خاص لہجے میں گا کر پڑھی جاتی ھے-جس کو سن کر عام طور سے لوگ جھومنے لگتے ھیں-ھر شعر کے دونوں مصرعے ھم قافیہ ھیں اور ایک مصرع کے قافیوں کو دوسرے شعر کے قافیوں سے تعلق نہیں-گویا یہ ایک مثنوی ھے اور حقیقت میں یہی وہ صنف ھے جس میں لمبی لمبی داستانیں بیان کر سکتے ھیں-فارسی میں تمام قصے اسی شکل میں نظم کئے گئے ھیں-اس نظم کے درمیان کہیں کہیں دوھے آتے ھیں یہ بھی چھوٹی بحر میں ھیں-ان میں چار مصرعے ھیں قطعہ کی طرح صرف آخر کے مصرعوں میں قافیے ھیں-ان کے علاوہ کہیں کہیں لمبی بحر کے چھند بھی آتے جاتے ھیں یہ بھی چار مصرعے ھیں-ھر دو مصرعے مثنوی کے اشعار کی طرح ھم قافیہ ھیں—

شاعری کی رفتار اور اس کے غایت

(۱) تلسی داس جس زمانے میں تھے اس میں ھندی شاعری صنعتوں اور ندرتوں کا نمونہ تھی قدم قدم پر تلسی داس نے ان صنعتوں کو استعمال کیا ھے اور ثابت کیا ھے کہ ان کو ان صنعتوں کے استعمال پر پوری قدرت ھے-ان صنعتوں کا وھی لوگ لطف اُٹھا سکتے ھیں جو اصل متن کو ھندی زبان میں پڑھیں—

(۲) جب کسی بات کو وہ مثال کے پیرایہ میں بیان کرتا ھے تو ایک مثال پر قناعت نہیں کرتا-پے در پے کئی مثالیں لاتا ھے اور شاعرانہ استدلال سے اپنے دعوے کو ثابت کرتا ھے-فارسی میں صایب مثالیہ شاعری کا اُستاد خیال کیا جاتا ھے مگر اس کے کلام میں بھی ایک دعوے کے لئے کئی کئی مثالوں کی مثال نہیں ملتی—

(۳) تشبیہیں نہایت دل چسپ اور پاس کی چیزوں کی دیتا ھے جو لوگوں کی نظر کے سامنے ھیں یا ان کے خیال میں موجود ھیں-یہی حال استعاروں

کا ہے۔اکثر تشبیہیں اور اکثر استعارے نئے ہیں جن سے ہمارا ادب خالی ہے—

(۴) مبالغہ بھی اس کے کلام میں جا بجا ہے مگر جس طرح ہم مرثیوں کے مبالغوں کو مبالغے نہیں سمجھتے بلکہ حقیقت شاعرانہ سمجھتے ہیں اسی طرح راماین کے مبالغوں کو بھی مبالغے نہیں کہہ سکتے۔کیوں کہ ہندو مذہب کے ماننے والے ان تمام عجیب کارناموں کو جو رامچندر جی اور ہنومان جی سے ظہور میں آے بطور معجزات و کرامات کے صحیح جانتے ہیں اور شاعر کا فرض ہے کہ عوام کے اعتقادات کو اپنی شاعری کی بنیاد قرار دے اور ایسی تمام باتوں کو اس طرح بیان کرے جس طرح کہ وہ حقایق کو بیان کرتا ہے۔ورنہ جو لوگ اُس کی شاعری کے مخاطب ہیں اُن کے دلوں کو وہ تسخیر نہیں کرسکتا—

(۵) ہندو قوم میں جو عجیب اور دلچسپ قصے اُس زمانے میں مشہور تھے اُن کی طرف تلسی داس نے بے تکلف اشارے کئے ہیں اور اُن کو بطور تلمیح کے اپنی شاعری میں داخل کیا ہے۔یہ تمام تلمیحات ہندوادب کی جان ہیں—

(۶) بیچ بیچ میں رامچندرجی کی زبان سے ہندو فلسفہ کے مسایل بیان کراے ہیں۔یہی وہ تعلیم ہے جس پر ہندوقوم کی زندگی اور موت کا مدار ہے اور جس کی جھلک آج تک اِس قوم کے تخیلات و احساسات میں پائی جاتی ہے اور اگر سچ پوچھو تو تلسی داس کی شاعری کا مقصد انہیں اعلیٰ اور لطیف خیالات کا اظہار ہے—

۷) رام بھگتی ایک پرجوش جذبہ ہے جو تلسی داس کے سینے میں اُبل رہا ہے۔لفظ لفظ سے یہ جذبہ ٹپکتا ہے۔یہ شاعر اس جذبہ کے اظہار سے کبھی نہیں تھکتا۔ناوقف اور بے پروا سننے والے ممکن ہے کہ اس جذبہ کے پیہم اظہار سے اُکتاجائیں۔مگر اس شاعر کے دل کی آگ دھیمی نہیں ہوتی۔وہ اس شراب سے مست ہے۔وہ اس راگ سے بیخود ہے۔اُس کی رگ رگ سے یہ صدا نکلتی ہے۔ ممکن نہیں کہ جو چیز تلسی داس کے دل سے ٹکراکر نکلتی ہے اُس کا اثر

سامعین پر نہ ہو—

(۸) برہمنوں کی عظمت بھی شاعر کے دل میں بیحد ہے-اُس کو جو موقع اُن کی عظمت کے اظہار کا ملتا ہے اُس سے وہ کبھی غفلت نہیں کرتا- وہ بار بار اُن کی مخالفت سے لوگوں کو ڈراتا ہے-اُن کی بددعاؤں کو ایسے تیر بتاتا ہے جو نشانے سے کبھی خطا نہیں کرتے-اُن کی اطاعت کرنے اور اُن کی ہدایتوں پر چلنے کی ترغیب دیتا ہے—

(۹) وہ رامچندر جی-سیتا جی-لچھمن جی اور بھرت جی کی زندگی کو بطور اعلیٰ نمونہ کے لوگوں کے سامنے پیش کرتا ہے-سیتا جی کی زندگی عورتوں کے لئے شوہرپرستی کی اعلیٰ مثال ہے-لچھمن جی اور بھرت جی کی مثالیں بھائی پن کی حیثیت سے قابل تقلید ہیں-غرضکہ رامچندر جی کی سرگزشت کو تلسی داس نے ایسے پیرایہ میں پیش کیا ہے کہ اُس سے لوگوں کو زندگی کے اعلیٰ سبق حاصل ہوں-ان کے علاوہ اور بھی اشخاص داستاں ہیں جن کے اعمال کا اثر لوگوں کی زندگی پر پڑ سکتا ہے—

(۱۰) اگر شاعر کو کسی واقعہ کا معمولی علم ہو تو وہ اُس واقعہ کے وقت اور ماحول پر غور کرتا ہے اور وقت اور حال کے مطابق جو اجزا اُس واقعہ کے لئے ضروری ہوں اُن کو اپنے تخیل سے پورا کرتا ہے-اس سے واقعہ کی پوری تصویر آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے-اس کو شاعری کی زبان میں واقعہ نگاری کہتے ہیں-تلسی داس کو اس فن میں کمال حاصل ہے اور اسی ملکہ کی بدولت وہ جس واقعہ کی تصویر کھینچتا ہے وہ نظروں کے سامنے آجاتا ہے-ہمارے ہاں یہ کمال انیس کو حاصل ہے-جس طرح انیس نے معرکۂ کربلا کے ہر واقعہ کی تصویر اپنے تخیل سے کھینچی ہے اسی طرح تلسی داس نے راماین میں بہت سے واقعات کو قوت متخیلہ سے کام لیکر مکمل کر دکھایا ہے—

(۱۱) منظر نگاری کا تعلق خارجی شاعری سے ہے-اس میں بھی تلسی داس

کو پوری مہارت ہے۔اُس نے راماین میں ہندوستان کے اُن پہاڑوں۔دریاؤں۔ جھیلوں۔جنگلوں اور سبزہ زاروں کی ہوبہو تصویریں کھینچی ہیں جن سے رامچندرجی گزرے ہیں۔منظر نگاری میں بعض بعض موقعوں پر ایک خاص کمال تلسی داس نے اور دکھایا ہے اور وہ یہ ہے کہ کبھی تو اُس نے ایک قدرتی منظر کو کسی ایسے شاندار منظر سے تشبیہ دی ہے جو عالم انسانی سے تعلق رکھتا ہے اور کبھی عالم خارجی کو عالم باطنی سے تشبیہ دیکر دونوں کو منطبق کرنے کی کوشش کی ہے اور پڑھنے والوں کو اُس سے خاص لطف حاصل ہوتا ہے—

غرضکہ مجموعی طور سے تلسی داس کی شاعری شکل و صورت کے لحاظ سے نہایت خوشنما اور دلکش ہے وہ صنعتوں کے زیور سے آراستہ ہے۔مثالوں۔ تشبیہوں اور استعاروں سے لبریز ہے۔ہندو ادب کی تلمیحوں سے مالا مال ہے۔ ہندو فلسفہ کے اعلیٰ خیالات جو اس میں ظاہر کئے گئے ہیں اُن کی مدد سے انسان اپنی سطح سے بلند ہوکر عالم بالا میں پہونچ جاتا ہے۔رام پرستی کا جو پر جوش ولولہ اُس میں نمایاں کیا گیا ہے اُس سے پڑھنے والے اور سننے والے مست و سرشار ہوجاتے ہیں۔اُن کے دل رام چندر جی کے مقدس خاندان کے افراد کو آنکھوں کے سامنے چلتا پھرتا دیکھ کر ادب اور عظمت سے بھرپور ہوجاتے ہیں۔تلسی داس کے تخیل نے رامچندر جی کی سرگزشت کے جن واقعات اور جن مناظر کی تصویریں کھینچی ہیں اُن کے نظارہ سے مطالعہ کرنے والے خود بخود جھومنے لگتے ہیں—

اگرچہ تلسی داس کی راماین کا اصلی لطف وہی اُٹھا سکتے ہیں جو اس دلچسپ نظم کو ہندی زبان کی عینک لگا کر دیکھیں۔مگر ہم چاہتے ہیں کہ اُردو زبان میں تلسی داس کی شاعری کے چند نمونے اس مضمون کے ناظرین کو دکھائیں۔یقین ہے کہ اُنہیں بھی لطف آے گا۔جس طرح انگریزوں۔ فرانسیسیوں اور جرمانیوں نے دنیا کی زبانوں کے ادب اپنی زبانوں کے

سانچے میں ڈھال لئے ھیں-اسی طرح ھمارا فرض ھے کہ دنیا کی ھر قدیم وجدید زبان کے ادب کو اپنی زبان کا لباس پہنائیں اور اُسے اھل ملک کے مطالعہ کے لئے پیش کریں-ایسا کرنے سے ھماری زبان کا ادب دنیا کے بڑے بڑے انشا پردازوں اور شاعروں کے خیالات سے مالامال ھو جاے گا اور ارتقا کا درجہ حاصل کرے گا-ملک کی نوجوان نسلیں جو دنیا کی مختلف زبانوں کا مطالعہ کرنے میں مشغول ھیں اُن کی تعلیم کی غایت یہی ھونی چاھئے اور اُنھیں یہی مقصد ھمیشہ پیش نظر رکھنا چاھئے—

طنزیہ

تلسی داس نے راماین کے شروع میں رام چندر جی کی سرگزشت چھیڑنے سے پہلے اُن لوگوں کی خبر لی ھے جو حسد سے اُس کی شاعری پر نکتہ چینی کرتے ھیں-مگر متانت کا دامن کہیں ھاتھہ سے نہیں دیا-ذرا شاعر کے اس نادر اور دلفریب طنزیہ پر نظر ڈالو—

" میں حاسدوں اور بد اندیشوں کی بھی مدح و ثنا کرتا ھوں جو اپنا رخ پلٹ کر بھلائی کی جگہ برائی کرنے لگتے ھیں-جو دوسروں کی عزت برباد ھونے میں اپنا نفع سمجھتے ھیں-جو لوگوں کے گھروں کو اُجڑتا دیکھہ کر خوشی مناتے ھیں-جو کسی کا گاؤں آباد ھونے سے دل میں رنجید ھوتے ھیں-خدا کا نام لینے والوں کے لئے وہ ایسے ھیں-جیسے چاند کے لئے راھو (راھو چاند کی ایک منزل کا نام ھے-یہ ایک دیت تھا-جب سمندر کو متھنے سے آب حیات نکلا تو وشنو جی نے دیوتاؤں کو آب حیات پلایا-مگر دیتوں کو محروم رکھا-راھو دیوتاؤں میں چھپ کر بیٹھ گیا تھا-اُس نے بھی آب حیات پیا-مگر سورج اور چاند نے اُس کا راز کھول دیا اور وشنو جی نے اس کو سزا دی-اب راھو سورج اور چاند سے انتقام لینے کے لئے اُن کو دباتا ھے اور اسی حالت کو سورج گہن اور چاند گہن کہتے ھیں)

وہ لوگوں کے عیبوں کو ہزار آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔وہ دوسروں کا کام بگاڑنے کے لئے اس طرح مرنے پر تیار رہتے ہیں جس طرح گھی میں مکھی۔ اُن کا ملنا کیتو کے طلوع کی مانند سب کے لئے برا ہے۔(کیتو چاند کی نویں منزل ہے۔یہ ایک ستارا ہے اور اُس کا نکلنا منحوس خیال کیا جاتا ہے)۔ اس لئے اگر وہ کُم کرن کی طرح سوتے ہی رہیں۔تو بہتر ہے(کُم کرن لنکا کے حکمراں راون کا بھائی تھا جو چھہ مہینے سوتا اور ایک دن جاگتا تھا)۔ پالے اور اولے کی طرح وہ لوگوں کی کھیتیاں تباہ کرکے خود بھی فنا ہو جاتے ہیں۔میں اُن کو شیش جی سمجھہ کر اُن کی تعریف کرتا ہوں کہ جس طرح وہ ہزار منہ سے حمد الٰہی کرتے ہیں اسی طرح یہ ہزار منہ سے لوگوں کے عیب بیان کرتے ہیں (شیش سانپوں کا راجہ ہے جس کے ہزار سر ہیں اور جو پاتال یعنی تحت الثریٰ میں رہتا ہے)۔ میں اُن کو اندر دیوتا سمجھہ کر سلام کرتا ہوں کہ جس طرح وہ بجلی کا ہتیار بجر چلانا پسند کرتے ہیں اسی طرح یہ زبان کا ہتیار چلاتے رہتے ہیں۔میں دونوں ہاتھہ جوڑ کر اُن کے آگے سر جھکا تا ہوں۔مگر میری منت خوشامد سے وہ اپنی عادت نہ چھوڑیں گے۔جس طرح کوا اگر کھیر کھلا کر پالا جاے تو بھی وہ گوشت کھانا ترک نہیں کرتا۔

کنول اور جونکیں دونوں ایک ہی پانی میں جنم لیتے ہیں۔مگر دونوں اپنی اپنی صفت رکھتے ہیں۔سادھو یعنی نیک آدمی آب حیات۔چاند اور گنگا جی کی طرح لوگوں کے لئے راحت رساں ہیں۔مگر بد اندیش اور حاسد لوگ زہر۔آگ اور کرم ناشا ندی کی طرح سب کو دکھہ دینے والے ہیں (کرم ناشا ایک ندی کا نام ہے جس کے دیکھنے سے نیک اعمال برباد ہو جاتے ہیں)۔ بد اندیش لوگ اور سادھو برائیوں اور بھلائیوں کے نا پیدا کنار سمندر ہیں جن کی تھاہ نہیں ملتی۔خدا نے اس دنیا میں بھلائیاں اور برائیاں دونوں ملی جلی پیدا کی ہیں جن لوگوں کی فطرت نیک ہے وہ ہنس کی طرح دودھ کو پی جاتے

ہیں اور پانی کو چھوڑ دیتے ہیں (یہ ہنس کی خاصیت ہے)۔

صحبت نیک و بد

تلسی داس نے ایک مقام پر مثالیہ شاعری کا نمونہ دکھایا ہے اور نیک اور بد صحبت کا خاکہ اس طرح کھینچا ہے۔

"ہوا کی صحبت سے خاک آسمان پر چڑھ جاتی ہے اور پانی کی صحبت سے کیچڑ بنکر نیچے بیٹھ جاتی ہے۔شریفوں کے گھر کے پلے ہوے طوطے رام کا نام لیتے ہیں اور نالایقوں کے گھر کے پلے ہوے گالیاں دیتے ہیں۔دھواں لکڑی کی صحبت سے کلونس بن جاتا ہے اور تیل کی صحبت سے سیاہی بن جاتا ہے جس سے پران لکھے جاتے ہیں۔پھر وہ ہی دھواں (یہاں آبی بخارات مراد ہیں) پانی اور آگ سے مل کر بادل بن جاتا اور تمام دنیا کو زندگی بخشتا ہے۔پانی جو گھڑوں میں رکھا جاتا ہے پینے کے لایق ہوتا ہے مگر جب نالیوں میں بہتا ہے تو گندہ اور خراب ہو جاتا ہے۔ہوا پھولوں سے مل کر معطر ہوتی ہے مگر گندی چیزوں کی صحبت سے بدبودار ہوجاتی ہے۔زری کا لباس دولھا کے بدن پر خوشنما معلوم ہوتا ہے مگر مردے کے بدن پر کفن ہو جاتا ہے"۔

کام دیو کا حملہ مہادیو جی پر

کام دیو عشق کا دیوتا ہے جو یونانیوں کے دیوتا کیوپڈ سے مشابہ ہے۔اُس کی کمان اور تیر پھولوں سے آراستہ ہیں۔دیوتاؤں کے کہنے سے اُس نے مہادیو جی کو پاربتی کے ساتھ شادی کرنے کی ترغیب دلائی تھی مگر اُس کی اس حرکت سے ناراض ہو کر مہادیو جی نے اُس پر غضب کی نظر ڈالی اور اُس کو جلا کر خاک کر دیا۔تلسی داس نے کام دیو کے حملے کی تصویر اس طرح کھینچی ہے۔

"کام دیو پھولوں کی کمان لیکر اپنی فوج سمیت چلا۔ایمان کی فوج جس میں تجرد۔تصوف۔عبادت۔طہارت و پاکیزگی۔وتقویٰ و پرہیزگاری شامل ہیں اُس کے سامنے سے بھاگ نکلی۔بڑے بڑے صوفی۔سادھو۔عابد اور زاہد پہاڑوں کی

گپھاؤں میں جا دبکے۔دنیا میں کھل بلی مچ گئی۔تمام زندہ مخلوق ہوا و ہوس کی اُمنگوں میں بدمست ہو گئی۔درختوں کی ٹہنیوں کو دیکھہ کر گُدے جھکنے لگے۔ندیاں اُبل اُبل کر سمندر کی طرف چلیں۔جھیلیں اور تالاب جوش کھا کر ایک دوسرے سے ملنے کو دوڑے۔جانور اور پرند۔آسمان۔زمین اور ہوا کے تمام رہنے والے اپنا اپنا کام چھوڑ کر عیش و عشرت میں مشغول ہوگئے۔ چکوا چکوی نے رات اور دن کی تمیز چھوڑ دی۔دیو۔راکشش۔گندھرپ۔پربت۔ پشاچ۔بھوت اور بیتال کی حالت تو کیا بیان کی جاے۔کیوں کہ یہ تو سدا سے کام دیو کے چیلے ہیں (پشاچ اور بیتال خبیث روحیں ہیں اور یہ وہاں ہوتی ہیں جہاں مردے جلاے جاتے ہیں۔گندھرپ نیم دیوتا ہیں جو ناچتے گاتے رہتے ہیں)۔وہ لوگ جو تمام دنیا میں خدا کا جلوہ دیکھتے ہیں اب اُن کو ہر طرف عورت کا جلوہ نظر آنے لگا۔مردوں کو تمام چیزیں عورت کے روپ میں اور عورتوں کو تمام چیزیں مرد کے روپ میں دکھائی دینے لگیں۔غرض کہ دو گھڑی تک تمام دنیا میں یہی تماشا رہا۔یہاں تک کہ کام دیو مہادیو کے قریب پہنچا اُن کی عبادت میں محویت اور استقلال کو دیکھکر کام دیو لرز گیا۔اُس کو اپنی موت نظر آنے لگی مگر اُس نے کچھہ دل میں سوچ کر بسنت کا موسم پیدا کر دیا جس کے سبب درختوں میں نئے پھول نکل آے۔باغ اور تالاب خوبصورت نظر آنے لگے۔تمام فضا ایسی حسین ہو گئی کہ اُس کو دیکھکر لوگوں کے دلوں میں اُمنگیں اُٹھنے لگیں۔مردہ دلوں میں بھی جذبات جاگ اُٹھے۔صحرا کا حسن و جمال بیان میں نہیں آسکتا۔ہوا کی لہریں خوشبو کے بوجھہ سے مست ہوگئیں تالابوں میں کنول کھل گئے۔بھونروں کے جھنڈ کے جھنڈ گونجنے لگے۔خوبصورت ہنس۔کویلیں اور طوطے رسیلی آواز سے بولنے لگے۔اندر کی بہشت کی حوریں رقص کرنے لگیں۔کام دیو نے سب تدبیریں کیں مگر مہادیو جی نے سمادھی نہیں چھوڑی۔اُنہوں نے مراقبہ سے گردن نہیں اٹھائی اس پر کام دیو کو غصہ

آگیا وہ آم کی ایک موٹی سی ٹہنی دیکھہ کر اُس پر چڑہ گیا-پھولوں کی کمان ہاتھہ میں لی اور اُس کو کانوں تک کھینچ کر چلا چڑھایا اور پانچ تیر پے درپے چھوڑے جو مہادیو جی کے دل میں جاکر بیٹھے-سمادھی چھوٹ گئی-آنکھیں کھول کر چاروں طرف دیکھا-جب آم کے پتوں میں کام دیو نظر آیا تو اُن کو ایسا غصہ آیا کہ تینوں لوک کانپنے لگے-اُنھوں نے یکایک اپنی تیسری آنکھہ کھولی (جو پیشانی کے درمیان ہے) اور جلال کی نظر سے دیکھا-کام دیو جل کر راکھہ ہو گیا" —

بھگوان اپنے اصلی روپ میں

سویمبھو منو اور شت روپا (یعنی انسان اول اور اُس کی بیوی) کو جنھوں نے بھگوان کو اُس کے اصلی روپ میں دیکھنے کے لئے طویل زمانے تک عبادت کی تھی بھگوان جس شکل میں نظر آے اُس کا دلفریب عالم تلسی داس نے یوں دکھایا ہے —

" بدن کا رنگ نیلے کنول-نیلے جواہر اور نیلے بادل جیسا ہے-کروڑوں کام دیو اس حسین جسم کی رعنائی دیکھہ کر شرمندہ ہوتے ہیں-چہرہ موسم خزاں کے پورے چاند کے مانند ہے-رخسارے نہایت خوبصورت اور ٹھوڑی نہایت دلکش ہے-گردن شیر کے مانند ہے-ہونٹ سرخ ہیں-ناک اور دانت دلفریب ہیں-ہنسنا چاند کی کرنوں کو شرمندہ کرتا ہے-چتون ایسی ہے کہ بے اختیار دیکھنے کو جی چاہتا ہے بھویں کام دیو کی پھولوں کی کمان کو مات کرتی ہیں-ماتھے پر جو تلک ہے وہ بجلی کی طرح کوند رہا ہے-سر پر تاج ہے-گھونگر والے بال ہیں-گویا بھونروں کے جھنڈ ہیں-گلے میں مالا اور جواہرات کا ہار ہے-شیر جیسے کندھے ہیں-جن پر جنیو پڑا ہے بازو بھی نہایت خوشنما اور سڈول ہیں اور ہاتھی کی سونڈ کے مانند ہیں-کمر پر ترکش ہے اور ہاتھہ میں کمان ہے-زرد رنگ کا

چمکتا لباس ہے-جو بجلی کو شرماتا ہے-پیٹ پر تین خط ہیں-ناف ایسی دلربا ہے گویا جمنا کے پانی میں بھنور پڑ رہا ہے-پاؤں کنول کے پھول ہیں جن کے اندر انسانوں کے دل بھونرے کی طرح گردش کھا رہے ہیں-اس حسن کے سمندر کو دیکھ کر دونوں کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں-خوشی میں ایسے مگن ہوے کہ تن بدن کا ہوش نہیں رہا"—

رام کا عہد طفولیت

رام چندر جی کے عالم طفولیت کا نقشہ بھی تلسی داس نے نہایت دلفریب کھینچا ہے-جو حسب ذیل ہے۔۔

"رام کے بدن میں کروڑوں کام دیووں-کروڑوں کنول کے پھولوں اور نیلے بادلوں کا حسن جلوہ گر ہے-پاؤں ایسے ہیں جیسے لال کنول ہوں-پاؤں کے ناخن ایسے خوش نما ہیں گویا کنول کے پتوں پر موتی بکھیر دیے ہیں-لال تلووں میں بجر اور انکس کے نشان ہیں-کمر میں مگدنی پڑی ہے-پیٹ پر تین نشان ہیں-ناف گہری ہے-بازو بڑے بڑے اور زیوروں سے مزین ہیں-گلے میں جواہرات کا ہار ہے جس کے بیچ میں کہیں کہیں ہیرے جڑے ہیں-گلے میں سنکھ جیسے تین خط ہیں-ٹھوڑی نہایت خوبصورت اور دلربا ہے-چہرہ پر مدن دیوتا کام دیو کا دوسرا نام ہے) کا حسن ہے-سفید دانت لال لال ہونٹوں میں کیا ہی زیب دیتے ہیں-ناک اور تلک کا حسن تو بیان ہی میں نہیں آسکتا-دونوں کان اور دونوں گال کیا ہی سندر ہیں-توتلی زبان سے باتیں کرنا کیا ہی بھلا معلوم ہوتا ہے-دونوں آنکھیں دو نیلے کنول ہیں-بھویں ٹیڑھی ہیں-ماتھے کا زیور کیسا دلفریب ہے-سر کے بال چکنے-ٹیڑھے اور گنجان ہیں-جن کو ماں نے طرح طرح سے سنوارا ہے-چھٹونسی پہنے ہاتھوں کے بل زمین پر چلنا کیا ہی پیارا معلوم ہوتا ہے-شیش ناگ بھی اس حسن کو بیان نہیں کرسکتے"—

جنک پور کی عورتوں کی چہ میگوئیاں

جنک پور میں جو مہاراجہ جنک کا دارالحکومت ہے سیتا جی کی شادی کے لئے سویمبر کی رسم ہونے والی ہے۔راجا مہا راجہ اس رسم کے موقع پر جمع ہوے ہیں۔رام اور لچھمن بھی سیر کرتے یہاں آنکلے ہیں۔جب وہ بازار کی سیر کو جنک پور میں نکلے تو اُن کو دیکھہ کر وہاں کی عورتوں نے طرح طرح کی چہ میگوئیاں کیں۔اس کا بیان تلسی داس نے راماین میں اس طرح کیا ہے—

" عورتیں مکانوں کے جھروکوں سے رام کے سروپ کو دیکھتی ہیں اور کہتی ہیں کہ ان کا حسن و جمال تو کام دیو کو بھی لبھاتا ہے۔دیوتاؤں میں ایسا حسن کسی نے نہیں دیکھا۔کون سا دیوتا ہے جس کے حسن کو اِن کے حسن سے تشبیہ دے سکیں۔دونوں نوجوان ہیں۔سراپا حسن و جمال ہیں۔ایک سانولا ہے۔دوسرا گورا۔مگر دونوں کی خوبصورتی ایسی ہے کہ اگر کام دیو کو ان پر سے وارکر پھینک دیں تو بجا ہے۔کون ہے جو اِن کے روپ کو دیکھہ کر فریفتہ نہ ہوگا"—

" ایک کہتی ہے۔سکھیو! میں نے سنا ہے کہ یہ دونوں راجہ دسرت کے لڑکے ہیں۔کیسے خوبصورت ہنسوں کی جوڑی ہے۔انہوں نے اب سے پہلے لڑائی میں ایسے راکششوں کو مارا ہے جن پر کوئی غالب نہ آسکتا تھا (رام کی طرف اشارہ کرکے) یہ سانولے بدن اور کنول جیسی آنکھوں والا کوشلیا کا بیٹا ہے۔گورے رنگ والا جو کمان لگاے رام کے پیچھے پیچھے چل رہا ہے رام کا چھوٹا بھائی ہے۔اس کی ماں کا نام سومترا ہے۔یہ دونوں سویمبر کا تماشا دیکھنے آے ہیں"—

" بعض عورتیں رام کے حسن کو دیکھہ کر کہتی ہیں اگر جانکی (یعنی سیتا جی) کے لایق کوئی بر ہے تو یہ ہے۔اگر راجہ جنک اس کو دیکھہ لے تو

اپنی ضد کو چھوڑ کر جانکی کے ساتھہ اس کا بیاہ کردے گا "—

" ایک کہتی ہے کہ راجہ ان کو دیکھہ چکا ہے اور ان کی تعریف کرچکا ہے- مگر اے سکھی! راجہ اپنا پرن نہیں چھوڑیگا " —

" ایک کہتی ہے کہ اگر بھگوان کو بھلائی کرنی ہے تو جانکی کو یہ بر ضرور ملیگا- نہیں تو بڑی فکر کی بات ہے- اگر نصیب سے یہ سنجوگ ہونا ہے تو پھر اس رشتے کے سبب رام کبھی کبھی یہاں ضرور آیا کرینگے اور اُنہیں ہم بھی دیکھہ سکینگے- مگر یہ سنجوگ تب ہی ہو سکتا ہے کہ پہلے جنم کے کرم اچھے ہوں " —

" ایک اور عورت نے کہا سکھی! تونے سچ کہا- اس بیاہ سے ہم سب کا فایدہ ہے " —

" ایک بولی مگر مہادیو جی کی کمان بہت کڑی ہے اور یہ نازک بدن ہیں " —

" ایک بولی خوت تو یہ ہے کہ راجہ اپنے پرن کو چھوڑے گا یا نہیں- اگر چھوڑیگا تو پھر یہ ڈر ہے کہ جانکی ان کے گلے میں مالا ڈالیں گی یا نہیں- اگر راجہ پرن نہ چھوڑے تو پھر مہادیو جی کی کمان تو بہت سخت ہے- دیکھئے ان سے ٹوٹے یا نہ ٹوٹے " —

" ایک کہتی ہے کہ دیکھنے میں تو یہ چھوٹے اور نازک ہیں- مگر ان کے گن بڑے ہیں- کیا یہ شیوجی کی کمان توڑے بغیر رہینگے- یقین جانو کہ جس برہما نے جانکی کو ایسا خوبصورت بنایا ہے اُسی نے رام جیسا سانولے رنگ کا بر اُس کے لئے تجویز کیا ہے " —

تلسی داس لکھتے ہیں کہ راجہ جنک کے باغ میں سیتاجی اسلئے گئی ہیں کہ سویمبر کی رسم سے پہلے گوری ، یعنی پاربتی جی) کی پوجا کریں- رام لچھمن بھی اتفاق سے اس باغ میں جانکلے ہیں- سیتاجی کی ایک سہیلی نے رام لچھمن کو دیکھہ کر اُن سے کہا " میں نے ایک سانولے رنگ کا اور ایک گورے رنگ کا نوجوان دیکھا ہے-

دونوں کا حسن میں کس طرح بیان کروں جس نے (یعنی آنکھہ نے) دیکھا ھے وہ بولنے کی طاقت نہیں رکھتی اور جو بول سکتی ھے (یعنی زبان) اُس نے دیکھا نہیں"—

سچ یہ ھے کہ حسن و جمال کے بیان میں اس انداز بیان کی کوئی تعریف نہیں ھو سکتی—

لچھمن جی اور پرسرام کا دلچسپ مکالمہ

تلسی داس نے راماین میں لکھا ھے کہ جب سویمبر کی رسم ختم ھو چکی اور رامچندر جی شیو جی کی کمان کو توڑ چکے تو اس خبر کو سن کر پرسرام جی جنک پور میں پہنچے۔یہ شیو جی کے چھٹے اوتار ھیں اور رامچندر جی ساتویں اوتار ھیں۔دونوں ایک ھی زمانے میں تھے مگر پرسرام رامچندر جی کے اوتار ھونے سے بے صبر ھیں۔وہ ذات کے برھمن ھیں اور چھتریوں کے دشمن مشہور ھیں انھوں نے اکیس دفعہ چھتریوں کو قتل کیا اور ان سے زمین چھین کر برھمنوں کو دی۔شیو جی کی کمان ٹوٹنے کی خبر سن کر ان کو جلال آگیا۔کیوں کہ وہ چھتری یعنی رامچندر جی کے ھاتھہ سے ٹوٹی تھی۔اُنھوں نے جنک پور میں پہنچکر اپنے غصے کا اظہار کیا مگر لچھمن جی نے طنز آمیز گفتگو سے ان کی شیخی کرکری کر دی۔آخر میں پرسرام کو معلوم ھوا کہ رام درحقیقت اوتار ھیں۔اس پر انھوں نے معافی مانگی اور جنگل کو چل دئے۔اس واقعہ کو تلسی داس نے جس طرح اپنے تخیل سے پورا کیا ھے اور پورے واقعہ کی تصویر جس طرح نظر کے سامنے کھڑی کر دی ھے اُس کی تعریف نہیں ھو سکتی—

وہ لکھتے ھیں کہ "پرسرام بدن پر بھبوت ملے ھیں۔ماتھا چوڑا ھے اور اس پر تلک لگا ھے۔سر پر جٹا ھیں۔چہرے پر غصے کے سبب کچھہ سرخی ھے۔بھویں بل کھا رھی ھیں۔آنکھیں لال ھو رھی ھیں۔کندھے بیل کے کندھوں کی طرح اُبھرے ھوے ھیں۔چھاتی چوڑی اور بازو بڑے بڑے ھیں۔جنیو۔مالا اور

مرگ چھالا پہنے ہوے ہیں-سادھووں کا لباس ہے-کمر سے دو ترکش بندھے ہیں ہاتھہ میں کمان ہے-کندھے پر تبر ہے اور یہی ان کا خاص ہتیار ہے-اس جلسہ میں جو راجہ موجود تھے اُن کو دیکھکر خوف سے لرز گئے اور ان کو پرنام کرنے لگے-جنک جی نے بھی سر جھکا یا اور سیتا جی کو بلا کر پرنام کرا یا-پرسرام نے دعا دی اور سکھیاں سیتا جی کو لیکر چلی گئیں-بشوا متر نے بھی جو رامچندر جی کے گرو ہیں اور جو ان کے ساتھہ جنک پور آئے تھے پرسرام سے ملاقات کی اور دونوں بھائیوں کو ان کے قدموں پر جھکایا-بشوا متر نے بتایا کہ یہ دونوں بھائی راجہ جسرت کے بیٹے ہیں"—

پرسرام نے راجہ جنک سے پوچھا کہ یہ بھیڑ کیسی لگی ہے؟ راجہ نے سویمبر کا سارا حال بیان کیا-کمان کے دو ٹکڑے پرسرام نے زمین پر پڑے دیکھے-غصے سے کہا—

"ارے احمق راجا! یہ شیو جی کی کمان کس نے توڑی؟ مجھے وہ آدمی دکھا-ورنہ میں تیرے راج کو اُلٹ دوں گا"—

راجا نے خوف سے جواب نہیں دیا-سب سوچ میں پڑ گئے-سیتا جی دل میں خیال کرنے لگیں کہ بھگوان نے بنا کر بات بگاڑ دی سب کو خوف زدہ دیکھہ کر رام نے جواب دیا—

"مہادیو کی کمان توڑنے والا کوئی تمہارا ہی خادم ہو گا-آخر بات کیا ہے؟ مجھہ سے تو کہئے"—

پرسرام-"خادم تو وہ ہے جو خدمت کا کام کرے مگر جو شخص دشمنی کا کام کرے اُس سے تو لڑنا واجب ہے جس نے یہ شیو جی کی کمان توڑی وہ میرا دشمن ہے-اُس کو چاہئے کہ وہ اس مجلس سے الگ کھڑا ہو جاے ورنہ سب راجا مارے جائیں گے"—

لچھمن جی-(مسکرا کر) "میں نے لڑکپن میں بہت سی دھنکیاں توڑ

ڈالی تھیں مگر آپ نے اُس وقت غصے کا ایسا اظہار کبھی نہیں
کیا۔اِس کمان سے آپ کو ایسی کیا محبت ہے"۔۔۔

(لچھمن جی نے اپنے جواب میں ایک گذشتہ واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے۔
شارحین راماین نے بیان کیا ہے کہ پرسرام نے مختلف دیوتاؤں سے اُن کی
کمانیں لیکر جمع کر رکھی تھیں۔یہ دیکھہ کر زمین کو فکر ہوئی کہ اگر یہ
کمانیں اتفاق سے راکششوں کے ہاتھہ آجائیں تو پھر دیوتا اُن پر فتح نہ پا
سکیں گے اور دنیا اُن کے ظلم و ستم سے بھر جاے گی۔اُس نے اپنے دل کی بات
شیش جی سے بیان کی جو سانپوں کے راجہ ہیں اور اُن کے پھن پر زمین ٹھیری
ہوئی ہے۔شیش جی نے کہا تم ماں بن جاؤ اور میں تمہارا بچہ بن جاتا ہوں۔
ہم دونوں چل کر پرسرام کی کٹی پر ٹھیریں۔تم میری شوخیوں کا قصور پہلے
سے معاف کرا لینا اور میں موقع پا کر سب کمانوں کو توڑ ڈالوں گا۔یہ صلاح
کر کے زمین عورت کے روپ میں ایک بچہ گود میں لئے پرسرام کے پاس روتی ہوئی
پہنچی۔پرسرام کے پوچھنے پر اُس نے جواب دیا۔مہاراج! میرے پتی نے
مجھے گھر سے نکال دیا ہے اور میں رشی منیوں کا سہارا ڈھونڈتی پھر رہی ہوں۔
میرا یہ بچہ ذرا شریر ہے اس کی شوخیوں کے سبب کوئی رشی منی مجھے اپنے ہاں
ٹھیرنے نہیں دیتا۔اگر آپ میرے اس بچے کی شوخیوں کی کچھہ پروا نہ کریں
اور اس کا قصور معاف کر دیں اور مجھے اپنے ہاں ٹھیرنے کی اجازت دیں تو
میں آپ کی ہر طرح کی خدمت کروں گی۔پرسرام نے عورت کی بیکسی پر رحم
کھا کر اپنے ہاں ٹھیرنے کی اجازت دی اور دونوں وہاں رہنے لگے۔ایک دن
پرسرام اپنی کسی ضرورت سے باہر جنگل کو گئے تھے۔شیش جی نے موقع پا کر
سب کمانوں کو ایک ایک کر کے توڑ ڈالا۔پرسرام نے واپسی پر پوچھا کہ یہ
کمانیں کس نے توڑی ہیں۔عورت نے جواب دیا کہ مہاراج! میں پہلے ہی کہہ
چکی تھی کہ میرا یہ بچا بہت شریر ہے اور آپ اُس کی شوخیوں کو پہلے ہی

معاف کر چکے ھیں-پرسرام اس بات کو سن کر ھنس پڑے اور غصے کا اظہار نہیں کیا-اب شیش جی نے اپنے اصلی روپ میں ظاھر ھو کر کہا کہ ایک کمان شیو جی کی باقی رہ گئی ھے اُسے رامچندر جی توڑیں گے اور اُس وقت ھماری آپ کی باتیں ھوں گی-چوں کہ لچھمن جی شیش دیوتا کے مظہر ھیں اسی سے اُنھوں نے اس گزشتہ واقعہ کی طرف اشارہ کر کے یہ طنز آمیز جواب دیا)

پرسرام-"او راجا کے لڑکے! شاید موت تیرے سر پر سوار ھے کہ سنبھل کر بات نہیں کرتا-شیو جی کی کمان کو دھنکی بتاتا ھے"—

لچھمن جی-(ھنس کر) "ھمارے نزدیک تو سب کمانیں برابر ھیں-ایک پرانی کمان توڑنے میں کیا عیب ھے؟ رام نے نئی کمان سمجھکر اُسے ھاتھہ میں لیا تھا وہ ھاتھہ لگاتے ھی ٹوٹ گئی-اس میں رام پر کیا الزام ھے-آپ بے فائدہ غصے کا اظہار کرتے ھیں"—

پرسرام-(اپنے تبر کی طرف اشارہ کر کے) "ارے نادان! تو شاید میرے مزاج کو نہیں جانتا-میں تجھے بچہ سمجھہ کر نہیں مارتا-ارے بیوقوف! تو مجھے سادھو ھی جانتا ھے-میں بچپن سے برھم چاری (یعنی مجرد) رھا ھوں اور بہت ھی تند مزاج ھوں-دنیا جانتی ھے کہ میں چھتریوں کی قوم کا دشمن ھوں-میں نے کئی بار زمین چھتریوں سے خالی کر کے برھمنوں کو دے دی ھے-سہسراباھو کے بازو کاٹنے والے تبر کو دیکھہ جو میرے کندھے پر ھے (سہسراباھو ایک راجہ تھا جس کے ھزار بازو تھے-ایک دن وہ شکار کو گیا-پرسرام کے والد جمدگنی کی کُٹی پر پہنچا تو وہ بہت عزت سے پیش آیا مگر چلتے وقت وہ جمدگنی کی گاے چھین کر لے گیا-اُس وقت پرسرام نہ تھے جب واپس آے اور یہ حال معلوم ھوا تو اُنھوں نے سہسراباھو پر حملہ کر کے

اُس کے ہزار بازو کاٹ ڈالے اور اُس کو قتل کر دیا-اُس کے لڑکے موقع پا کر جمدگنی پر چڑہ آے اور اُنھوں نے جمدگنی کو مار ڈالا-پرسرام کو خبر ہوئی تو اُنھوں نے اُن سب لڑکوں کو قتل کیا اور چھتریوں کو نیست و نابود کرنے کی قسم کھائی) ذرا اپنے ماں باپ کا خیال کرکے دیکھہ کہ میرا یہ تبر بہت سے مغرور لوگوں کے غرور کو توڑ چکا ہے"—

لچھمن جی-(ہنس کر)"اپنے تئیں بہادر سمجھنے والے سادھو! مجھے بار بار اپنی کلہاڑی کیا دکھاتے ہو-یہاں کون ہے جو دھمکی کی انگلی دیکھہ کر مرجاے-آپ کو تیر کمان اور کلہاڑی سے مسلح دیکھہ کر میں نے بھی جوش کی باتیں کہدیں-میں آپ کو بھارگو جی کی نسل سے جان کر اور آپ کے بدن پر جنیو دیکھکر آپ کے غصے کی باتیں پی گیا ہوں-برھمنوں کے مارے میں بھی پاپ ہے اور اُن سے ہارنے میں بھی بدنامی ہے-اس لئے مارتے ہوے بھی تمہارے قدموں میں سر جھکانا پڑتا ہے-کروڑ بجر کے برابر تو یہ آپ کی باتیں ہی ہیں-پھر تیر کمان اور کلہاڑی پاس رکھنے سے کیا فایدہ ہے-خیر میں نے جو نا مناسب بات کہی ہو اُس کو معاف کر دیجئے"—

پرسرام-(غصے سے)"بشوامتر! یہ لڑکا بہت ہی تیڑھے مزاج کا ہے اور موت کے بس میں آیا ہوا ہے اور اپنے خاندان کو ملیا میت کرنے والا ہے-سورج بنسی خاندان کے روشن چہرہ پر یہ ایک داغ ہے-بہت نادان بہت بیباک اور گستاخ ہے-ابھی دم بھر میں یہ لقمۂ اجل ہوجاے گا-میں پکار کر کہتا ہوں کہ اس صورت میں مجھہ پر کوئی الزام نہ ہوگا-اگر اس کو بچانا چاہو تو اس

کو میری طاقت اور جلال سے آگاہ کرکے روک دو"—

لچھمن جی- "تمھارے ہوتے اور کون ہے جو تمھاری بڑائی بیان کرے گا- تم نے بار بار اپنے کارنامے اپنی زبان سے بیان کئے ہیں-اگر سیری نہ ہوئی ہو تو اور کچھہ بیان کر لو-غصے کو روک کر بے فائدہ تکلیف کیوں اٹھاتے ہو-تم بہادروں کا نام لینے والے اور بہادری کا دعویٰ کرنے والے ہو-گالی تمھارے منہ پر زیب نہیں دیتی-جو لوگ سورما ہوتے ہیں وہ لڑائی میں اپنا زور دکھاتے ہیں-زبان سے کبھی ظاہر نہیں کرتے-مگر جو لوگ ڈرپوک ہیں وہ بے شک طرح طرح کی باتیں بنایا کرتے ہیں-تم جو باتیں کرتے ہو اُن سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا تم میری موت کو کہیں سے پکڑ لائے ہو"—

پرسرام -(ہاتھہ میں تبر سنبھال کر اور گرج کر) "پرسرام پھر پکار کر کہتے ہیں کہ اب مجھے کوئی الزام نہ دے-یہ لڑکا بد زبانی کر رہا ہے اور اسی سے گردن مارنے کے لایق ہے-بچہ جان کر میں نے اسے بہت بچایا-مگر معلوم ہوا کہ یہ مرن ہار ہے"—

بشوا متر- "معاف کیجئے-سادھو بچوں کی باتوں کا برا نہیں مانا کرتے"—

پرسرام-(بشوا متر سے خطاب کرکے) "تم میرے غصے سے واقف ہو-میں تمھاری خاطر اسے بغیر مارے چھوڑتا ہوں-ورنہ اس کو تبر سے مار کر اپنے گرو کے قرضے سے ابھی سبکدوش ہو جاتا"—

لچھمن "تمھاری لیاقت سے کون واقف نہیں-ماں باپ کا قرض تو پہلے ہی اچھی طرح ادا کرچکے ہو-اب گرو کے قرضے کی فکر ہے اور تم اُس کو ہمارے ذمے ڈالنا چاہتے ہو-دن بھی بہت گزر چکے

ھیں اس کا سود بہت چڑہ گیا ھوگا-اگر تم کسی حساب جاننے
والے کو بلا لو تو میں ابھی تھیلی کھولکر دیدوں"—

(یہ اشارہ اس قصے کی طرف ھے کہ ایک دفعہ پرسرام کی والدہ رینوگا پانی بھرنے کے لئے گنگا کے کنارے گئی تھی-وھاں اُس نے چیتررتھہ کو دیکھا جو ایک گندھرپ تھا-اُس کے مردانہ حسن پر فریفتہ ھوگئی اور دیر تک اُسے دیکھتی رھی-پرسرام کے والد نے جس کا نام جمد گنی تھا اور جو رشی کا درجہ رکھتا تھا رینوگا کے دیر کرنے کا سبب اپنے کشف سے معلوم کرلیا-اپنے تینوں بیٹوں سے کہا کہ تم اپنی ماں کو مار ڈالو-دو بیٹوں نے انکار کیا-پرسرام نے باپ کے کہنے سے ماں کو بھی مار ڈالا اور دونوں بھائیوں کو بھی-جمد گنی نے خوش ھوکر پرسرام سے کہا کہ تو جو بر چاھے مجھہ سے مانگ سکتا ھے-اُس نے کہا میں چاھتا ھوں کہ آپ میری والدہ اور میرے بھائیوں کو دوبارہ زندہ کردیں اور اُنھیں یہ خبر نہ رھے کہ میں نے انھیں قتل کیا تھا-جمد گنی نے کہا خدا کی مرضی سے ایسا ھی ھوگا-چنانچہ رینوگا اور پرسرام کے دونوں بھائی پھر زندہ ھوگئے-گویا پرسرام نے باپ کا کہنا مان کر اُس کے قرض سے سبکدوشی حاصل کی اور ماں کو باپ سے دوبارہ زندہ کراکے ماں کے قرضے سے فراغت پائی)—

یہ سنکر پرسرام نے پھر تبر سنبھالا—

لچھمن-"تم مجھے بار بار اپنا تبر دکھاتے ھو مگر اے راجاؤں کے دشمن
میں تمھیں برھمن جان کر چھوڑتا ھوں تمھیں لڑائی میں
مقابلہ کرنے والے بہادر ابھی تک نہیں ملے-برھمن بس اپنے گھر
ھی میں بہادر ھوتے ھیں"—

سب لوگوں نے پکار کر کہا کہ یہ باتیں سراسر نامناسب ھیں—

رام- (لچھمن کو اشارہ سے منع کرکے) "پرسرام جی! اس بچے پر

مہربانی کرو بچوں کے منہ کو دودہ لگا ھے-اس لئے وہ سیدھے اور بھولے ھوتے ھیں-اگر بچہ آپ کے گن جانتا تو آپ کی برابری کیسے کرتا- بچہ اگر کوئی نامناسب حرکت کرتا ھے تو گرو اور ماں باپ کا دل خوش ھوتا ھے آپ اِس کو اپنا خادم جان کر مہربانی کریں"—

" پرسرام کچھہ ٹھنڈے ھوے ھی تھے کہ لچھمن جی پھر ھنس پڑے اور پرسرام کو پھر غصہ آگیا—

پرسرام-(رام سے خطاب کرکے) " اے رام-تیرا بھائی بڑا پاپی ھے-بدن گورا ھے-مگر دل سیاہ ھے-اس کے منہ کو دودہ نہیں لگا-بلکہ زھر لگا ھے-یہ اپنی فطرت ھی کے لحاظ سے ٹیڑھا ھے-تمہارے جیسا نہیں ھے اور ایسا کم عقل ھے کہ اُسے اپنی موت مجھہ میں نظرنہیں آتی"—

لچھمن-"سادھو غصہ نہ کرو-غصہ پاپ کی جڑ ھے-اس کے بس میں آکر انسان اکثر نا مناسب باتیں کر گزرتا ھے-میں تو آپ کا خادم ھوں-مجھہ پر غصہ کرنا چھوڑ دو-کمان تو ٹوٹ چکی ھے اب غصہ کرنے سے وہ جڑ نہیں سکتی-کھڑے کھڑے آپ کے پاوں دکھہ گئے ھوں گے-اب ذرا بیٹھہ جائیے اور اگر اس کمان سے ایسی ھی محبت ھے تو کسی کاریگر کو بلا کر اسے جڑوا لیجئے"—

راجہ جنک خاموش ھونے کا اشارہ کرتے ھیں-جلسے کے لوگ تھر تھر کانپتے ھیں-لچھمن جی کی بیباکانہ باتوں سے پرسرام کے تن بدن میں آگ سی لگ رھی ھے-مگر پھر کچھہ تحمل کرکے بولے :—

" اے رام! میں اسے تیرا بھائی جان کر چھوڑتا ھوں-اس کا بدن تو خوبصورت ھے مگر دل کھوٹا ھے-گویا سونے کے گھڑے میں کسی نے زھر

بھر دیا ھے"۔—

اُس بات پر لچھمن جی پھر ھنسے اور رام نے پھر اشارہ کیا اور ھاتھہ جوڑ کر بولے:۔—

" آپ اس لڑکے کی باتوں پر کان نہ دھریں۔لڑکے اور تتئے کا ایک ھی سبھاؤ ھے۔نیک آدمی دونوں پر کوئی الزام نہیں لگاتے۔ذرا یہ تو خیال کیجیے کہ اس نے آپ کا کام نہیں بگاڑا۔آپ کا قصور وار تو میں ھوں۔کمان کو تو میں نے توڑا ھے۔اب آپ جو کچھہ کریں مجھے اپنا داس سمجھہ کر کریں۔آپ کا غصہ جس علاج سے رفع ھو وھی علاج آپ کو کرنا چاھئے"۔—

پرسرام۔" میرا غصہ جاے تو کیوں کر جاے۔تمھارا بھائی غصے کی نظر سے مجھے اب بھی دیکھتا ھے۔اگر میں نے اُس کے گلے پر تبر نہ رکھا تو پھر میں نے غصہ کر کے کیا لیا۔میرے اس تبر کے کارنامے سن کر رانیوں کے حمل گر جاتے ھیں۔اس کے ھوتے میں ایک راجا کے بیٹے کو جیتا ھوا دیکھوں جو میرا دشمن ھے!! میرا ھاتھہ نہیں چلتا۔مگر غصے سے دل جلتا ھے۔شاید یہ تبر بھی جس نے راجاؤں کو ھلاک کیا ھے اب کُند ھو گیا ھے۔معلوم ھوتا ھے کہ آج بھگوان بھی مجھہ سے تیڑھے ھوگئے ھیں کہ ایسے طعنہ کی باتیں مجھے سننی پڑیں"۔—

لچھمن۔ (ھنس کر اور سر جھکا کر) " آپ تو مجسم مہربانی ھیں۔ باتیں جو آپ کرتے ھیں تو گویا منہ سے پھول جھڑتے ھیں مگر جب غصے سے آپ کا دل جلتا ھوگا تو پھر بھگوان ھی آپ کے جسم کو اس آگ سے بچاتے ھوں گے"۔—

پرسرام۔ (راجہ جنک سے خطاب کر کے) "اس لڑکے کو میرے سامنے سے ھٹا دو۔اس کی ھٹ نہیں جاتی۔اب یہ موت کے مونہہ میں جانا

ھی چاھتا ھے-یہ دیکھنے میں تو چھوٹا ھے مگر اصل میں بڑا
کھوٹا ھے"—

لچھمن - "سادھو! ذرا آپ اپنی ھی آنکھیں بند کر لیں تا کہ معلوم ھو
کہ آپ کے سامنے کوئی موجود نہیں ھے"—

پرسرام - (رام سے خطاب کر کے) "تم مہادیو کی کمان توڑ کر ھماری
تذلیل کر رھے ھو-معلوم ھوتا ھے کہ تمہارا یہ بھائی تمہاری
ھی صلاح سے ایسی باتیں کہتا ھے-اب تم مجھہ سے لڑائی کرو ورنہ
رام کہلانا چھوڑ دو-کیوں کہ رام تو میں ھی ھوں-اے شیو کے
دشمن! فریب کو چھوڑ کر جنگ پر تیار ھو جا ورنہ میں-تم
دونوں کو مار ڈالوں گا"—

رام - "سادھو غصے کو تھوک دو-آپ کے ھاتھہ میں تبر ھے-یہ میرا سر
حاضر ھے-جس تدبیر سے آپ کا غصہ جاے وہ ھی آپ کریں-مجھے
اپنا خادم جانو-آقا اور خادم میں لڑائی کیسی-آپ کا بھیس
دیکھکر لڑکے نے کچھہ کہہ دیا تھا سو اس کا بھی قصور نہیں-
تبر اور کمان دیکھکر اُسے بھی غصہ آگیا-نام جانکر اُس نے آپ کو
نہیں پہچانا-اپنی خاندانی فطرت کا لحاظ کر کے جواب دیتا رھا
اگر آپ سادھوؤں کی طرح آتے تو وہ آپ کے قدموں کی خاک
سر پر رکھتا-اب آپ اُسے انجان سمجھکر معاف کر دیں-برھمن کے
دل میں نرمی اور مہربانی ھونی چاھئے-آپ کی برابری کیسے
ھو سکتی ھے-کہاں قدم اور کہاں پیشانی-نام کے لحاظ سے آپ
ھی بڑے ھیں-ھم آپ سے سب طرح ھارے-اب ھمارے قصوروں
کو معاف کر دیجئے"—

پرسرام - "معلوم ھوتا ھے کہ تو بھی اپنے بھائی کی طرح ٹیڑھا ھے-مجھے

اب تک نرا برھمن ھی جانتا ھے-میرا مزاج تجھے معلوم نہیں-
اسی سبب سے برھمن کے بھلاوے میں میری بے عزتی کرتا ھے
کمان کو توڑ کر تو بہت مغرور ھو گیا ھے گویا تو نے ساری
دنیاکو فتح کر لیا ھے"—

رام- "سادھو! ذرا سوچکر بات کرو-تمہارا غصہ تو بہت بڑا ھے اور
ھماری خطا بہت چھوٹی ھے-پرانی کمان تھی-چھوتے ھی ٹوٹ
گئی-اس میں غرور کی کیا بات ھے-آخر ایسا بہادر دنیا میں
کونسا ھے جس سے ڈر کر ھم اپنا سر اُس کے سامنے جھکائیں-
دیوتاؤں اور راجاؤں میں سے چاھے کوئی ھمارے برابر طاقت
رکھتا ھو یا ھم سے زیادہ طاقتور ھو اگر لڑائی میں ھمیں
للکارے گا تو ھم اُس سے ضرور لڑیں گے-چاھے اس میں ھماری
موت ھی کیوں نہ ھو-کیوں کہ چھتری ھوکر جو شخص لڑائی
سے جی چرائے وہ اپنے خاندان کو بدنامی کا داغ لگاتا ھے-میں
کچھہ اپنے خاندان کی تعریف نہیں کرتا-ایک سرسری بات کہتا
ھوں کہ رگھو بنسی لڑائی میں موت سے کبھی نہیں ڈرتے"—

یہ سنکر پرسرام کو شبہہ ھوا کہ شاید رام اوتار ھیں-وشنو کی کمان جو
ھاتھہ میں تھی پیش کر کے کہا-وشنو بھگوان نے یہ کمان دیکر کہا تھا کہ جو
کوئی اس کمان کو کھینچ سکے اُس کو تم اوتار جاننا اور خود ریاضت کے لئے
جنگل کو چلے جانا-پس آپ ذرا اِس کمان کو تو کھینچیں تاکہ میرا شبہہ دور ھو-
رامچندر جی نے جونہی کمان ھاتھہ میں لی وہ خود بخود کھنچ گئی-یہ دیکھکر
پرسرام نے اپنی بیباکانہ گفتگو کی معافی چاھی اور عاجزی اور خوشامد کی
باتیں کر کے جنگل کو روانہ ھوگئے—

بسنت کا سماں اور اُس کی تشبیہ شاہی کیمپ سے

"چھتری جیسے چھائے ہوئے درخت-تنے ہوئے شامیانے ہیں-تار اور کیلے کے درخت-فوجی جھنڈے ہیں-درختوں کی شاخیں کمانیں ہیں اور پھول تیر ہیں-جو تناور درخت الگ تھلگ کھڑے ہیں وہ گویا جنگجو بہادر ہیں جنھوں نے کیمپ کے ایک طرف خیمے لگا رکھے ہیں-کوکلے جو گُنجارتے ہیں وہ گویا مست ہاتھی ہیں-گُلنگوں کا جھنڈ اونٹوں کا انبوہ ہے-چکور اور طوطے گویا گھوڑے ہیں-کبوتر اور ہنس خاص عربی گھوڑے ہیں-تیتر اور اوے پیدلوں کے گروہ ہیں-پہاڑوں کی چٹانیں رتھ ہیں-جھرنے جھرتے ہیں گویا نقارے بج رہے ہیں-پپیہے جو رت لگاتے ہیں گویا بھاٹ ہیں-جو کام دیو راجا کی خوبیاں گا کر سناتے ہیں-بھونرے جو گنجارتے ہیں یہ گویا شہنائیاں ہیں-مختلف ہوائیں قاصدوں اور ہرکاروں کا کام کر رہی ہیں-یہ سب گویا کام دیو کی فوج ہے جس نے سبز و شاداب جنگل میں چھاونی چھائی ہے"—

برسات کا سماں اور اُس کی تشبیہ عالم انسانی سے

"موروں کے جھنڈ بادلوں کو دیکھکر ناچتے ہیں گویا دنیا دار ہیں-جو رام بھکتوں کو دیکھکر خوش ہو رہے ہیں-بجلیاں چمک چمک کر بادلوں میں رہ جاتی ہیں جیسے منافق لوگ ایک حالت پر کبھی قایم نہیں رہتے-بادل زمین کے قریب آ آ کر برستے ہیں-جیسے شریف لوگ علم حاصل کرنے کے بعد فروتنی ظاہر کرتے ہیں-بوندوں کی چوٹ کو پہاڑ اس طرح سہتے ہیں جیسے نیک آدمی بدوں کی سخت کلامی کا تحمل کرتے ہیں-چھوٹی چھوٹی ندیاں اُبل اُبل کر چل رہی ہیں جیسے اوچھے آدمی تھوڑی سی دولت پا کر اپنے قابو میں نہیں رہتے-زمین پر گر کر پانی گدلا ہو گیا جیسے روح دنیا کے افکار میں مشغول ہو کر کثیف ہو جاتی ہے-پانی سمٹ سمٹ کر تالابوں اور جھیلوں میں جمع ہو رہا ہے جیسے نیک خیالات نیک آدمیوں کے دلوں میں خود بخود

آتے ھیں-ندیوں کا پانی سمندر میں جا کر گُم ھو جاتا ھے جیسے بھگوان کے بھگت عبادت میں فنا ھو کر اُس کی ذات میں محو ھو جاتے ھیں-گھاس کی کثرت سے زمین چھپ گئی جیسے پاکھنڈیوں کی بحث میں معقول باتیں چھپ جاتی ھیں- مینڈک چاروں طرف ٹرا رھے ھیں گویا علم کے طالب ھیں جو ویدوں کے پڑھنے میں مشغول ھیں-درختوں میں رفتہ رفتہ نئے پتے نکل رھے ھیں جیسے راستباز انسان کے دل میں ایمان آھستہ آھستہ بڑھتا ھے-آکھی اور جوانسے کے پتے بارش کے اثر سے اس طرح جھڑ گئے ھیں جیسے اچھے راجہ کے راج میں بدمعاش لوگ ناپید ھو جاتے ھیں-گرد و غبار تلاش کرنے سے بھی نہیں ملتا جیسے غصہ آنے پر دھرم دور ھو جاتا ھے-زمین کھیتی سے بھری ھوئی اچھی معلوم ھوتی ھے جیسے فیاض لوگوں کی خوش نصیبی سب کو پسند آتی ھے-رات کے وقت بادلوں کے اندھیرے میں جگنو چمکتے ھیں جیسے بداندیش لوگ گوشوں میں چھپ کر جلسے کرتے ھیں-بہت بارش کی وجہ سے پانی کیاریوں کو چھوڑ کر بہ نکلا جیسے عورت خود مختار ھو کر بگڑ جاتی ھے-ھوشیار کسان کھیتی کو اس طرح نلاتے ھیں جیسے عالم لوگ لالچ اور غرور وغیرہ عیبوں کو چھوڑ دیتے ھیں-چکوا چکوی اس موسم میں نظر نہیں آتے جیسے کلجگ میں دھرم کا کہیں پتا نہیں ملتا-بارش سب جگہ ایک سی ھوتی ھے لیکن بنجر زمین میں گھاس کا ایک تنکا بھی نہیں جمتا جیسے نیک دل لوگوں کے دلوں میں نفسانی جذبات کبھی پیدا نہیں ھوتے-زمین مختلف قسم کے جانوروں سے بھری ھوئی ھے جیسے نیک راجا کے عہد میں رعایا کی آبادی بڑھ جاتی ھے-جہاں تہاں بہت سے مسافر تھک تھک کر ٹھیر رھے ھیں جیسے معرفت حاصل ھونے سے نفسانی خواھشیں ساکن ھو جاتی ھیں-کبھی ھوا زور سے چلتی ھے اور بادل پھٹ جاتے ھیں جیسے بری اولاد ھونے سے خاندان کی ناموری برباد ھوجاتی ھے-دن میں کبھی بادلوں سے اندھیرا چھا جاتا ھے کبھی سورج نکل آتا ھے جیسے بری صحبت سے ایمان جاتا

رهتا هے اور نیک صحبت سے پھر پیدا هو جاتا هے"—

برسات ختم هونے کے بعد

"اگست ستارہ نے طلوع کیا هے (یہ وہ وقت هے جب کہ بارش کا تمام پانی سوکھہ جاتا هے) رستوں کا پانی سوکھہ گیا جیسے قناعت کا سکون حاصل هونے سے لالچ کافور هو جاتا هے-ندیوں اور تالابوں میں نرمل پانی زیب دے رها هے جیسے نیک آدمیوں کے دل نفسانی جذبات سے پاک و صاف هوتے هیں-ندیوں اور تالابوں کا پانی آهستہ آهستہ کم هوتا جاتا هے جیسے ایماندار آدمی دنیا کی محبت رفتہ رفتہ چھوڑ دیتے هیں-پانی کی تہ میں ریت کے ذرے ایسے خوبصورت معلوم هوتے هیں جیسے منصف راجا کے نیک اعمال-پانی کی کمی سے مچھلیاں بیکل هو گئیں جیسے بے عقل دنیا دار آدمی مفلس هونے سے بیکل هو جاتا هے-بغیر بادلوں کے آسمان ایسا شفاف دکھائی دیتا هے جیسے عابدوں کے دل-جہاں پانی گہرا هے وهاں مچھلیاں خوش هیں جیسے انسان خدا کی پناہ میں آکر سب دکھوں سے چھوٹ جاتا هے-چاندنی رات کو دیکھکر چکوا چکوی کے دلوں میں دکھہ هوتا هے جیسے بد اندیش آدمی دوسروں کی کامیابی دیکھکر جلتے هیں-دن کی گرمی کو رات کے وقت چاند کی روشنی دور کر دیتی هے جیسے روشن ضمیر لوگوں کے درشن سے پاپ دور هو جاتے هیں-پالے کے ڈر سے مچھر ڈانس وغیرہ سب جاتے رهے جیسے برهمنوں کے ساتھہ بغض رکھنے سے خاندان فنا هو جاتا هے-جو جانور زمین میں پھر رهے تھے (یعنی حشرات) وہ سرد موسم کو دیکھکر غایب هو گئے جیسے کامل مرشد کے ملنے سے دل کے تمام شبہات جاتے رهتے هیں"—

تشبیہات و استعارات

تلسی داس کی شاعری کے چند نمونے دکھانے کے بعد اب هم راماین کے مختلف مقامات سے نادر اور لطیف تشبیہوں اور استعاروں کی مثالیں پیش

کرتے ہیں —

دوسروں کی ترقی سے خوش ہونا

جو لوگ دوسروں کو بڑھتا دیکھہ کر خوش ہوتے ہیں اُن کی مثال سمندر کی ہے جو ماہ کامل کو دیکھہ کر بڑھتا ہے —

شعر گوئی کا عالم

شاعر کا دل سمندر ہے۔اُس کی عقل سیپی ہے۔سرسوتی جو علم کی دیوی ہے۔سواتی نچھتر یعنی ابر نیسان ہے کہ اگر وہ پانی برسائے تو شاعر کا شعر آبدار موتی بن جاتا ہے —

رام کی سرگزشت کیوں کر بیان ہو ؟

میری شاعری رام کی داستان کو کس طرح بیان کر سکتی ہے۔جس ہوا میں سمیرپربت بھی اُڑ جائے وہاں روئی کے گالے کی کیا حقیقت ہے۔(سمیریا میرو سونے اور جواہرات کا ایک پہاڑ شمال میں ہے جہاں دیوتا رہتے ہیں)—

محبت اور نفاق

دودہ اور پانی میں جب ربط ہوتا ہے تو اس محبت کا اثر دیکھو۔دودہ پانی کو اپنے برابر قیمت دلواتا ہے۔جب دودہ کو گرم کرتے ہیں تو پانی تو جلتا ہے اور دودہ کو جلنے نہیں دیتا مگر محبت میں جب نفاق شامل ہوجاتا ہے تو اُس کی مثال کھٹائی کی ہے جس سے دودہ اور پانی دونوں الگ ہوجاتے ہیں اور دودہ کا مزہ بھی جاتا رہتا ہے —

حسن و جمال کا اثر

رام لچھمن سے بات چیت تو کررہے ہیں مگر دل جانکی جی کے کنول جیسے چہرہ سے حسن کے رس کو بھنورے کی طرح چوس رہا ہے —

سیتاجی کا بے عیب حسن

چاند جانکی جی کے چہرہ سے مقابل نہیں ہوسکتا۔وہ سمندر یعنی کھاری پانی سے پیدا ہوا ہے اور زہر کا بھائی ہے (کیوں کہ وہ بھی سمندر سے نکلا ہے)۔وہ دن ز ہ اُس کی

پیشانی پر داغ ہے-وہ کبھی گھٹتا ہے-کبھی بڑھتا ہے-راہو موقع پاکر اُس کو نگل لیتا ہے-وہ چکوا چکوی میں جدائی ڈالنے والا اور کنول کا دشمن ہے- حالانکہ سیتا جی کے حسن میں کوئی عیب نہیں ہے—

سیتا جی کی تشبیہ

سیتا جی کو کس عورت سے تشبیہ دیں-سرسوتی (علم کی دیوی) میں بہت بولنے کا عیب ہے-پاربتی آدھا جسم رکھتی ہے-رتی (کام دیوی کی بیوی) اپنے خاوند کے بے جسم ہونے کے سبب دل میں دکھی ہے-لچھمی (دولت کی دیوی) سمندر سے شراب اور زہر کے ساتھ نکلی ہے—

کمان کا آسانی سے توڑنا

رام نے شیو جی کی کمان کو اس طرح توڑ ڈالا جس طرح ہاتھی کنول کی ڈنڈی کو چٹ پٹ توڑ ڈالتا ہے—

نازک آدمی سے مشکل کام ہونا ممکن نہیں

سرس کے پھول سے ہیرے میں سوراخ نہیں ہوسکتا یعنی نازک آدمی سے سخت اور مشکل کام انجام پانا ممکن نہیں—

خوشی کا اظہار

اس خبر کو سنکر سب لوگ ایسے خوش ہوے جیسے مور بادل کی آواز سنکر خوش ہوتا اور ناچنے لگتا ہے—

گھنٹوں کی آواز

ہاتھیوں کے چلنے سے گھنٹوں کی آواز ہوتی ہے گویا ساون کے بادل گرج رہے ہیں—

بھرت کا خیال

رام کو بھرت کی ایسی ہی فکر ہے جیسے کچھوے کو اپنے انڈوں کی فکر رہتی ہے—

شرارت کی تیاری

منتھرا (رانی کیکئی کی باندی کا نام ہے) کام بگاڑنے کے ایسے ہی درپے ہے جیسے بھیلنی شہد کی مکھیوں کا چھتا دیکھ کر تکا کرتی ہے کہ کس طرح شہد حاصل کروں—

راجہ جسرت کو پھانسنے کی تدبیر

راجا کی قسم سنکر کیکئی ھنسی اور اپنی جگہ سے اُٹھی۔گویا بھیلنی ھرن کو دیکھہ کر شکار کے پھندے سنوارنا چاھتی ھے—

دل کی تکلیف چھپانا

اُس نے اپنی تکلیف کو دل میں اِس طرح ھنسکر چھپایا جیسے چور کی عورت ظاھر میں نہیں روتی—

عورت کی مکاری

عورت کے چرتروں یعنی فریبوں کا سمندر ایسا گہرا ھے کہ اُس کی تھاہ نہیں ملتی—

راجہ جسرت کی تکلیف

کیکئی کی بات سنکر راجا کے دل میں ایسا رنج ھوا جیسے چاند کی کرنوں سے چکوا چکوی دکھی ھوتے ھیں—

راجا جسرت کا خوف

راجا یہ سنکر ایسا سہم گیا جس طرح جنگل میں باز کے جھپٹنے سے لوا سہم جاتا ھے—

آرزو کی بربادی

میری آرزو کا جو مکپ برکش پھلا پھولا تھا اُسے کیکئی نے ھتنی کی طرح جڑ سے اُکھاڑ پھینکا۔(مکپ برکش اِندر کی بہشت میں ایک درخت ھے جو ھر آرزو کا پورا کرنے والا سمجھا جاتا ھے)—

زندگی بغیر رام کے

راجا نے کہا میں بغیر رام کے زندہ نہیں رہ سکتا۔ جیسے مچھلی بغیر پانی کے اور سانپ بغیر من کے زندہ نہیں رہ سکتا—

حسد کی جلن

یہ باتیں سنکر کیکئی کا دل اس طرح جلتا ھے جیسے اگنی میں گھی کی آھتی پڑتی ھے۔(پرستش کے وقت آگ پر گھی ڈالتے ھیں)—

طعنے کا اثر

کیکئی پھر سخت اور طعن آمیز بات کہتی ہے۔گویا بدن میں نرم جگہ پچھنے دیکر اُس پر زہر کا پھاہا لگاتی ہے—

راجا کی بے کلی

راجا اس طرح بیکل ہوتا ہے۔جیسے کوئی پرندہ بغیر پنکھ کے—

راجا کو فریب کا شکار بنانے کی تیاری

راجا جسرت کے قول قسم کو پکا جان کر کیکئی نے باز کی آنکھوں سے توپی اُٹھا دی—

رانی کیکئی کا غصہ

راجہ جسرت کے پاس کیکئی غصے میں بھری ایسی بیٹھی ہے گویا موت گھڑیاں گن رہی ہے—

نقصان کی باتوں سے فایدہ کی توقع

لوگ ایسے بیوقوف ہیں کہ مکپ برکش کو چھوڑ کر ارنڈ کے درخت کو سینچتے ہیں اور آب حیات کو چھوڑکر زہر مانگتے ہے—

کج فہمی کی مثال

کیکئی رام کی سیدھی باتوں کو ٹیڑھی سمجھی جیسے جونک ٹیڑھی چال سے چلتی ہے—

بری خبر کی شہرت

یہ غم کی خبر اُسی وقت تمام شہر میں اس طرح پھیل گئی جیسے بچھو کے ڈنک مارتے ہی سارے بدن میں زہر کی لہر دوڑ جاتی ہے—

خاندان کے لئے باعث تباہی

رانی کیکئی خاندان رگھو بنس کے لئے ایسی ہے جیسے بانس کے جنگل کے لئے آگ—

اشتیاق کا جذبہ

شہر کے مرد و عورت تمہارا جلوس دیکھنے کے ایسے ہی مشتاق ہیں جیسے پپیہے ابر نیساں کی بوند کے پیاسے ہوتے ہیں—

دم بخود ہونے کی تشبیہ

کوشلیا رام کی بات سن کر اس طرح خشک ہو گئی جیسے اول بارش کا پانی پڑنے سے جوانسا سوکھکر جل جاتا ہے-رام کے بچن سن کر لچھمن جی اس طرح سوکھہ گئے جیسے پالا لگ کر کنول کا پھول سوکھہ جاتا ہے—

دل لرزنے کی تشبیہ

راجا کا دل پیپل کے پتے کی طرح ہلنے لگا-اُس کا دل خوف سے اس طرح کانپنے لگا جیسے ہرن نے شیر کی گرج سن پائی ہو-کیکئی کیلے کے درخت کی طرح کانپنے لگی—

عیش کے بندے تکلیف نہیں اُٹھا سکتے

جو چکوری چاند کی ٹھنڈی کرنوں کو چوسنے والی ہے وہ تمتماتے ہوے سورج سے کس طرح آنکھہ ملا سکے گی-جو ہنسنی آب حیات سے پالی گئی ہو وہ سمندر کے کھاری پانی میں کیونکر زندہ رہ سکتی ہے-سیتا کے لئے جنگل کی زندگی مناسب نہیں-زہریلے پودوں کی زمین میں سنجیونی بوٹی کیونکر سرسبز ہو سکتی ہے-(سنجیونی وہ بوٹی ہے جس کے کھانے سے آدمی ہمیشہ زندہ رہتا ہے)-

دوستوں کی صحبت میں تکلیف بھی عین خوشی ہے

سیتا جی نے رام سے کہا جنگل میں آپ کے ساتھہ رہنے سے پتوں کی جھوپڑی میرے لئے اندر کی بہشت ہوگی اور گھاس کا بچھونا کام دیو کی سیج کی مانند ہوگا—

بد ذات بغیر تنبیہ کے نہیں مانتے

کیلے کا درخت کاٹنے ہی سے پھلتا ہے-اسی طرح جو لوگ شریر اور بد ذات ہیں وہ بغیر سرزنش کے سر نہیں جھکاتے—

رام اور راون کا فرق

اے راون! تم میں اور رام میں وہی فرق ہے جو جگنو اور سورج میں ہے—

بربادی کا سبب

تو اپنے خاندان کے لئے ایسا ہے جیسے بانس کی جڑ میں گھموئی (گھموئی ایک گھاس ہے کہ جب وہ بانس

کی جڑ میں پیدا ہوتی ہے تو بانس دن بدن گلتا چلا جاتا ہے)—

چہرہ کی تیرگی

راون کا چہرہ ایسا مکدر ہو گیا جیسے دوپہر کے وقت چاند—

احمق کی شیخی

راون اپنے غرور میں ایسا مست ہے جیسے پودنا اُلٹا سوتا ہے کہ اگر آسمان گرے گا تو میں اُسے اپنے پیروں پر روک لوں گا—

قلعہ لنکا پر راچھسوں کی فوج

قلعۂ لنکا کے کنگوروں پر کالے کالے راچھس ایسے معلوم ہوتے ہیں جیسے سمیرپربت پر بادل چھائے ہوں —

لنکا میں کھل بلی

انگد اور ہنومان نے لنکا میں اس طرح کھل بلی ڈال دی ہے گویا دیوتا مندراچل پربت سے سمندر کو متھہ رہے ہیں —

راچھسوں کی فوج

بڑے بڑے طاقتور راچھس اس طرح لڑائی پر چلے گویا کاجل کی بڑی بھاری آندھی اکھٹی ہے —

رام کے بدن پر خون کے قطرے

رام کے بدن پر خون کی بوندیں ایسی معلوم ہوتی ہیں جیسے آبنوس کے درخت پر لال رنگ کی چڑیاں بیٹھی ہوں—

بھرت کی عظمت

بھرت کی عظمت کو کوئی شاعر کیونکر بیان کر سکتا ہے۔کیا تالاب کی سیپی میں سمندر سما سکتا ہے—

برے والدین کی اولاد

میں کیکئی کا فرزند ہو کر سادھو نہیں ہو سکتا جیسے کودوں کی بالی میں چاول پیدا نہیں ہو سکتے اور تالاب کی سیپی سے موتی نہیں نکل سکتے —

تلخ زندگی

بغیر رام کے بھرت اجودھیا میں اس طرح رہتے ہیں جیسے چمپا کے باغ میں بھونرا (چمپا کی خوشبو بھونرے

کو نا گوار ہے)—

بھرت کا دل

بھرت کا دل ایسا نرمل ہو گیا جیسے موسم خزاں میں پانی گھٹتا۔آکاش نرمل ہوتا اور کنول کے پھول کھلتے ہیں—

حسن کی تاثیر

سروپ نکھا رام لچھمن کے حسن کو دیکھکر اس طرح بیکل ہو گئی جیسے آتشی شیشے سے سورج کے مقابل آکر آگ نکلنے لگتی ہے—

رام کمان کھینچنے کی حالت میں

رام نے چمکتی کمان چڑھائی۔وہ گویا نیلم کے پہاڑ ہیں جس پر رہ رہ کر بجلی کوند رہی ہے—

رام راچھسوں کے درمیان

رام کو راچھسوں نے اس طرح گھیر لیا جیسے نکلتے ہوے سورج کو راہو گھیر لیتا ہے—

رام کے بان

رام کے سخت بان اس طرح چلے گویا بہت سے سانپ پھنکار مارتے چلے جاتے ہیں—

آنسوؤں کو ضبط کرنا

آنسو آنکھوں سے نکلتے نکلتے رہ گئے جیسے بخیل آدمی اپنے سونے کو چھپا لیتا ہے—

عورت کی ضد

آگ کس چیز کو نہیں جلا سکتی۔سمندر میں کیا نہیں سما سکتا۔دنیا میں موت کس کو نہیں کھاتی۔اسی طرح عورت کی ضد کیا نہیں کر سکتی—

بار حکومت کا تحمل نہ کر سکنا

لچھمن نے کہا۔میں حکومت کا یہ بوجھ کیسے اُٹھا سکتا ہوں۔کیا ہنس مندراچل پربت اور سمیر پربت کو اُٹھا سکتے ہیں؟

خوف زدگی

سمترا لچھمن کے بچن سن کر اس طرح سہم گئی جیسے ہرنی جنگل میں چاروں طرف آگ کو دیکھکر سہم

جاتی ہے—

بیقراری اور گھبراہٹ

سب اس طرح بیکل ہو رہے ہیں جیسے مکھیاں شہد کے چھن جانے سے بیکل ہوتی ہیں۔ رام کو نہ پا کر لوگ اس طرح بیکل ہو گئے جیسے سمندر میں کوئی جہاز ڈوب گیا ہو۔ شہر کے مرد و عورت اس طرح بیکل ہیں جیسے مچھلیاں پانی کے گھٹنے سے۔ راجا کے رونے کی آواز سن کر محل میں ایسی گھبراہٹ پھیل گئی گویا جانوروں کے رہنے کے جنگل میں رات کو پتھر برس پڑے

میاں بی بی کا ساتھ

سیتا نے رام سے کہا۔ پرچھائیں جسم کو چھوڑ کر کہاں جاسکتی ہے۔ دھوپ سورج کو کس طرح چھوڑ سکتی ہے۔ چاندنی چاند سے الگ تھلگ کیوں کر رہ سکتی ہے۔ اسی طرح میں آپ کے بغیر نہیں رہ سکتی—

ملاقات کی خوشی

وہ رام سے مل کر ایسا خوش ہوا جیسے مفلس کو سنگ پارس ہاتھ آجائے—

برے والدین کی اچھی اولاد

اے بھرت! تم کیکئی کے بیٹے ہو مگر تم میں اُس کے برخلاف خوبیاں ہیں۔ عیب نہیں۔ جیسے سانپ میں زہر ہوتا ہے مگر من زہر کا دور کرنے والا ہے—

رام کی کتھا کا اثر

رام کی کتھا کلجگ کے پاپوں کے لئے ایسی ہے جیسے سانپوں کے لئے بھرنی اور ایمان کے لئے وہ ایسی ہے جیسے آگ کے لئے ارنی۔ (بھرنی ایک چھوٹا سا پرندہ تتّی کے برابر ہوتا ہے جب سانپ کو دیکھتا ہے تو پر سمیت کر بیٹھ جاتا ہے۔ سانپ اُس کو پکڑ کر نگل جاتا ہے۔ وہ اُس کے پیٹ میں پہنچ کر اپنے پر پھیلا دیتا ہے اور اس کا پیٹ پھٹ جاتا اور وہ مرجاتا ہے۔ ارنی ایک لکڑی کا نام ہے۔ جس سے آگ بہت جلد بھڑکتی ہے)۔ رام کی کتھا کام دھینو گائے ہے۔ (کام دھینو ایک گائے ہے جو اندر

کے پاس ھے اور بہت دودہ دیتی ھے اور سمندر کے بلونے سے نکلی تھی) وہ سنجیونی بوٹی ھے وہ مکپ برکش ھے—

دیگر تشبیہات

علاوہ تشبیہات مذکورۂ بالا کے ذیل کی نفیس تشبیہوں کو دیکھو جو تلسی داس کے کلام میں جابجا آتی ھیں: —

سفید چادروں کی شبیہ دودہ کے جھاگوں سے—

سخت چیز کی تشبیہ کچھوے کی پشت سے—

گانے والے گلے کی تشبیہ کویل یا کوکلے کے گلے سے—

کینے کی تشبیہ آوے کی آگ سے—

عمدہ چال کی تشبیہ مست ھاتھی یا ھنس کی چال سے—

فکر و تردد کی حالت میں کبھی پیچھے ھٹنے اور کبھی آگے بڑھنے کی تشبیہ جلالی کی چال سے (جلالی پانی کا ایک کیڑا ھے۔ بھونری بھی کہتے ھیں۔اِس کا رنگ کالا ھوتا ھے)—

ناف کی تشبیہ بھنور سے—

بھووں کی تشبیہ کام دیو کی کمان سے—

کمر کی تشبیہ شیر کی کمر سے—

ران کی تشبیہ کیلے کے گابھے سے—

رونے کی تشبیہ تدی کے چلانے سے—

آنکھوں کی تشبیہ ممولے یا مچھلی کی آنکھوں سے—

ناک کی تشبیہ طوطے کی چونچ سے—

گلے کی تشبیہ فاختہ کے گلے سے—

بالوں کی تشبیہ بھونرے سے—

دانتوں کی تشبیہ انار کے دانوں سے—

گورے بدن کی تشبیہ بجلی سے—

چوٹی کی تشبیہ سانپن سے —

چہرہ کی تشبیہ کنول سے—

اظہار خیال کے سانچے

علاوہ تشبیہات کے تلسی داس نے مختلف خیالات کو جن عمدہ اور لطیف پیرایوں میں ادا کیا ہے اُن کے چند نمونے بھی یہاں پیش کئے جاتے ہیں—

شاعر کی عزت اور تعظیم کے لئے سرستی دیوی برہما کا بھون چھوڑ کر دوڑی آتی ہے—

میں ایسے اگم پریم (بے تہاہ محبت) کو کیوں کر بیان کروں-کیا اُس تانت سے جس سے اُون دھنی جاتی ہے عمدہ راگ نکل سکتے ہیں—

اندھیرا دوپہر کے سورج کو نگل جاے-گگن (فضا) میں بادلوں کو دوڑنے کا رستہ نہ ملے-اگست منی جو سمندر کو تین چلو میں پی گئے تھے-ایک گڑھے کے پانی میں ڈوب جائیں-زمین اپنے سکون کی حالت چھوڑ دے-مچھر کی پھونک سے سمیر پربت اُڑ جاے-یہ سب کچھ ممکن ہے مگر بھرت جی کو راج مد (سلطنت کا نشہ یا غرور) نہیں ہوسکتا—

سونا کسنے سے-جواہرات پرکھنے سے اور شریف انسان برتاؤ سے جانے جاتے ہیں—

اُس نے اپنے دل کے سونے کو ایمان کی آگ میں تایا-خالص کندن نکلا—

راجا کے در پر لوگوں کا ایسا ہجوم ہے کہ اگر کوئی پتھر پھینکا جاے تو وہ بھی پیروں میں آکر خاک ہوجاتا ہے—

ہم آئینہ میں اپنے عکس کو پکڑ سکتے ہیں-مگر عورت کے دل کی حالت معلوم نہیں ہوسکتی—

تم درخت کاٹ کر پتوں کو سینچتے ہو اور مچھلی کے زندہ رکھنے کے لئے پانی کو خشک کرتے ہو (یعنی فایدہ کی توقع اُلٹی باتوں سے رکھتے ہو)—

دنیا کے تعلقات کا خیال بغیر بھگوان کی دیا کے نہیں جاتا۔ اگر آسمان پر ایک کی جگہ سولہ چاند نکل آئیں اور تمام ستارے اپنی پوری روشنی کے ساتھہ طلوع کریں اور تمام پہاڑوں میں آگ لگ جاے تو بھی بغیر سورج نکلے رات نہیں جاتی—

جو لوگ بھگتی کو چھوڑ کر صرف گیان کے لئے محنت کرتے ہیں وہ گویا کام دھنو کو گھر پر چھوڑ کر دودہ کے لئے آکھی کی تلاش میں نکلتے ہیں—

چاہے کچھوے کی پیٹھہ پر بال نکل آیئں اور چاہے آسمان میں رنگ برنگ کے پھول کھل جائیں مگر رام سے خلاف ہوکر کوئی جی سکھہ نہیں پاسکتا چاہے خرگوش کے سر پر سینگ نکل آئیں اور چاہے اندھیرا سورج کو ہمیشہ کے لئے ناپید کر دے مگر رام سے خلاف ہوکر کوئی انسان راحت نہیں پاسکتا۔ چاہے برف سے گرمی پیدا ہو جاے۔ چاہے پانی کے متھنے سے گھی نکل آے۔ چاہے ریت کو کولھو میں پیلنے سے تیل بہنے لگے مگر رام بھگتی کے سوا کسی کی نجات ممکن نہیں—

بشنو سانپ کے پھن پر سوتے ہیں۔ مگر کوئی اُن کو برا نہیں کہتا۔ سورج اور آگ تمام رسوں کو کھاتے ہیں۔ مگر ان پر کوئی الزام نہیں۔ گنگا میں سب طرح کا پانی بہتا ہے۔ مگر کوئی اس بات کو برا نہیں بتاتا (یعنی بعض اشخاص کی برائیاں بھلائیاں بن جاتی ہیں) اگر چاند سے آگ ظاہر ہو تو ہو۔ مگر نارد جی کا قول جھوٹا نہیں ہوسکتا (یعنی اٹل ہے)—

خدا کی قدرت بھی عجیب ہے کہ وہ دودہ کے جھاگوں سے ہیرے کو توڑتا ہے (کہتے ہیں کہ جب تک ہیرے میں دودہ کے جھاگوں کی لاگ نہ لگائی جاے وہ ٹوٹ نہیں سکتا۔ یعنی ادنیٰ چیزوں سے اعلیٰ کام ظہور

میں آتے ھیں)—

عورت کے دل کی کیفیت برھما بھی نہیں جانتے—

(دعا کا انداز) کو شلیا نے چلتے وقت سیتا سے کہا تمھارا سہاگ قایم رھے جب تک کہ گنگا اور جمنا میں پانی کی دھار چلتی ھے۔تم سدا سہاگن رھو جب تک کہ زمین شیش ناگ کے سر پر قایم ھے—

شگون

راماین کی شاعری ھندؤں کی طرز معاشرت۔اُن کے اخلاق۔اُن کی رسوم۔ اُن کے مذھبی اعتقادات اور اُن کے توھمات کی ترجمان ھے۔چنانچہ شادی۔ غمی۔تخت نشینی اور پوجا کی رسموں کی طرح اس کتاب میں جابجا مبارک اور منحوس شگون بھی درج ھیں جن کو ھندو قوم آج تک مانتی چلی آتی ھے مثلاً راماین کے مطالعہ سے معلوم ھوتا ھے کہ بائیں آنکھہ پھڑکنا عورت کے لئے مبارک ھے برخلاف اِس کے مرد کی دائیں آنکھہ کا پھڑکنا نیک شگون ھے۔ماں اس خیال سے کہ بچے کو نظر نہ لگے تنکے توڑ توڑ کر اُس کی طرف دیکھتی ھے—

سفر کے وقت اگر نیل کنٹھہ بائیں طرف دکھائی دے یا دائیں طرف کوا اور نیولا نظر آے یا کوئی عورت بچہ اور گھڑا لئے رستے میں دکھائی دے یا گاے اپنے بچے کو دودھ پلاتی نظر آے یا دائیں طرف ھرنوں کی قطار دکھائی دے یا شاما بائیں طرف کسی پھلے پھولے درخت پر بیٹھی ھو یا دھی اور مچھلی سامنے آتی ملے یا دو برھمن ھاتھہ میں کتاب لئے نظر آئیں تو یہ سب مبارک شگون ھیں۔اِس کے برخلاف اگر کوے بری طرح کائیں کائیں کرتے ھوں یا گدھے اور گیدڑ شور مچاتے ھوں تو یہ برا شگون ھے—

پتھر کی مورتوں کی آنکھوں سے آنسو نکلنا منحوس ھے اور یہ راج کے لئے برا شگون ھے—

سفر سے واپسی کے وقت دائیں بازو یا دائیں آنکھہ کا بار بار پھڑکنا یا بائیں طرف کسی کا چھینکنا اچھا شگون سمجھا جاتا ھے—

لڑائی کے وقت حسب ذیل شگون منحوس خیال کئے جاتے ھیں-ھتیار ھاتھہ سے چھوٹ چھوٹ کر گرنا-گھوڑوں یا ھاتھیوں کا چنگھاڑ کر پیچھے ھٹنا-گیدڑوں-گدھوں یا کتوں کا رونا-الو کا خوفناک آواز سے بولنا-گدوں کا سروں پر منڈلانا—

علاوہ رسموں اور شگونوں کے راماین کے مطالعہ سے یہ بھی معلوم ھوتا ھے کہ عورت کے لئے اُس زمانے میں نو طرح کے سنگار تھے-بزرگوں کی تعظیم سولہ طریقے سے کی جاتی تھی-غرض کہ جتنے غور سے اس کتاب کا مطالعہ کیا جاے اسی قدر یہ بات روشن ھوگی کہ ھندو زندگی و معاشرت کا کوئی شعبہ شاعر کی نظر سے نہیں بچا—

تلمیحات

اب ھم اُن تلمیحات پر ایک نظر ڈالتے ھیں جن کے اشارے راماین میں ھیں اور جو ھندو ادب کی روح رواں ھیں—

کال نیمی راون اور راھو کی عیاری

ایک جگہ تلسی داس نے لکھا ھے کہ " جو لوگ عیار اور مکار ھوتے ھیں اور لوگوں کو فریب دیتے ھیں اُن کا فریب ایک دن کُھل جاتا ھے اور وہ ذلیل و رسوا ھوتے ھیں اور وہ فریب اُن کے لئے تباھی و بربادی کا سامان ھوتے ھیں-جیسا کہ کال نیمی راکشس اور راون اور راھو کا فریب کُھل گیا تھا"—

کال نیمی ایک راکشس (راچھس) تھا-جب ھنومان جی سنجیونی بوٹی لینے کے لئے درونا چل پربت کو جانے لگے تو رستے میں یہ راکشس ھنومان جی کو دھوکا دینے اور اُن کے کام میں کھنڈت ڈالنے کے لئے ایک سادھو کے لباس میں بیٹھہ گیا اور رام کی کتھا کہنے لگا-مگر ایک مچھلی نے اُس کی عیاری کا

راز کھول دیا اور وہ ہنومان جی کے ہاتھہ سے ہلاک ہوگیا—

راون کے فریب سے وہ واقعہ مراد ہے جب کہ وہ فقیر کا بہروپ اختیار کرکے سیتا جی کی جھوپڑی کے آگے پہنچا اور اُن کو فریب دیکر اپنے ساتھہ لے اُڑا-اُس کا فریب بھی رام چندر جی کو معلوم ہوگیا اور آخر کار وہ جنگ میں مارا گیا—

راہو جو ایک دیت تھا اُس کے فریب کا ذکر پہلے آچکا ہے کہ جب شیو جی نے دیوتاؤں کو آب حیات پلانا چاہا تو وہ دیوتاؤں میں چھپ کر بیٹھہ گیا اور آب حیات پی لیا-مگر سورج اور چاند نے اُس کا راز کھول دیا-شیو جی نے اپنا چکر مار کر اُس کا سر اُڑا دیا—

اگست منی اور سمندر

ایک جگہ تلسی داس لکھتے ہیں کہ "رام کی سرگزشت کے واقعات نفسانی ہوا و ہوس کے سمندر کے لئے مثل اگست منی کے ہیں"—

کہتے ہیں کہ ایک دفعہ سمندر ایک ٹڈی کے انڈے بہا لے گیا-اُس پر ٹڈی نے ارادہ کیا کہ سمندر کو خشک کردے-وہ سمندر کا پانی چونچ میں بھر بھر کر باہر ڈالنے لگی اور باہر سے مٹی چونچ میں لا لا کر سمندر میں پھینکنے لگی تا کہ سمندر مٹی سے پاٹ دیا جاے-اتفاق سے اُس وقت اگست منی وہاں آنکلے-اُنہوں نے یہ حال دیکھہ کر ٹڈی سے پوچھا کہ تو یہ کیا کرتی ہے-اُس نے سارا واقعہ بیان کیا-اگست منی کو اُس کے حال پر رحم آیا-وہ تین چلو میں سمندر کے سارے پانی کو پی گئے-سمندر کے خشک ہونے پر ٹڈی نے اپنے انڈے تلاش کر لئے-سمندر نے منی سے منت خوشامد کی تو انہوں نے سمندر کا پانی اُگل دیا-مگر بدعا کے اثر سے اُس کو ہمیشہ کے لئے کھاری بنا دیا—

پلکوں میں رہنے والا نمی

ایک جگہ راماین میں لکھا ہے کہ "جانکی جی کے حسن و جمال کو دیکھہ کر رام کی آنکھیں کھلی کی

کھلی رہ گئیں-گویا نمی نے گھبرا کر پلکوں کی سکونت چھوڑ دی"—

نمی ایک راجہ تھا-بششت منی کی بدعا سے اُس کا جسم فنا ہوگیا تھا-گوتم وغیرہ نے یگ کرکے اُسے دوبارہ زندہ کیا-اُس نے دیوتاؤں سے ہاتھہ جوڑ کر کہا کہ میں اب ایسا جسم نہیں چاہتا جو فنا پذیر ہو-اُس کی التجا پر دیوتاؤں نے کہا کہ اچھا اب تمھاری روح انسانوں کی پلکوں پر رہیگی-چنانچہ نمی کی سکونت اب پلکوں پر ہے اور اُسی کے سبب سے پلکیں کھلتی اور بند ہوتی ہیں-جب رام کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں تو گویا نمی نے اُن کی پلکوں پر رہنا چھوڑ دیا—

سانپوں کی ماں کدرو اور کلنگوں کی ماں بنتا

منترا جو رانی کیکئی کی باندی ہے رانی کو رام چندر جی کے خلاف بھڑکاتی ہے اور کہتی ہے کہ "اے رانی جس طرح کدرو نے بنتا کو دکھہ دیا تھا اسی طرح رام کی ماں کوشلیا تمھیں دکھہ دیگی" —

کہتے ہیں کہ راجہ کشپ کی دو بیبیاں تھیں-ایک کا نام کدرو اور دوسری کا نام بنتا تھا-راجہ کی طبعیت بنتا کی طرف زیادہ مایل تھی-ایک دن کدرو نے بنتا سے پوچھا کہ سورج کی رتھہ کے گھوڑے کس رنگ کے ہیں-اُس نے کہا سفید رنگ کے-کدرو نے کہا-نہیں سفید رنگ کے نہیں-چتکبرے ہیں-باتوں باتوں میں یہ شرط ٹھیری کہ جو ہارے وہ دوسری کی باندی بن کر رہے اور گھر کا سارا کام کاج وہی کرے-کدرو نے یہ شرط ٹھیرا کر اپنی اولاد سانپوں سے کہا کہ اگر تم سورج کے طلوع ہونے سے پہلے اُس کی رتھہ کے گھوڑوں کو جا لپٹو جس سے وہ چتکبرے دکھائی دیں تو میں بنتا سے شرط جیت لوں گی-سانپوں نے ایسا ہی کیا-سورج کی رتھہ کے گھوڑے چتکبرے نظر آئے-اُس دن سے بنتا باندی بن گئی اور گھر کی تمام خدمت اُس کے ذمے ٹھیری-اس زمانے میں کدرو نے بنتا کو طرح طرح کی اذیتیں پہنچائیں-کلنگوں کی ماں

بنتا سے ایک دن اُس کے ایک بیٹے نے اُس کے افسردہ اور غمگین رہنے کا سبب پوچھا-اس نے کدرو سے شرط ہارنے کا سارا حال کہہ سنایا-گرڑ (کلنگ) یہ سنکر بشنو جی کے پاس پہنچا اور اُس نے سارا حال کہکر التجا کی کہ مجھے یہ بردان دیئجے کہ میں سانپوں کو کھا جایا کروں اور مجھے زہر چڑھنے نہ پائے- بشنو نے اُس کی التجا قبول کی-اُس دن سے کلنگوں نے جو بنتا کی اولاد تھے کدرو کی اولاد یعنی سانپوں کو کھانا شروع کیا-یہ دیکھکر کدرو گھبرائی اور اُس نے بنتا سے کہا-میں نے اپنے کئے کا پھل پایا-اب تم اپنے فرزندوں کو میرے فرزندوں کے کھانے سے روک دو-میں بطور سابق گھر کی خدمت کیا کروں گی-اس پر بنتا نے کلنگوں کو سانپوں کے کھانے سے منع کردیا اور کدرو پھر خادمہ بن گئی—

بات کے دھنی راجہ شو راجہ بلی اور ودھیج رشی

رانی کیکئی نے راجہ جسرت سے کہا کہ"جو قول آپ نے دیا تھا اُس کو پورا کرو جس طرح کہ راجہ شو راجہ بلی اور ودھیج رشی نے اپنے بچنوں کو پورا کیا تھا اور اپنے نقصان اور ہلاکت کی مطلق پروا نہیں کی تھی"—

کہتے ہیں کہ راجہ شو نہایت راستباز اور دیندار تھا-اُس کی صداقت کا امتحان کرنے کے لئے زمین نے کبوتر کا روپ بھرا اور دھرم نے باز کی شکل اختیار کی-پھر دونوں ہوا میں لڑنے لگے-کبوتر باز کے سامنے سے بھاگ کر راجہ کی گود میں آ پڑا اور اُس نے التجا کی کہ مجھے باز سے پناہ دو اور میری جان بچاؤ-راجہ نے کبوتر پر اپنی ڈھال رکھدی اور اُس کو چھپا دیا-اتنے میں باز آ پہنچا-اُس نے کہا میں کئی دن سے بھوکا ہوں-تم نے میری خوراک مجھ سے چھین لی-یہ دھرم کی بات نہیں ہے-مجھے کبوتر واپس دو ورنہ میں تمہیں بددعا دوں گا-راجہ نے کہا وہ میری پناہ میں آ گیا ہے اور میں اُس سے قول ہار چکا ہوں اس لئے کبوتر تمہیں واپس نہیں مل سکتا-باز نے کہا اگر کبوتر

نہیں دیتے تو کبوتر کے برابر گوشت اپنے بدن سے کاٹکر دیدو۔اس پر راجہ راضی ہو گیا۔ترازو منگا کر اُس کے ایک پلڑے میں کبوتر کو رکھا اور دوسرے پلڑے میں اپنے بدن سے گوشت کاٹ کاٹ کر چڑھا نا شروع کیا مگر کبوتر والا پلڑا زمین سے نہ اُٹھا۔بدن کا سارا گوشت ختم ہو چکا صرف ہڈیاں باقی رہ گئیں۔ راجہ نے اپنا سر کاٹ کر ترازو میں چڑھا نا چاہا۔چھری ہاتھہ میں لی ہی تھی کہ دھرم نے اپنے اصلی روپ میں ظاہر ہو کر راجہ کا ہاتھہ تھام لیا اور امتحان کے منصوبے کا سارا حال کہہ سنایا۔اتنے میں راجا نے وفات پائی اور وہ سیدھا بہشت میں جا پہنچا —

راجہ بلی کی صداقت کا امتحان بشنو جی نے کیا تھا۔اُنہوں نے برہمن کے بھیس میں آکر راجہ سے ساڑھے تین قدم زمین مانگی۔جب راجہ نے زمین دینا قبول کر لیا تو اُنہوں نے تین قدموں میں تینوں لوک ناپ لئے اور آدھے قدم میں خود راجہ کے جسم کو ناپا۔اس پر راجہ پاتال کو بھیج دیا گیا مگر اُس نے بشنو جی سے کہا کہ آپ نے فریب سے مجھہ پر فتح پائی اس لئے میں یہ بردان مانگتا ہوں کہ آپ میرے دروازہ پر رہا کریں۔تب سے برہما۔بشنو اور مہیش باری باری سے چار چار مہینے راجہ بلی کی ڈیوڑھی پر رہا کرتے ہیں —

کہا جاتا ہے کہ اندر کی لڑائی برترا وغیرہ راچھسوں سے ہوئی مگر اندر نے شکست پائی۔نرائن نے مشورہ دیا کہ ودھیچ رشی کی ہڈیوں کا ہتیار بناؤ تو برترا اور دیگر راچھسوں پر البتہ تمہیں فتح حاصل ہو سکتی ہے۔یہ سنکر اندر سب دیوتاؤں کے ساتھہ رشی کے پاس پہنچے اور اپنا مطلب بیان کیا۔رشی نے سوچا کہ اول فنا آخر فنا۔کیوں نہ میرا جسم کسی کار خیر میں صرف ہو۔یہ سوچ کر کہا کہ اچھا ایک گائے لاؤ اور میرے بدن پر نمک مل دو۔گائے اُس نمک کو چاٹتی رہے اس طرح میرا تمام جسم وہ چاٹ جائے گی اور صرف ہڈیاں باقی رہ جائیں گی۔پھر اُن سے تم اپنا مطلوب ہتیار بنا سکتے ہو۔چنانچہ ایسا ہی

کیا گیا-اندر نے رشی کی ھڈیوں سے اپنا مشہور ھتیار بجر بنایا اور اُس کی مدد سے راچھسوں پر فتح پائی—

ضدی گالومنی اور راجہ ھنس

" رام نے سیتا جی سے کہا جو لوگ ویدوں کے مطابق دھرم کے فرائض انجام دیتے ھیں وہ دھرم کا پھل پاتے ھیں مگر جو لوگ ضد اور ھٹ سے کام لیتے ھیں اُن کو آخر کار تکلیف اُٹھانی پڑتی ھے جیسے گالومنی اور راجہ ھنس نے اپنی ضد کا برا انجام دیکھا "—

گالومنی بشوامتر کا شاگرد تھا-جب وہ تمام علم حاصل کر چکا تو اُس نے اُستاد سے کہا کہ آپ جو مانگیں میں اُس کے مہیا کرنے پر کمر بستہ ھوں-بشوامتر نے کہا میں اس کو تمہاری مرضی پر چھوڑتا ھوں-گالومنی نے کہا نہیں جو آپ کی خواھش ھو میں اُس کو پورا کروں گا-ھر چند اُستاد نے سمجھایا مگر شاگرد اپنی ھٹ سے باز نہیں آیا-مجبوراً اُستاد نے کہا اگر تمہاری یہی مرضی ھے تو پھر میرے لئے آٹھ سو مشکی گھوڑے لا کر دو-گالو ساری دنیا میں پھر کر اور ھزاروں تکلیفیں اُٹھا کر بھی چار سو گھوڑوں سے زیادہ مہیا نہ کر سکا اور اُس کو اُستاد کے سامنے ذلیل ھونا پڑا—

راجہ ھنس نے عبادت کرتے کرتے اندر کا مرتبہ حاصل کر لیا-جب بھوک میں اندرانی سے اُس نے کھانا طلب کیا تو اندرانی نے کہا اگر تم برھمنوں کو اپنی سواری بناؤ اور اُن پر سوار ھو کر آؤ اور اُن کے غضب کا تحمل کرو تو البتہ میں تمہاری خدمت کروں گی-اس پر اُس نے اپنی پالکی برھمنوں کے سر پر رکھی اور خود پالکی میں سوار ھوا اور برھمنوں سے کہا-سرپ سرپ یعنی جلد جلد چلو-سرپ سانپ کو بھی کہتے ھیں-اگست منی نے اُسے بد دعا دی اور وہ سانپ بن کر زمین پر گر پڑا—

راجہ بیاتی جو بہشت سے زمین پر گرایا گیا

" راجہ جسرت اس طرح بیکل پڑے ھیں جس طرح راجہ بیاتی بہشت سے زمین پر گرادیا گیا تھا "—

راجہ بیاتی نے بہت سے نیک کام کئے اور اُن کے سبب وہ بہشت میں جا پہنچا اور راجہ اندر کی گدی پر جا بیٹھا۔ برسپتی جی کے مشورہ سے راجہ اندر نے راجہ بیاتی سے پوچھا تم نے ایسے کیا نیک اعمال کئے ہیں جن کے سبب تم کو یہ مرتبہ حاصل ہوا۔ راجہ بیاتی نے اپنے نیک اعمال کی تفصیل شیخی اور غرور سے کی۔ انجام یہ ہوا کہ اُس کے تمام اعمال اکارت ہو گئے اور وہ اُس رتبہ کے لایق نہ رہا جس کو اُس نے حاصل کیا تھا۔ دیوتاؤں نے اُس کو بہشت سے نیچے گرا دیا۔

درباسا رشی اور سدرشن چکر

راجہ اندر کا بیٹا سرپتی کوے کے روپ میں آیا اور عین اُس وقت جب کہ رامچندر جی سیتا کے زانو پر سر رکھے سو رہے تھے سیتا کے پاؤں کو چونچ مار کر زخمی کر دیا۔ رامچندر جی کی آنکھ کُھلی تو اُنھوں نے سینک کا بان بنا کر اُس کوے کی طرف دوڑایا۔ تلسی داس لکھتے ہیں کہ "وہ رام کے بان سے ایسا خوف زدہ ہوا جیسا کہ درباسا رشی سدرشن چکر سے خوف زدہ ہوا تھا"۔

کہتے ہیں کہ راجہ امبریش ایکادشی کو روزہ رکھکر دوادشی کے دن پہلے برھمنوں کو کھانا کھلایا کرتا تھا پھر خود کھاتا تھا۔ ایک دفعہ دوادشی کے دن درباسا رشی اس راجہ کے پاس پہنچے۔ راجہ نے رشی سے بھوجن کرنے کو کہا مگر رشی نے کہا ہم ذرا اشنان کر آئیں۔ تم اتنے ٹھیرے رہو۔ یہ کہکر رشی مذکور چل دئے۔ جب بہت دیر ہو چکی تو راجا نے اِس بات میں پنڈتوں سے صلاح لی۔ اُنھوں نے کہا کھانا ابھی نہ کھاؤ مگر چرنا مرت (مورتی کے پاؤں دھو کر جو پانی حاصل کیا جاے اُسے چرنا مرت کہتے ہیں) لے سکتے ہو۔ راجہ نے ایسا ہی کیا۔ رشی نے آکر جب یہ بات سنی تو خفگی کا اظہار کیا اور کہا کہ تو نے بغیر ہمیں جماے کیوں ایسا کیا۔ ہم تجھے بد دعا دیں گے۔ اِس پر سدرشن چکر (وشنو کے ایک معجز نما ہتیار کا نام ہے) جو راجہ کی حفاظت کرتا تھا درباسا رشی کے پیچھے لپکا۔ رشی بہت گھبراے اور پناہ لینے کے لئے سب کے پاس

گئے مگر کہیں ٹھکانا نہ ملا-ناچار ہو کر راجا سے معافی چاہی-تب سدرشن چکر نے رشی کا پیچھا چھوڑا—

برندا تلسی کی شکل میں

"اے جانکی! عورت کی فطرت اچھی نہیں ہے-لیکن اگر وہ شوہر کی خدمت گزار ہو تو اُس کی عاقبت برندا کی طرح اچھی ہو سکتی ہے"—

جلندھر ایک راچھس کا نام تھا-اُس کی بیوی کا نام برندا تھا-برندا اپنے شوہر کی پوری خدمت گزار تھی-اِس کا صلہ اُس کو یہ ملا کہ وہ تلسی گھاس کی شکل میں تبدیل ہوگئی اور ہمیشہ ہری رہتی ہے اور وشنو جی کو پیاری ہے—

راماین میں تلمیحات بہت سی ہیں مگر ہم نے یہاں چند دلچسپ تلمیحیں انتخاب کر کے لکھہ دی ہیں-بہت سے تلمیحی قصے ایسے ہیں جن کا تعلق بددعاؤں کے اثر سے ہے-اُن میں سے اکثر کو ہم نے چھوڑ دیا ہے مگر اُن قصوں سے جو ہندؤں کی زبانوں پر ہمیشہ رہے ہیں یہ بات ضرور معلوم ہوتی ہے کہ برہمنوں-رشیوں اور سادھوؤں کے متعلق یہ عقیدہ عام طور سے رہا ہے کہ اُن کی بددعا فوراً اثر کرتی ہے اور جو کچھہ اُن کی زبان سے کسی کی نسبت نکل جاتا ہے وہ اٹل ہے—

اگر اس مضمون سے اُردو زبان کے نوجوان انشاپردازوں اور شاعروں کو کچھہ فایدہ پہنچا تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت ٹھکانے لگی—

وللہ التوفیق

نوائے گل

از

(جناب ابوالمالی اختر شیرانی الافغانی سلمہ)

دیار دوست سے کوئی پیام لیکے آئی ہے ہوائے گُل
کہ گود میں مچل رہے ہیں سینکڑوں حسین خندہ ہائے گُل

بہار ہے، اگر خدائے گُل، تو بوئے گُل کو جانیے دعائے گُل
چمن میں آکے، آدھی آدھی رات کو سنے کوئی نوائے گُل

زمین و آسماں کا، راز عشق کُھل گیا، جو شوخ چاند نے
کرن کے تار تار میں پرو لئے، چرا کے خندہ ہائے گُل

چمن میں روتے روتے، بلبل آخر ایک گہری نیند سو گئی
دبی زبان سے، مرتے مرتے، اتنا کہنے پائی تھی کہ ہائے گُل

نسیم صبح کی رقابتیں "حباب کی زباں" سے کہہ نہ دیں
یہ نہر لے تو جا رہی ہے بھر کے دامنوں میں بوسہ ہائے گُل

لرز رہا ہے میرا دل، کہیں خزاں کی آندھیاں گرا نہ دیں
کہ جھولتی ہے تین چار پتیوں پہ کاروانسرائے گُل

کہیں نہ کوچ کر رہا ہو، گلستاں سے قافلہ بہار کا
یہ آج منہ اندھیرے ہی سے جاگ اُٹھا ہے ورنہ کیوں درائے گُل

مرے دل و دماغ و گوش و چشم و تن پہ کیف بنکے چھا گئی
ادائے گُل، ہوائے گُل، نوائے گُل، فزائے گُل، قبائے گُل

حریمِ رنگ و بو، میں دیکھئے، ہے ملکۂ بہار، جلوہ گر
ہوائے سرد نے اُٹھا دئے ہیں ہر طرف سے پردہ ہائے گُل

یہ آرزو ہے اختر اب کہ مر کے اسکے رنگ و بو میں سو رہوں
مرا مزار ہو سرائے گُل، مرا کفن بنے قبائے گُل

حضرت خواجہ میر درد

از

(جناب مولوی محمد عظمت اللہ خان صاحب بی اے)

اس دنیا میں پیدا ہوے اور سمجھہ بوجھہ کے آنے کے بعد سونچے والے دل پر دو عالمگیر واقعات پتھر کی سی لکیر ہو جاتے ہیں-ایک پیدا اور دوسرا ناپید ہونا-سن و سال کا جوں جوں بوجھہ بڑھتا جاتا ہے موت کا مسئلہ زیادہ اہمیت اختیار کرتا جاتا ہے اور انسان کو یہ تردد اور کھوج ہونے لگتا ہے—

درد کچھہ معلوم ہے یہ لوگ سب
کس طرف سے آے تھے کدھر چلے؟
آہ معلوم نہیں ساتھہ سے اپنے شب و روز
لوگ جاتے ہیں چلے سو یہ کدھر جاتے ہیں؟

موت کے اٹل ہونے کے تصور کے ساتھہ ہی نہ مٹنے کی آرزو انسان کی تمام آرزوں پر چھاتی جاتی ہے اور اس خیال میں ایک بڑی حد تک سچائی ہے کہ انسان کے گوناگوں علوم و فنون توہمات اور مذاہب اسی آرزو کا کرشمہ ہیں-موت وہ زبردست آنکس ہے جس نے انسان کو بیدار کیا-اس کی غفلت کو دور کیا اور اس کی ارتقا کی سرگرمیوں کو قایم رکھا—

مآل کار سجھایا قبور نے ہم کو
یہ نقد مال لگا ہاتھہ اس دفینے سے

ہر شخص کے دل میں یہ تمنا چٹکیاں لیتی ہے کہ کسی طرح حیات دوام کا گُر ہاتھہ آجاے-کوئی انسان ایسا نہیں کہ اس آرزو کو اپنے دِل کے سب سے گہرے گوشہ میں چھپاے نہ رکھتا ہو-انسان کی ساری سر گرمیاں جان بوجھکر یا انجان طور پر اِسی آرزو کی بنیاد پر ٹکی ہوئی ہیں-مذہب-فلسفہ اور سائنس کی کامیابی کی معراج یہی ہو سکتی ہے کہ انسان غیر فانی ہو جاے-آب حیات کا کوئی نسخہ اُس کے ہاتھہ لگ جاے—

پانی-گیس اور بجلی کی قوت سے انسان کام لینے لگا ہے اور اِن قوتوں کو بنی آدم کی راحت اور آرام کے لئے گھر گھر تقسیم کر سکتا ہے-لیکن وہ قوت جو ملک الموت کی دسترس سے آدمی کو بچالے ابھی تک قابو میں نہیں آئی-ارضیاتی نقطۂ نظر سے زمین کروڑوں برس کی بڑھیا ہونے کو آئی-نوع انسان کو بھی وجود میں آے سینکڑوں صدیاں گذر چکی ہیں لیکن اِس مدت مدید میں کوئی ایک آدہ خوش قسمت انسان بھی ایسا پیدا نہیں ہوا کہ موت کے چنگل سے بچ نکلا ہو اور اِس بات کو ثابت کر دے کہ یہ ممکن ہے کہ مرنے مٹنے والا انسان بھی نور یا تاریکی کی طرح انمٹ ہو سکتا ہے-ایسا اب تک نہیں ہوا اور نہ ان عالی ہمت لوگوں کا جو انسان کے غیر فانی ہو سکنے کے دعویدار ہیں یہ دعویٰ ہے کہ انسان اس اپنے خاکی جسم سمیت لا موت ہو سکتا ہے—

انسان میں بدن کے علاوہ ایک اور لطیف اور نفیس قوہ یا شے بھی ہے-روح-اور یہ روح بدن سے گہرا تعلق رکھتی ہے-اس تعلق کا ہی نتیجہ ہے کہ بدن بدن ہے اور اس دنیا کے احساسات کی لذت اور حلاوت اُٹھا سکتا ہے-اِس تعلق کا ٹوٹنا موت ہے-بے اِس کے بدن نرا مٹی کا ڈھیر رہ جاتا ہے اور بدن کے خمیر کے سارے عنصر بکھر بکھرا جاتے ہیں-جن عالی ہمت ہستیوں کی طرف ابھی اشارہ کیا گیا ہے اُن کا یہ عقیدہ ہے کہ بدن سے بے تعلق ہونے کے بعد روح

اگر چہ ہمارے حواس سے پرے ہو جاتی ہے لیکن باقی رہتی ہے-اُس کے لئے ایک اور زندگی شروع ہو جاتی ہے اور ان معنوں میں ہر انسان بلا کسی استثنا کے غیر فانی ہے-البتہ ایک بات ہے کہ اِس قبر کے اُس پار والی زندگی کی عمدگی اور اِس دنیا کی حلاوت سے زیادہ حلاوت والی زندگی اُسی وقت حاصل ہو سکتی ہے کہ اِس دنیا میں انسان جب تک بقید حیات ہے اُس کی کوشش یہ ہو کہ وہ اُس آنے والی حیات کا قبل از مرگ علم حاصل کرے اور اپنی اس ارضی زندگی کو اُس وسیع تر اور بلند تر حیات کے لئے ایک تربیت گاہ-ایک عملی تیاری کا اکھاڑا بنائے—

موت کیا آکے فقیروں سے تجھے لینا ہے
مرنے سے آگے ہی یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

اس حیات مستقبل کے علم اور اُس کی روشنی میں حیات ارضی کی تربیت کو معرفت یا تصوف کہتے ہیں-اس علم کے پھاٹک پر موت پہرہ دیتی ہے- یوں تو اِس سنتری سے مارے باندھے ہر ایک کو ایک دن دوچار ہونا ہے لیکن اِس علم کے خزانے صرف اُن ہی بلند حوصلہ نفوس کے لئے ہیں جو جیتے جی اِس سے جی نہ چرائیں اور مردانہ وار دلیرانہ اِس پھاٹک میں قدم رکھ دیں- اِس علم کا مطمح نظر اِس قدر بلند ہے کہ اِس علم-اِس سائنس کو تمام علموں کا علم اور ساری بدھیاؤں کا سرتاج ہونا چاہئے-جن نظر-دور اندیش ہستیوں نے اپنی اس حیات مستعار کا مقصد اس علم کی تحصیل اور اپنے کیرکٹر کی تعمیر اور ارتقا کا راز اس علم کے تحت نفس و روح کا تربیت دینا سمجھا اُنہوں نے کرۂ ارض کے ہر خطہ میں اپنے ابنائے جنس کو اس طرف توجہ دلائی اور اس اعلیٰ ترین علم کے مطابق اپنے کیرکٹر کی تعمیر اور راز ہستی کے کھوج میں جو کچھہ واردات اُن کے قلب پر گذری اور جو جو انوکھی باتیں اُن پر ہویدا ہوئیں اُن کو ادبی صورت میں ظاہر کیا-ہر شایستہ قوم کے ادبیات

کے بیش بہا حصہ میں بیشتر اِن بزرگ ہستیوں کے جان ڈالنے والے جواہر پارے آپ کو ملیں گے۔اُردو شاعری میں اس انمول خزانہ کی جس متبرک ہستی نے بنیاد ڈالی وہ حضرت خواجہ میر درد ہیں—

پھولے گا اِس زباں میں بھی گلزار معرفت
یاں میں زمین شعر میں یہ تخم بوگیا

اُردو ادبیات میں صوفیانہ شاعری کے باوا آدم درد ہیں اور جیسا کہ اِس شعر میں خود فرمایا ہے اُردو کی کنواری زمین میں اُن کے ہی پاک ہاتھہ سے یہ بیج بویا اور اُن کے پاک دل کی نہر نے اِس کھیتی کو سیراب کیا۔ یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ یہ کام کوئی مشکل کام نہ تھا۔اس لئے کہ فارسی میں اس رنگ کی شاعری صاحب دل شعرا کی نغمہ سرائیوں کی بدولت بہت کچھہ ارتقا پاچکی تھی۔اس کی نقل کردینا کون سا بڑا تیر مارنا ہے ؟ مگر واقعہ یہ ہے کہ جب تک دل پر وہ واردات نہ گزری ہو جس کو شاعر سریلے لفظوں میں ادا کرنا چاہتا ہے صوفیانہ شاعری کی نقالی بھی ممکن نہیں—

شعر ہے اور درد ہے یعنے
بات میں اور ہی جان پڑتی ہے

شاعر نقال نہیں ہوسکتا اور جو نقال ہے وہ شاعر نہیں۔معرفت تو بڑی بات ہے انگریز شعرا نے جس طرح قدرت کی تصویریں انسانی جذبات کے رنگوں سے کھینچی ہیں بلا مطالعہ قدرت کوئی اُن کی ہی نقل کرکے دیکھہ لے۔خود انگریزی شاعری میں ملٹن کے قدرتی مناظر کتابوں کی عینک سے دیکھہ کر کھینچے گئے ہیں۔اُن میں وہ تازگی۔وہ زندگی نہیں جو ورڈس ورتھہ یا سون برن یا اور شعرا کے کلام میں ہے جنھوں نے اپنی آنکھوں سے قدرت کو دیکھا اور رات اور دن کے اندھیرے اُجالے اور موسمی تغیرات کے ساتھہ ساتھہ اُس کے چھرہ کے بدلتے رنگ روپ کا تماشا کیا ہے—

درد خود صاحب دل تھے اور اُن کا کلام جو تاثیر میں ڈوبا ہوا ہے۔جو انسان کے عرفانی ساز کو چھیڑ دیتا ہے اس کا گواہ ہے۔ان کی با برکت ذات سے اُردو ادب میں ایک ایسے دور کی ابتدا ہوئی جس کا رنگ اب تک اردو شاعری پر چھایا ہوا ہے۔نظیر اکبرآبادی کی ایک تنہا کوشش کے سوا حالی۔اکبر اور اقبال تک کسی شاعر نے اُردو شاعری میں کوئی نئی بات پیدا کی اور نہ کوئی نیا راستہ نکالا۔

تصوف کے مسایل کا سمجھ لینا کوئی دشوار امر نہیں۔یہ مسایل نہایت ہی سیدھے سادے ہیں۔ساری دقت تو اِس میں ہے کہ ان مسایل کی نہ صرف لفظوں کی حد تک ذہن گرفت کر لے بلکہ یہ نفس کے سامنے اس طرح آجائیں جس طرح مادی چیزیں رنگ و بو حرکت و سکون کی کیفیتوں کے ساتھ ہمارے حواس کے سامنے ہوتی ہیں۔دوسری طرح یوں کہئے کہ یہ مسایل محض زبانی جمع خرچ۔نری مثال ہی نہ رہیں بلکہ آنکھوں دیکھی من بسی چیزیں۔جیتا جاگتا حال بن جائیں۔معرفت میں اصل بات یہی ہے اور اس کا حاصل ہونا کھیل نہیں۔

معرفت کا اصل اصول یہ ہے کہ اس کائنات کا خالق ایک ہے اور اس کائنات میں جو کچھ ہورہا ہے اُسی کے ارادہ کا ظہور ہے۔لہذا اعلی ترین علم کا مطمح نظر یہ ہونا چاہئے کہ اس عالم کے پیدا کرنے والے کو جانا بوجھا اور سمجھا جاے۔اس بڑے مقصد کے لئے علم اور عمل دونوں ضروری ہیں۔نظریہ اور مشاہدہ دونوں کو قدم بہ قدم چلنا چاہئے۔معرفت کے عالم میں قلب ایسی نفسیاتی کیفیات اور روحانی حسیات سے دو چار ہوتا ہے جن سے عامۃ الناس کے حواس روز مرہ کی زندگی کی کھکیڑ میں نا آشنا سے رہتے ہیں۔ان کیفیتوں کو زبان کا جامہ پہنانا ہی اول تو ایک دشوار بات ہے اور پھر ایسا جامہ پہنانا کہ ہرکس و ناکس اُن سے لذت اندوز ہوسکے بادی النظر میں

قریب قریب نا ممکن سی بات ھے-معرفت کی طلسماتی درسگاہ میں قلب قلب کو راست متاثر کرتا ھے-روشن قلوب کے لئے لفظ کا واسطہ باقی نہیں رھتا اس لئے کہ لفظ اُن کیفیات کے پوری طرح حامل نہیں ھوسکتے-تاھم جن نفوس پر عرفان کی واردات گزرتی ھے جو صاحب دل ھیں وہ اگر شاعر بھی واقع ھوں تو نظم یا نثر میں ان لطیف کیفیتوں کو اس طرح قادرالکلامی کے ساتھہ ادا کرسکتے ھیں کہ وہ لوگ بھی جو معرفت سے نا آشنا ھیں ان کے کلام سے بہرہ ور اور مسرت اندوز ھوسکیں-کیوں کہ کوئی انسان ایسا نہیں کہ اس کی روح کی گہرائیوں میں وہ جذبات پوشیدہ نہ ھوں جو معرفت کی تعلیم اور تربیت کے بعد اُبھرتے ھیں-روشن دل شعرا کا کلام ایسے لوگوں کو صاحب حال تو نہیں بنا سکتا البتہ اُن کے اُن جذبات کے تاروں کو ضرور تھرتھرا دیتا ھے جو معرفت کی جان ھیں اور اَن پڑھ اور پڑھے لکھے عورت اور مرد سب کی ھستی میں موجود ھیں-علاوہ اِس کے صوفیانہ کلام کا ایک اور بڑا فایدہ یہ بھی ھے کہ اِس سے انسان کا ذھن وسیع ھوتا ھے-جو لوگ تصوف کے کوچہ سے نابلد ھیں اُن کو بھی اس قسم کا کلام زندگی کے گہرے مسایل اور اَن بوجھی پہیلیوں کی طرف سونچ پر لگا دیتا ھے اور اِس طرح اعلیٰ جانب سونچنے-حقیقت کی تہ میں لگا دینا ھی بہترین سے بہترین دل کو روشن اور نظر کو وسیع کرنے والی تعلیم کا مقصد ھوسکتا ھے—

ابھی عرض کیا گیا ھے کہ معرفت کا مقصد اللہ تعالیٰ کا جاننا اور پہچاننا ھے- شاعرانہ پہلو سے جب معرفت کے مسایل پر نظر دوڑائی جاے تو لازمی ھوجاتا ھے کہ معرفت کی روح رواں خالق کائنات کی تصویر کھینچی جاے- اُس کو تخیلی پیکر دیا جاے-وہ شاعری جو تخیلی پیکر نہ پیدا کرسکے بے جان سی شے ھے-اسے نظم یا کلام موزوں کہئے لیکن کان کے آگے نفس کی جذباتی تہوں تک اِس کی رسائی نہیں-ایک شخص زندہ دل بھی ھے اور اس نے طبع موزوں بھی پائی

ہے۔لیکن الفاظ میں جان نہیں ڈال سکتا۔اس کا کلام تصوف کی خشک اور بے جان اصطلاحات کا مجموعہ ہوگا محض اس لئے کہ شاعری کی جان پیدا کرنا تخیل میں صورت بندی کرنا ہے۔

شاعر کے پاس صورت بندی کا کھل جا سم سم والا منتر تشبیہ اور استعارہ ہے۔حقیقی شاعری کے حیرتناک طلسمات کی کنجی۔شاعر کا اسم اعظم محض غیر مترقبہ جیتی جاگتی مشابہت اور مماثلت کا ڈھونڈہ نکالنا ہے۔لیکن ساتھہ ہی یہ دقت بھی در پیش ہے کہ اِس کائنات کی پیدا کرنے والی ہستی وہ ہستی ہے جو اپنی آپ ہی نظیر ہے۔جس کی کوئی مثال نہیں اور جس کی ہمہ گیر وسعت انسان کے حواس اور تعقل کی گرفت سے بادی النظر میں قطعاً باہر ہے۔ درد فرماتے ہیں

کسو سے کیا بیاں کیجے اس اپنے حال ابتر کو
دل اُس کے ہاتھہ دے بیٹھے جسے جانا نہ پہچانا
شب و روز اے درد درپے ہو اُس کے
کسی نے جسے یاں نہ سمجھا نہ دیکھا
خوش خرامی اِدھر بھی کیجئے گا
میں بھی جوں نقش پا ہوں چشم براہ
ہرچند یہ تمنا درخور نہیں ہمارے
نزدیک تو جو آوے کیا دور ہے کرم سے

اِس بے مثال ہستی کی پوری طرح اگر صورت بندی نہ ہوسکے تو بھی اتنا ضرور ہو سکتا ہے کہ اُس ذات لا محدود صفات کے کسی ایک پہلو کو لیکر صرف اُس پہلو کا ہی تخیلی پیکر بنایا جاے۔اگر یہ صحیح ہے کہ اِس کائنات کے خورد بین سے بھی پوشیدہ ذرے اور ناقابل تصور بعد والے جرّوان رنگ برنگی سورجوں کا وجود ایک ہی ارادہ۔ایک ہی تعقل اور ایک ہی حسن سے

رچا ہوا ہے تو نہایت ہی پیش پا اُفتادہ اور دور اُفتادہ اشیا میں مشابہت اور تماثلت کا محسوس کرنا کوئی اَن ہونی بات نہیں۔سائنس کی ارتقا کا سارا راز یہی ہے۔ہاں یہ ضروری ہے کہ ایسی شباہت کے بھانپنے۔تاڑنے اور اُڑانے کے لئے سورج کی کرن کی سی تیز نظر اور حسن کی برق سے کنپ کنپاتا دل درکار ہے۔یہ چیزیں ایک سچے شاعر میں ودیعت ہوتی ہیں اور بڑی کڑیاں جھیلنے اور بڑے پاپڑ بیلنے کے بعد نظر منجتی اور دل حسن ربا بنتا ہے۔ایسا شاعر ایسی روز مرہ کی دنیا میں حسن بے مثال کو دیکھتا ہے اور محض اس حسن کے پہلو کو تخیلی پیکر دیتا ہے۔درد نے شاعر کی ایسی قوت کی طرف یوں اشارہ کیا ہے—

درد تو کرتا ہے معنے کے تئیں صورت پذیر
دست رس رکھتے تھے کب بہزاد معنی اس قدر

بے ایسی جسارت کے ممکن نہیں کہ شاعری معرفت کا رنگ قبول کرے۔ باری تعالیٰ کی سب سے بڑی صفت پیدا کرنا ہے۔جب تک انسان کے دل و دماغ میں پیدا کرنے کی قوت موجزن نہ ہو یا دوسرے الفاظ مین جب تک انسان کا تخیل شاعرانہ نہ ہو خالق کائنات کے حسن کا احساس ممکن نہیں۔زندگی نہ صرف پیدا ہونا ہے بلکہ پیدا کرنا بھی ہے اور زندہ دل ہی حیات ابدی کے اَن تھک سر چشمہ۔اس اچنبھے والی کائنات کی روح رواں کو جان اور پہچان سکتا ہے—

اب ایک اور بات پیش نظر رکھنی چاہئے۔وہ یہ کہ معرفت کے عملی میدان میں صاحب دل حضرات صدیوں کے تجربہ کے بعد اس حقیقت پر پہونچے ہیں کہ معرفت کا تنہا کارگر طریقہ عشق ہے—

اب سوال یہ ہے کہ عشق کیا ہے؟ عشق کا سمجھنا صوفیانہ شاعری کے سمجھنے اور اس سے حقیقی لطف اُٹھانے اور سبق حاصل کرنے کے لئے نہایت

ضروری ہے عشق کی بہترین مثال اور عشق کی جڑ وہ کشش ہے جو کنٹھہ کے نکلنے اور سینہ کے اُبھرنے کے بعد ایک تندرست نوجوان اور ایک دوشیزہ کو ایک دوسرے کی طرف کھینچتی ہے۔اس کشش کا اصلی راز وہ زبردست انجان خواہش ہے جو جانداروں کو پیدا کرنے پر ابھارتی اور دھکیلتی ہے۔ جانداروں کی بدنی تنظیم جسمانی عضوبندی کی مشین کا پہلا مقصد یہی ہے کہ مادہ اس تنظیم کے حاصل ہونے کے ساتھہ ہی پیدایش کی قوت کا متحمل ہوجاے۔جان کی اصلی پہچان پیدا کرنے کی قابلیت ہے۔بغیر کسی قسم کی عضوبندی کے جان ہمارے حواس کی گرفت میں نہیں آسکتی اور جہاں جان ہے وہاں اس پراسرار حیرتناک قوت کی کرنیں ایک خود روشن ستارے کی کرنوں کی طرح پھوٹتی رہتی ہیں۔عضوبند جسم کے سانس ہی میں اس قوت کا جادو موجود ہوتا ہے اور گردوپیش کی چیزوں میں اثر کرتا رہتا ہے۔ابھی عرض کیا گیا ہے کہ تخلیقی قوت کا پہلا مقصد توفیر نوع ہے۔نر اور ناری کے میل سے اپنی طرح کے جانداروں کو پیدا کرنا۔یہ ایک معجزہ ہے جو ہر لحظہ دنیا کے ہر آباد گوشہ میں ظہور پذیر ہوتا رہتا ہے۔وہ صنفی میل جس سے دو مست قالب ایک جان ہوجاتے ہیں اس تخلیقی قوت کی بنیادی خصوصیت ہے اور اس طرح میل کھانے کی غرض و غایت کے مدنظر جانداروں کے عضوی نظام میں خاص اعضا برقی آلات سے زیادہ حس والے اور جان جیسی نازک شے کو کیمیائی ترکیب دینے اور اس کی رکھوالی کرنے والے وضع کئے گئے ہیں اور ان اعضا کو ایسی لذت انگیز ارتقا دی گئی ہے کہ اس لذت سے زیادہ کوئی لذت نہیں۔لیکن اس قوت کو محض توفیر نوع تک ہی محدود نہیں رکھا گیا۔اس قوت کو اس افراط سے ودیعیت کیا گیا ہے کہ توفیر نوع کی اوّل ضرورت کے بعد اس کی بہت کافی مقدار فالتو رہتی ہے اور یہ فالتو مقدار بقاے ذات اور نوع کی ثانوی معاشی سیاسی سماجی اور علمی ضرورتوں

بالفاظ دیگر انسانی تمدن کی ترقی میں صرف ہو سکتی ہے۔فطرت کے ہر شعبہ میں۔مادہ کے ہر ذرہ میں۔ایک نہ ایک قوت کام کرتی ہے۔فطرت کا کوئی ننھے سے ننھا ذرہ مردہ نہیں۔اس مادی عالم میں کسی جگہ قوت کا نہ ہونا اسی طرح محال ہے جن معنوں میں خلا کا وجود محال مانا جاتا ہے۔علم کے ہر شعبے میں یعنی ہر سائنس کا موضوع ایک قوت ہوتی ہے اور اس قوت کے اپنے مخصوص ماحول میں کام کرنے کے طریقوں کا مطالعہ اس سائنس کا منشا ہوتا ہے۔عضوی عالم میں جہاں عضو بند اجسام صورت پذیر ہوتے ہیں سب میں زبردست قوت مستی ہے۔اس قوت کا بڑا مقصد یہ ہے کہ عضوی تنظیم کو قایم اور جاری رکھا جاے۔یہ مقصد دو طرح سے حاصل ہوتا ہے۔ایک تو غذا کا فراہم کرنا دوسرے نر اور ناری کے میل سے نسل کو جاری رکھنا۔یہ دو صورتیں نفسیاتی پہلو سے دو زبردست خواہشیں ہیں۔ان کو پورا کرنے کی غرض سے جانداروں کی مستی کی قوت ارتقا پاتی ہے۔یہی مستی غذا اور بر کے حاصل کرنے کی جدو جہد میں تخیل اور تعقل کی کار آمد صورتیں اختیار کرتی ہے اور دماغی ارتقا کا باعث ہوتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ بدنی تنظیم کو بھی زیادہ موزوں اور کار آمد بناتی جاتی ہے —

مستی خواہ کوئی سی صورت اختیار کرے اُس کا رجحان تبدیل ہیئت کے بعد بھی یہی ہوتا ہے کہ بے جان میں جان ڈالے اور پیدا کرے۔لیکن اب تک تو سواے توفیر نوع والی صورت کے اور کسی صورت میں انسان صحیح معنوں میں یعنے گوشت اور پوست والی صورت میں پیدا نہیں کر سکتا۔انسان نے لوہے کے کل پرزوں اور پانی کی قوت کو تنظیم دیکر ہاتھی اور گھوڑے سے کہیں زیادہ کار آمد تنظیم پیدا کر لی ہے لیکن گھوڑے میں جان ہے اور انجن میں نہیں۔ایک بت تراش وی نس ڈی میڈی سی کا بے نظیر بت تراشتا ہے اور حسن کا بہترین نمونہ پیدا کرتا ہے۔اس بت میں زنانہ حسن کا بہترین تصور صورت

پذیر ہے اس میں ایک بھونڈی حبشن کی سی جان کی گرمی نہیں۔ بہ حالات موجودہ جان صرف صنفی میل سے ہی پیدا ہو سکتی ہے اور انسان کی مستی کی یہ کوشش کہ علاوہ صنفی تعلق کے بھی انسان چلتی پھرتی جیتی جاگتی گوشت پوست والی ہستیاں پیدا کرے اور اس کوشش میں متواتر نا کامیابی انسان کو ایک اور زبردست تخلیقی قوت کا پتہ دیتی ہے جو صحیح معنوں میں پیدا کر سکتی ہے۔ علوم اور فنون مذہب اور فلسفہ سائنس اور معرفت کا اصل مقصد یہی ہے کہ اس عظیم الشان قوت کو سمجھا جائے۔ کیوں کہ اگر کہیں جان کے اسرار اور اعلیٰ ترین تخلیقی قوت کا راز سربستہ ہاتھ آسکتا ہے تو وہ ایسی لا محدود قوت والی ذات کے جاننے اور پہچاننے سے۔ مختصر یہ کہ انسان کی جسمانی مشین کی اصلی قوت مستی ہے۔ مستی اُن معنوں میں جو صنفی میل سے واقعی پیدایش کا ذریعہ ہے اور جس کا فالتو حصہ انسانی ترقی اور تمدن کا سبب ہے۔ یہی مستی جب اپنی جملہ ارتقائی صورتوں۔ جذبات کی نیرنگیوں تخیل کی سحر کاریوں تعقل کی سرگرمیوں اور روح کی بجلیوں کے ساتھ اس کائنات کی بے مثال قوت کی جستجو ادراک اور فہم میں منہمک ہو جاتی ہے تو اس رجحان۔ اس طلب ادراک انہماک کو بھی عشق ہی کہتے ہیں جس طرح ایک "جوانی کی راتیں اور مرادوں کے دن" والی محبوبہ کے لئے صنفی میل کا سینہ میں طوفان لئے ہوے ایک نوجوان کی وارفتگی اور محویت کو عشق کہتے ہیں۔

عشق کی اس بحث سے قبل عرض کیا گیا تھا کہ اگر شاعری پر معرفت کا رنگ چڑھانا منظور ہو تو لازمی ہے کہ "کائنات کی روح رواں" کو تخیلی پیکر دیا جائے۔ دوسری بات یہ عرض کی گئی تھی کہ معرفت کے میدان میں 'عشق' ہی صاحب عرفاں کے نزدیک کامیابی کی کنجی ہے۔ ان دونوں باتوں کو پیش نظر رکھنے کے بعد یہ لازمی ہوجاتا ہے کہ موجودات کے خالق کو معشوق قرار

دیا جاے اور عاشقانہ نفسیات کے پردے میں عرفانی جذبات اور واردات کو ظاہر کیا جاے —

اس بات کو محسوس کیا گیا کہ جو لوگ مستی کی اس اعلیٰ ترین ارتقا کے سمجھنے کے اہل نہیں وہ کہیں اس 'عشق' کو اُس مستانہ لگاؤ کی جو ایک مرد کو صنف نازک سے ہوتا ہے تتلی کی آڑ بنا کر طریق معرفت کو رسوا اور بد نام نہ کر دیں اور عارفانہ شاعری کو محض لہو و لعب اور تماشبینی کے رجحانات کے اُبھارنے کا ذریعہ قرار نہ دے لیں لہذا اس فرق کو واضح کرنے کے لئے عشق حقیقی اور مجازی کی موشگافیاں پیدا کی گئیں۔معشوق کو امرد قرار دیا گیا تاکہ صنفی لگاؤ عشق کے تصور سے علیحدہ ہو جاے۔لیکن اس کا نتیجہ حسب دلخواہ نہیں نکلا۔معشوق کو امرد قرار دینے سے امرد پرستی کا شرمناک لپکا پیدا ہوا جس کے نتائج نفسی روگ شاستر کا سبق آموز اور عبرت خیز مواد بن گئے ہیں جس کے متعلق اشارہ کرتے ہوے بھی شرم قلم کو پکڑ لیتی ہے جو لوگ دل صافی نہیں رکھتے تھے جن کے قلوب پر عرفانی کیفیتیں نہیں گذری تھیں اُنہوں نے صاحب دل شعرا کی لفظی نقالی شروع کی۔ایک طرف وہ بلند ترین عشق کا تصور جو خالق کائنات سے متعلق ہے محض زبانی جمع خرچ بن گیا تو دوسری طرف وہ محبت جو ایک تندرست اور صحیح دماغ نوجوان کو ایک دوشیزہ سے ہو سکتی ہے باد ہوائی سی شے بن گئی۔اصلیت اور عصمت سے اس کو کچھہ سروکار نہ رہا —

یہ ایک واقعہ ہے اور اسے ذہن نشین کر لینا چاہئے کہ معرفت کی بنیاد یہی ہماری روزمرہ کی زندگی ہی ہو سکتی ہے اور صاحب دل بزرگوں کا یہ ارشاد بالکل بجا تھا کہ جس نے کسی عورت سے دل نہیں لگایا وہ خدا سے بھی لو نہیں لگا سکتا۔اس لئے کہ ایسے شخص کے انجان کے وہ رجحانات جو عشق کے کے لئے لازمی ہیں اگر ظاہری حسن اور دلربائی سے ہیجان میں نہیں آسکتے تو

ایسے تیرہ دل آدمی کے لئے اس انتہائی حسن کا جو ذات باری تعالیٰ ہے تصور ہی سرے سے ناممکن ہے۔لیکن ساتھ ہی حسن ظاہر کے احساس کے یہ معنے بھی نہیں کہ جہاں اچھی صورت دیکھی اور مست قلندر کی طرح اللہ ہو کا نعرہ مارا اور فسق و فجور کے لئے اس احساس لطیف کو ایک تتّی کی آڑ بنا لیا۔ حضرت درد نے تنبیہ فرمائی ہے —

ہر چند فسق میں تو ہزاروں ہیں لذتیں
لیکن عجب مزا ہے فقط دل کی چاہ کا

یہ حال عارفانہ شاعری کے لئے ذات باری تعالیٰ کا معشوق ماننا اور عشق کے جوش و خروش کے ساتھ معرفت کی کٹھن منزلیں طے کرنا اٹل اصول ہیں۔ اہل دل شعرا سے یہ توقع ہونی چاہئے کہ وہ اپنے اس عظیم الشان عشق کی سرگذشت کو اپنے کلام میں ادا کریں اور یہ 'سرگذشت دل' عاشق و معشوق کی نفسیات کی زبان میں ہونی چاہئے ورنہ محض معرفت کی اصطلاحات کا نظم کر دینا صوفیانہ شاعری نہیں۔بالفاظ دیگر محض لفظی نقالی نہ ہو بلکہ جو واردات اپنے دل پر گذری ہو اس کو ادا کیا جائے —

کرے کیا فائدہ ناچیز کو تقلید اچھوں کی
کہ جم جانے سے کچھ اولا تو گوہر ہو نہیں سکتا

صورت تقلید میں کب معنی تحقیق ہوں
رنگ گو ہے پر گل تصویر میں کیدھر ہے بو

مشتاق گر ترا کچھ لکھے تو کیا عجب ہے
ہوں مثل نرگس آنکھیں پیدا ابھی قلم سے

جب ذات باری تعالیٰ کو معشوق قرار دے لیا جاے تو پھر جو کچھہ جذبات اس عشق عظیم کے معرض بیان میں آئیں گے اُن کی بنیاد وہ عام جذبات ہوں گے جو ایک مسین بھیگتے نوجوان کے دل میں ایک کلی کی طرح کھلتی دوشیزہ کے لئے موجزن ہو سکتے ہیں۔ہر مرد اور ہر عورت کا مزاج اور کیرکٹر ماحول اور تربیت جداگانہ ہوتی ہے اور اس لئے ہر ایک کی محبت کی کیفیت اور جذبات میں ایک خاص انفرادی شان ہوتی ہے جو ایک دوسرے سے سواے عام رجحان کی مماثلت کے اور باتوں میں یکساں نہیں ہوتی۔مثلاً ایک شخص کی محبت میں دیوانہ پن کی کیفیت ہوتی ہے تو ایک کے ہاں سنجیدگی اور غور و فکر کا رنگ غالب ہوتا ہے۔لیکن عموماً محبت کے پیدا ہونے کے لئے یہ نفسیاتی اصول ناگذیر ہے کہ ہر نوجوان اپنے دماغ میں صنف نازک کا ایک ایسا تصور قرار دے لیتا ہے جو اس کی نظر میں مجموعۂ کمالات ہوتا ہے۔یہ تصور ماحول تعلیم و تربیت صحبت اور سوسائٹی کیرکٹر اور مزاج کا نتیجہ ہوتا ہے۔جب کوئی نازک ہستی اس تصور کے مطابق یا لگ بھگ دو چار ہوتی ہے تو انسان کی ساری ہستی اس طرف کھنچ جاتی ہے۔آدمی کا دل آجاتا ہے اور اس ہستی کے بغیر وہ اپنی زیست کو بے معنی اور نامکمل پاتا ہے۔یہی حال عشق حقیقی کا ہے۔انسان اس حیات ارضی پر نظر ڈالتا ہے اور اگر اس کا دل حقیقت کا طالب ہے تو وہ اس حواس والی دنیا کے ہر رخ میں کمال کا متلاشی ہو جاتا ہے۔وہ رفتہ رفتہ انسان اور اس دنیا میں انسان کی کوششوں کے اعلیٰ سے اعلیٰ ثمر کو بھی ہر پہلو سے ناقص پاتا ہے انسان کی دسترس سے باہر اس کو ایسے کرشمے نظر آتے ہیں جو کمال کا پتہ دیتے ہیں اور کمال بھی ہر پہلو سے نہیں اتنے پہلوؤں سے کہ انسان کا تخیل بھی ان کے تصور سے عاجز ہے۔ہر انسان پر ایک نہ ایک دفعہ ضرور ایک آدہ ایسا لمحہ گزر جاتا ہے کہ اس کی آنکھوں پر سے تھوڑی سی دیر کے لئے اندھیری سی اُٹھہ جاتی ہے

اور بجلی کی کوند کی طرح اس سراپا کمال ہستی کی جھلک دکھائی دے جاتی ہے اور انسان اس حواس والی دنیا کو دم بھر اور ہی رنگوں سے رنگین اور ہی کیفیتوں سے رچا ہوا دیکھتا ہے—

آتش عشق قہر آفت ہے
ایک بجلی سی آن پڑتی ہے

لیکن جو نفوس اس جھلک کے بعد پھر محض حواس والے عالم کے طلسمات میں پھنسکر اس کیفیت کو دل سے مٹنے نہیں دیتے وہی لوگ معرفت کے جنون میں مبتلا ہوجاتے ہیں ورنہ عام طور پر لوگ اس جھلک کو تخیل کا دھوکہ قرار دے کر پھر روز مرہ کی حواسی زندگی میں منہمک ہوجاتے ہیں اور بدستور اعتقاد اور فلسفہ کے لفظی روحانی کھلونوں سے ظاہری اطمینان کے ساتھہ کھیلتے رہتے ہیں-آرشی میدیز کا انکشاف ایک ابدی قانون کا ایسا انکشاف تھا جس کی جھلک ہر انسان کو آرشی میدیز سے پہلے دکھائی دیتی رہی اور خود ارشی میدایز نے بھی کئی بار اس خاص نفسیاتی لمحہ کے قبل دیکھی ہوگی لیکن اس نفسیاتی موقع پر ہی اس کے دماغ نے اس طبیعیات کے ایک قانون کی گرفت کی اور ننگ دھڑنگ " پالیا پالیا " گاتا ہوا ناچتا پھرا-جو نفوس کہ اس جھلک کے سمجھنے اور اس کے گرویدہ ہو جانے کے اہل ہیں اُن پر جب کمال حسن کی بجلی گرے تو ان کا کیا حال ہونا چاہئے-اس ابتدائی منزل کی وہ کیفیتیں جو درد پر گذریں یہ ہیں—

حیران آئینہ وار ہیں ہم
کس سے یارب دو چار ہیں ہم
از بس کہ ہیں محو لا تعین
ہر جا بے اعتبار ہیں ہم

—:o:—

دل کس کی چشم مست کا سر شار ہوگیا
کس کی نظر لگی جو یہ بیمار ہوگیا

——:o:——

میں جانتا نہیں ہوں بیٹھے بٹھائے یارب
یوں آپڑی کہاں سے آفت یہ میری جاں پر

——:o:——

انداز وہ ہی سمجھے میرے دل کی آہ کا
زخمی جو ہو چکا ہو کسی کی نگاہ کا

——:o:——

یگانہ ہے تو آہ بے گانگی میں
کوئی دوسرا اور ایسا نہ دیکھا

——:o:——

ناصح میں دین و دل کے تئیں اب تو کھو چکا
حاصل نصیحتوں سے جو ہونا تھا ہوچکا

——:o:——

محبت نے ہم کو ثمر جو دیا
سو یہ ہے کہ سب کام سے کھو دیا

——:o:——

بارے یہ داغ عشق ہوا شہریار دل
مدت سے بے چراغ پڑا تھا دیار دل

——:o:——

حسن کی اس پہلی ٹکر کے بعد جب دل و دماغ ذرا سنبھل پاتے ہیں تو یہ بے چینی شروع ہوجاتی ہے کہ پھر اُس حسن کی کان اُس دل ربا سے آمنا سامنا

ہو-حسن کی بجلی کے دل پھر مزے لے اور اُس کو خوب جی بھر کر دیکھا جاے—

یار جاتا تو رہا نظروں سے کب کا لیکن
دل میں پھرتی ہے مرے درد وہ رفتار ہنوز

——:o:——

پڑے جوں سایہ ہم تجھہ بن ادھر اودھر بھٹکتے ہیں
جہاں جائیں قدم رکھیں تو پہلے سر پٹکتے ہیں

——:o:——

کچھہ ہے خبر تجھے بھی کہ اُٹھہ اُٹھہ کے رات کو
عاشق تری گلی میں کئی بار ہوگیا

——:o:——

جو نور نظر تیرا تصور
تھا پیش نظر جدھر گئے ہم
کس نے یہ ہمیں بھلا دیا ہے
معلوم نہیں کدھر گئے ہم

———

تری تیغ ابرو کا افگار میں ہوں
اگر مجھہ سے ملئے کبھو عیب کیا ہے
نہ بد وضع تو ہے نہ بد کار میں ہوں

———

اُن نے کیا تھا یاد مجھے بھول کر کہیں
پاتا نہیں ہوں جب سے میں اپنی خبر کہیں

محبت کی چنگاری آہستہ آہستہ دل و دماغ میں آگ لگاتی جاتی ہے عاشق کو یہ یقین ہوتا جاتا ہے کہ میری زندگی اس نفس کے بھس میں چنگاری ڈالنے والے کے بغیر زندگی ہی نہیں اور تمام خیالات دور ہوتے جاتے ہیں۔ صرف ایک ہی دھیان چھا جاتا ہے۔یہ دھیان ایک دھن بنتا جاتا ہے اور یہ دھن ایسی لگتی ہے کہ انسان کو کسی بات میں لطف نہیں آتا۔کسی لذت سے لذت۔ کسی حلاوت سے حلاوت نہیں آتی۔اگر لذت ہے تو اس میں کہ اسی کی دھن رہے۔اگر حلاوت ہے تو اسی میں کہ اسی کی تلاش اور جستجو رہے—

اس موقع پر یہ ایک لطیف بات ذہن نشین کرنی لطف سے خالی نہیں۔ اسلامی سماج میں پردہ کا رواج ہے اور مسلمان خواتین ہندوستان میں یورپ والی صنف نازک کی طرح بے پردہ اور بے باک بازار یا محفلوں میں نظر نہیں آتیں۔ایسی سماج کا شاعر جب معشوق حقیقی کی نسبت اپنے دل کی روئداد بیان کرے گا تو فطری طور پر اس کے کلام میں اپنے ہاں کے رسم رواج کی جھلک ہونی چاہئے۔کسی شریف اسلامی خاتون کی زیادہ سے زیادہ جھلک ہی دکھائی دے سکتی ہے اور پردہ کی رسم کی وجہ سے دل پر بجلی گرانے والی پردہ نشین کے محض دیکھہ لینے کی بھی سبیل ہونی قریب قریب ناممکن ہے—

ذات باری تعالیٰ وہ ذات ہے جس کو معمولی آنکھیں نہیں دیکھہ سکتیں اور جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا ہے چند ہی صاحب نصیب ایسے ہوتے ہیں جو اس کی جھلک کو سمجھیں اور اس کے پیچھے ہو لیں۔ہر تیرہ دل کے سامنے بھی حسن ازلی لہریں مارتا رہتا ہے اور کبھی نہ کبھی تھوس سے تھوس اور تیرہ سے تیرہ دل پر بھی اس حسن کی چوٹ لگ ہی جاتی ہے لیکن عام طور پر معمولی انسان اس حسن و جمال سے دو چار ہوتے ہیں اور بعد حواس کے طلسمات میں ایسی ستی بھول جاتے ہیں کہ اس جھلک کو تخیل کی نظر فریبی قرار

دیتے ھیں اور دل کو اس طرح اس جانب سے پھیر لیتے ھیں۔اس پہلو سے معشوق حقیقی بھی گویا پردے ھی میں ھے۔یہ جو کچھہ حواس کے سامنے ھے پردہ ھے اور پردہ کے پیچھے والی ذات کی اصلیت سے اس پردہ پر کی حواسوں کو موھنے والی چلتی پھرتی رنگ برنگی تصویریں انسان کو بے خبر رکھتی ھیں نہیں یہ تصویریں بعض آدمیوں کو اس نتیجہ پر پہونچا دیتی ھیں کہ ان کے پیچھے کوئی اصلیت ھی نہیں۔پردہ کی رسم سے روشن دل شعرا کو ایک پر لطف مماثلت ھاتھہ لگی جو محبوب ازلی کے اوپر بھی من و عن صادق آتی ھے تاھم یہ محض تشبیہہ ھے۔چنانچہ حضرت درد فرماتے ھیں —

آہ پردہ تو کوئی مانع دیدار نہیں
اپنی غفلت کے سوا کچھہ در و دیوار نہیں

ھاں تو ھماری سماج میں پردہ نشین محبوبہ تک رسائی تو بڑی بات ھے دیکھہ لینا بھی دشوار ترین امر ھے۔اسی لئے آپ ھمارے صوفی شعرا کے ھاں کوے جاناں تک پہنچنا محبوبہ کا حجاب اور غضبناکی رسوائی اور جدائی اس کثرت سے پائیں گے کہ گویا عشق میں سوائے ان باتوں کے اور کوئی کٹھن بات نہیں —

ھم نے کس رات نالہ سر نہ کیا
پر اسے آہ نے اثر نہ کیا
سب کے ھاں تم ھوے کرم فرما
اس طرف کو کبھی گذر نہ کیا
دیکھنے کو رھے ترستے ھم
نہ کیا رحم تو نے پر نہ کیا
تم نے تو ایک دن بھی نہ ادھر گذر کیا
ھم نے ھی اس جہان سے آخر سفر کیا

کیا مجھہ کو داغوں نے سرو چراغاں
کبھو تونے آکر تماشا نہ دیکھا
تغافل نے تیرے یہ کچھہ دن دکھائے
ادھر تونے لیکن نہ دیکھا نہ دیکھا

رخ ہمارا بھی اگر پائیے گا
تو تو منہ اپنا بھی دکھلائے گا

تو کب تئیں مجھہ ساتھہ مری جاں ملے گا
ایسا بھی کبھو ہوگا کہ پھر آن ملے گا
یوں وعدے ترے دل کی تسلی نہیں کرتے
تسکین تبھی ہووے گی تو جس آن ملے گا

تو بھی نہ اگر ملا کرے گا
عاشق پھر جی کے کیا کرے گا
اسی آنکھوں اسے میں دیکھوں
ایسا بھی کبھو خدا کرے گا

کیا ہوا مر گئے آرام ہے دشوار ہنوز
جی میں تڑپے ہے پڑی حسرت دیدار ہنوز

یہاں ہماری شاعری کی ایک اور خرابی کی جڑ پر غور کرنا فائدہ سے خالی نہ ہو گا۔ہماری سماج میں ایک طرف تو شریف پردہ نشین خواتین ہیں

کہ ان کے دامن کو ہوا بھی لگنی محال ہے تو دوسری طرف طوائف کا طبقہ بھی موجود رہا ہے۔صوفی شعرا نے اس سماجی واقعہ سے بھی اپنی شاعری میں کام لیا ہے۔بے وفائی یاروں کے تہت کے تہت۔کسی پر مہربانی۔کسی پر قہرمانی۔ کٹر دلی۔خود غرضی۔ہرجائی پن۔نمود اور غرور۔معاملہ کی باتیں۔ضلع جگت پھکڑ آواز سے۔مختصر یہ کہ دلی کے چاوڑی بازار کا نقشہ بھی صوفیانہ شاعری کے لئے مواد فراہم کر سکتا تھا کیونکہ معشوق حقیقی ایک معنے کر پردہ نشین ہے تو دوسرے پہلو سے اسی ذات میں ایسی صفات بھی موجود ہیں جن کی مماثلت طوائف کے طبقہ میں مل سکتی ہے۔واقعہ یہ ہے کہ عشق کی کٹھن راہ میں جب عاشق بعض اوقات اُکتا جاتا ہے اور اس وقت پیار سے بگڑ کر باری تعالیٰ کی صفات کا طوائف کے پہلو سے مطالعہ کرتا ہے۔اس کے یہ معنے نہیں کہ اس نے دل ہٹا لیا۔نہیں۔دل بیچارہ تو جا چکا اور ایسا گیا کہ اب قیامت کیا قیامت کے بعد بھی اپنا نہیں ہو سکتا۔عاشق بیچارہ عشق کے لوہے کے چنے چباتے چباتے جی ہار جاتا ہے اور اپنے دل کا تھوڑا بہت بخار نکالنے کے لئے اسی اپنے 'جان جہان' کو اس پہلو سے بھی مطالعہ کرتا ہے۔علاوہ اس کے 'عشق الہی' ایک نہایت وسیع اور عمیق مطالعہ ہے اور اس مطالعہ یعنے بالفاظ دیگر عشق کے دوران میں کوئی پہلو نہیں چھوٹنا چاہئے اور طوائف بھی خدا کی خدائی سے خارج نہیں۔لہذا باری تعالیٰ کے متعلق اہل دل شعرا نے اس تماشبینی کے رخ سے جو جذبات ادا کئے نہ تو اس میں کوئی مذموم رنگ تھا اور نہ اس قسم کے اظہار جذبات سے یہ ظاہر کرنا مقصود تھا کہ عاشق کا دل پھٹ گیا۔یہ جو کچھہ تھا محض پیار میں خالص عشق کے تقاضے سے اور اس کا اصل منشا علم تھا۔۔

بد قسمتی سے ایسے شعرا نے جو رموز عشق سے کورے تھے اس شوخ پہلو کو زیادہ چٹپٹا پایا چونکہ خود معرفت سے بے بہرہ اور دل کے اندھے تھے نتیجہ

یہ ہوا کہ صوفیانہ شاعری کے اس رخ کی بھی نقالی کی اور دل کھول کر کی یہاں تک کہ اُردو شاعری کا بہت بڑا حصہ خیالات اور زبان دونوں لحاظ سے چکلوں کا ناپاک حسن سے عاری مرقع بن گیا۔ شاعری کا اس قدر ھدڑا کھویا گیا کہ نوبت یہاں تک پہونچ گئی کہ اس قسم کے شعرا کے دیوانوں کو کوئی بھلا مانس اپنی بہن یا بیوی کے ھاتھوں میں دینا پسند نہیں کر سکتا۔ درد عارف تھے۔ ترجمان دل تھے۔ انھوں نے بھی سماجی رسم و رواج کے اس رخ سے یہی کام لیا ھے۔ لیکن اُسی طرح جس طرح ایک زندہ دل شاعر کو کام لینا چاھئے۔ اُن کا دیوان بے تکلف شریف بی بیوں کے ھاتھوں میں دیا جا سکتا ھے چنانچہ اس ضمن میں یہ لطیفہ لطف سے خالی نہیں۔ نظامی پریس بدایوں کے مالک اور مہتمم صاحب اپنے مطبع کی دیوان درد کے ایڈیشن کی گذارش میں تحریر فرماتے ھیں —

"اخلاقی نکات سے ان کا کلام مالا مال ھے۔ دیوان..... پند و نصائح کے بیش بہا جواھر ریزوں کا گنجینہ ھے....." —

یہ بحیثیت نقاد کے نہیں لکھا گیا ھے کیونکہ کسی شاعر کے کلام میں پند و نصائح کا ھونا اس بات کی دلیل نہیں کہ اس میں شاعرانہ خوبی بھی ھے لیکن یہاں محض اس امر پر زور دینا مقصود ھے کہ درد کا کلام اس عامیانہ سوفیانہ پن اور چکلے کے رنگ سے اس قدر پاک ھے کہ اس زمانہ کے بدلے ھوے مذاق کے لحاظ سے ان کے کلام کی یہ خوبی تجارتی حیثیت سے بھی قیمتی ھے۔ اس رنگ کے چند اشعار ذیل میں درج کئے جاتے ھیں —

تو اپنے دل سے غیر کی الفت نہ کھو سکا
میں چاھوں اور کو تو یہ مجھ سے نہ ھو سکا

سو بار دیکھیں میں نے تری بے وفائیاں
تس پر بھی نت غرور ہے دل میں نباہ کا

تجھہ سے کچھہ دیکھا نہ ہم نے جز جفا
پردہ کیا کچھہ ہے کہ جی کو بھا گیا

چھپے ہرگز نہ مثل بو وہ پردوں کے چھپانے سے
مزہ پڑتا ہے جس گل پیرہن کو بے حجابی کا

تو بن کہے گھر سے کل گیا تھا
اپنا بھی تو جی نکل گیا تھا
بارے پھر مہربان ہوا ہے
بے طرح سے کچھہ بچل گیا تھا
آنسو میرے جو انھوں نے پونچھے
کل دیکھہ رقیب جل گیا تھا

عہد شکن ہو خواہ وہ دل شکنی کیا کرے
اس کی طرف سے ہو سو ہو آپ نباہ کیجئے

مدت سے وہ تپاک تو موقوف ہو گئے
اب گاہ گاہ بوسہ بہ پیغام رہ گیا

جس دل پہ بیوفائی معشوق کے سبب
یہ کچھہ گذر چکا ہو وہ پھر چاہ کیا کرے

بیزار اگر مجھہ سے ہو مختار ہو بہتر
دل جس سے ملے اپنا ملا کیجئے اس سے
اوروں سے تو ہنستے ہو نظروں سے ملا نظریں
ایدھر کو نظر کوئی پھینکی بھی تو دزدیدہ
جو اس طرح غیروں سے ملتا پھرے ہے
کبھی تو ہمارا بھی وہ آشنا تھا

جب محبت دل میں جاگزیں ہو جاتی ہے تو عاشق کی سب میں بڑی کوشش یہ ہوتی ہے کہ وہ معشوق کے دل میں گھر کرے۔کسی کے دل میں گھر کرنے کے لئے یہ بات ضروری ہے کہ عاشق اپنے آپ کو اس قابل بنائے کہ طرف ثانی کے من کو موہ لے۔خواہ محبت ہو خواہ عشق الہی۔قابلیت کا معیار صرف ایک ہی ہے۔دل دردمند۔یہاں دل وسیع ترین معنوں میں ہے اور روح کے ہم معنے۔ اب سوال یہ ہے کہ 'درد' سے کیا مراد ہے اور دل کس طرح 'دردمند' بن سکتا ہے ۔

'درد' محنت کی انتہائی ارتقا ہے۔کوئی چیز بغیر محنت کے حاصل نہیں ہو سکتی۔اس دنیا میں وہی چیز زیادہ اعلیٰ۔زیادہ گراں قدر ہے جو زیادہ محنت کے بعد ہی ہاتھہ آسکے۔انسان کی تعلیم۔انسان کی زندگی ایک مسلسل محنت کی تربیت ہے اور اس تعلیم اس زندگی میں ہر آگے کا قدم زیادہ محنت طلب ہوتا جاتا ہے۔محنت کے دو رخ ہیں۔ایک تو یہ کہ ایک آدمی خود ایک شے ایک کام کے پیچھے اپنی جسمانی اور دماغی قوت وقف کر دے اور اس

مقصد کے حصول، اس کام کے سر انجام میں کسی قسم کے کسالے سے منھہ نہ موڑے۔ دوسرا رخ محنت کا انسان کے بس کے باہر ہے۔اسے اس زندگی کے دوران میں اپنی خود اختیار کردہ سرگرمیوں کے علاوہ ایسی محنت بھی برداشت کرنی پڑتی ہے جو خارجی حالات اور قوتیں اس پر عائد کرتی ہیں۔یہ محنت خود خواندہ نہیں ہوتی اور اس قسم کی محنت کو جو خارجی اسباب سے انسان پر عائد ہوتی ہے مصیبت کہا جاتا ہے۔ایک آدہ مثال لیجئے۔ایک سائنس داں ایک مسئلہ کے حل میں منہمک ہے۔کتابوں کا مطالعہ۔ایک نہیں بیسوں تجربے کرنا اور سب میں بڑی بات یہ کہ نئی بات کا سونچنا یہ سب محنت اور سخت محنت کی باتیں ہیں جو وہ اس مسئلہ کی دھن میں مردانہ وار خود اختیار کرتا ہے۔ اسی انہماک فطرت سے جد و جہد اور نفسی کد و کاوش کے دوران میں اس کی صحت بگڑ جاتی ہے۔اس کو کسی عزیز قریب کے موت کا صدمہ اُٹھانا پڑتا ہے یا کسی بینک کے دیوالیہ ہو جانے سے اس کی ثروت، اس کی پونجی ہاتھہ سے نکل جاتی ہے۔ان آخرالذکر باتوں کو جو اس کے بس کی نہیں مصیبتیں کہا جائے گا لیکن ان کا اور پہلی قسم کی محنتوں دونوں کا نتیجہ ایک ہے۔دکھہ سہنا، درد برداشت کرنا، اس طرح کے دکھہ درد کا اُٹھانا روح کا مانجنا ہے۔اس سے ہی مرد مردانہ اور آدمی انسان بنتا ہے۔ہر کام اچھا یا برا محنت کا طالب ہے۔محض زندگی۔سانس کا لینا محنت ہے۔محنت کا صلہ روح کی ارتقا اور ان صورتوں میں کہ محنت کامیاب رہے اس ارتقا کے ساتھہ حلاوت اور مسرت بھی شامل ہو جاتی ہے—

محبت کی پہلی کڑی محنت یہ ہے کہ عاشق کا لگاؤ سچائی پر مبنی ہو یعنے بغیر معشوق کے اس کی زندگی ناممکن ہو جائے۔محبت میں ناکامی موت کا حکم ہو جائے۔اس طلب صادق کے پیدا ہوتے ہی عشق صحیح معنوں میں انسان کے دل میں جلوہ گر ہوتا ہے اور اس کی کل ہستی میں ایک نئی روح

سرایت کر جاتی ہے اور عاشق کا رواں رواں محسوس کرتا ہے کہ معشوق بن زندگی ہیچ ہے۔جب تک یہ بات نہ پیدا ہو عاشق عاشق نہیں ہو سکتا—

گرچہ ہم مردہ دل اے جان جہاں جیتے ہیں
تجھہ بن اے وائے جو سمجھیں تو کہاں جیتے ہیں
زندگی جس سے عبارت ہے سو وہ زیست کہاں
یوں تو کہنے کے لئے کہئے کہ ہاں جیتے ہیں

مجھے یہ ڈر ہے دل زندہ تو نہ مر جاوے
کہ زندگانی عبارت ہے تیرے جینے سے

محبت صرف عورت سے ہی نہیں ہوتی۔انسان جس بات پر اپنا دل لگاوے وہی عشق ہے۔زندگی اصلی معنوں میں وہی ہے کہ انسان کے سامنے ایک واضح مقصد ہو اور انسان کی تمام قوت، جسمانی اور روحانی اس مقصد کے لئے آخر دم تک وقف رہے۔مثلاً ایک شخص کے دل میں موجد بننے کا ولولہ ہے اور علوم طبیعی کے کسی ایک شعبہ سے اس کو دل بستگی ہے۔ رفتہ رفتہ یہ دل بستگی اس کی زندگی کا مرکز بن جاتی ہے یعنے عشق کی صورت اختیار کرتی ہے۔اس کے دوسرے الفاظ میں یہ معنے ہوں گے کہ یہ شخص اپنے دل کو سونپ اور مطالعہ مشاہدہ اور تجربہ کی کٹھن منزلوں میں درد کی تربیت دیتا ہے، مستقل مزاجی، تسلسل فکر، صحت استدلال، بے لاگ مشاہدہ، جچا تلا تجربہ، ان باتوں کی صلاحیت اپنے آپ میں پیدا کرتا ہے اور اس طرح اپنی اُن تمام ذہنی اور کیریکٹر کی خوبیوں کے ساتھہ اپنی زندگی اپنی اس محبوبہ شعبہ طبیعیات کی نذر کر دیتا ہے—

عشق کے لئے پہلی اٹل شے طلب صادق ہے۔یہ طلب صادق اپنے آپ نہیں پیدا ہوتی۔جیسا کہ کہیں پہلے عرض کیا گیا ہے یہ طلب معشوق حقیقی کی جھلک

دیکھنے سے پیدا ہوتی ہے۔اس جھلک کے بعد اگر انسان پھر محض حواس فریب عالم کے دھوکے میں نہیں پھنسا تو اب اس کا دل اس جھلک والی ہستی کے پیچھے دیوانہ ہوجاتا ہے۔

جب مرد کو کسی عورت سے الفت ہوتی ہے تو یہی ہوتا ہے کہ عاشق کے دل میں اس عورت کے سوا اور کسی کی تصویر نہیں رہتی۔روز بروز یہ تصویر ہر پہلو سے واضح اور راسخ ہوتی جاتی ہے یہاں تک کہ کسی اور تصویر کی موہوم سی لکیر بھی باقی نہیں رہتی۔اس لئے کہ ہر وقت کے تصور اور انہماک سے عاشق کا دل زیادہ صاحب احساس ہوتا جاتا ہے اور معشوق کے حسن کو ہر پہلو سے جذب کرتا جاتا ہے۔لیکن محض دل پر تصویر کا کھنچ جانا کافی نہیں۔اپنی محبوبہ کو حاصل کرنے کے لئے عاشق کو اپنے ماحول کے مطابق اپنے دل میں اعلیٰ انسانی صفات کو اُبھارنا اور اُن کو اُبھار کر ان کے مطابق عمل پیرا ہونا پڑتا ہے اور اس طرح عاشق کا دل منجھتا اور اس کا کیرکیر بنتا جاتا ہے اور عشق سے قبل والی حالت سے اعلیٰ اور برتر ہوتا جاتا ہے اور یہ ساری کڑیاں اس لئے جھیلی جاتی ہیں کہ یہ تربیت یافتہ درد مند دل یعنی اپنا اعلیٰ کیرکٹر اپنی بہتر زندگی اپنی من موہن ہستی کے لئے وقف کردی جائے۔

عشق الٰہی میں یہ درد کی تربیت انتہائی ہوجاتی ہے۔جو دل اس کائنات کی برترین ہستی سے لو لگائے اس کا دل اس قدر زندہ صاحب احساس ہونا چاہئے کہ اس انتہائی حسن کی جگ پھیلی کرنوں کو محسوس کرے خواہ یہ کرنیں حواس کے ذریعہ دل کو متاثر کریں خواہ اُن غیر مرئی صورتوں میں دل سے ٹکرائیں جہاں عام حواس کام نہیں دیتے اور الفاظ جواب دے دیتے ہیں۔اس زبردست تربیت کو انسان کا دل (روح) ہی برداشت کرسکتا ہے اور مخلوقات میں انسان کے لئے یہی طرۂ امتیاز ہے کہ اس کا دل اس عظیم الشان

درد کی تربیت کو حاصل کرکے خالق کائنات کے لا زوال نور سے مالا مال ہو سکتا ہے—

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لئے کچھہ کم نہ تھے کرو بیاں

اکسیر پر مہوس اتنا نہ ناز کرنا
بہتر ہے کیمیا سے اپنا گداز کرنا

صوفیانہ شاعری میں اس زبردست عشق کی زبردست درد کی تربیت پر بہت زور دیا جاتا ہے-عاشق کی جہاں کو جلانے والی آہیں' زمین کے پہاڑوں اور آسمان کے ستاروں کو ہلا دینے والے نالے' ہجر کا وہ کرب کہ جس سے پتھر کا کلیجہ پگھل جاے-یاد جاناں میں وہ تڑپ کی بجلی بھی شرماے' یہ تمام باتیں اُس دل کی تربیت پر زور دیتی ہیں جس کے بغیر عشق الٰہی نا ممکن ہے—

دل عاشق کی بے قراری کو
وہ ہی سمجھے ہے جو کہ محرم ہے
درد کا حال کچھہ نہ پوچھو تم
وہی رونا ہے نت وہی غم ہے

نالہ فریاد آہ اور زاری
آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا
ان لبوں نے نہ کی مسیحائی
ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا

عاشق بیدل ترا یاں تک تو جی سے سیر تھا
زندگی کا اس کو جو دم تھا دم شمشیر تھا
اشک نے میرے ملاے کتنے ھی دریا کے پاٹ
دامن صحرا میں ورنہ اس قدر کب گھیر تھا

اگر یوں ھی یہ دل ستاتا رھے گا
تو اک دن مرا جی ھی جاتا رھے گا
خفا ھو کے اے درد مر تو چلا تھا
کہاں تک غم اپنا چھپاتا رھے گا

ھم نے کس رات نالہ سر نہ کیا
پر اسے آہ نے اثر نہ کیا

پرورش غم کی ترے یاں تئیں تو کی دیکھا
کوئی بھی داغ تھا سینہ پہ کہ ناسور نہ تھا

رکھتا ھوں ایسے طالع بیدار میں کہ رات
ھم سایہ میرے نالوں کی دولت نہ سو سکا
گو نالہ نارسا ھو نہ ھو آہ میں اثر
میں نے تو در گزر نہ کی جو مجھہ سے ھو سکا

چاک جگر تو سینکڑوں خاطر میں کچھہ نہ تھے
دل کی تپش کے آگے میں ناچار ھو گیا

کھٹکی کبھو دلوں میں نہ تیری صدا جرس
نالہ مرا تو چھوٹتے ہی پار ہو گیا
بیٹھا تھا خضر آکے مرے پاس ایک دم
گھبرا کے اپنی زیست سے بیزار ہو گیا

روتا ہے گرم جوشی جی یاد کرکے درد
آتش نے مجھ کو شمع کے مانند تر کیا

سو بار سوز عشق نے دی آگ پھر ہنوز
دل وہ کباب تھا کہ جگر خام رہ گیا

سینہ و دل حسرتوں سے چھا گیا
بس ہجوم یاس جی گھبرا گیا

اذیت مصیبت ملامت بلائیں
ترے عشق میں ہم نے کیا کیا نہ دیکھا

کرتا رہا میں دیدہ گریاں کی احتیاط
پر ہو سکی نہ اشک کے طوفان کی احتیاط
خار مژہ پڑے ہیں مرے خاک میں ملے
اے دشت اپنے کیجیو داماں کی احتیاط

سب خون دل ٹپک ہی گیا بوند بوند کر
اے درد بسکہ عشق سے میں تھا شکستہ دل

گلیم بخت سیہ سایہ دار رکھتے ہیں
یہی بساط میں ہم خاکسار رکھتے ہیں
بسان کاغذ آتش زدہ مرے گلرو
ترے چلے بھنے اور ہی بہار رکھتے ہیں

مژگان تر ہوں یا رگ تاک بریدہ ہوں
جو کچھہ کہ ہوں سو ہوں غرض آفت رسیدہ ہوں
ہر شام مثل شام ہوں میں تیرہ روزگار
ہر صبح مثل صبح گریباں دریدہ ہوں
اے درد جا چکا ہے مرا کام ضبط سے
میں غمزدہ تو قطرۂ اشک چکیدہ ہوں

مجلس میں یار ہوے نہ شمع و چراغ کو
لاویں اگر ہم اپنے دل داغ داغ کو

ہر طرح زمانہ کے ہاتھوں سے ستم دیدہ
گر دل ہوں تو آزردہ خاطر ہوں تو رنجیدہ
اے شور قیامت رہ اودھر ہی میں کہتا ہوں
چونکے ہے ابھی یاں سے کوئی دل شوریدہ

بد خواہ سبھی عالم گو ہووے تو ہو لیکن
یا رب نہ کسی کے ہوں دشمن یہ دل و دیدہ

نالہ و آہ کیجئے خون جگر ہی پیجئے
عہد شباب کہتے ہیں موسم نا و نوش ہے
آتش گل جنوں مرا گرم کرے سو یہ نہیں
سینہ ہمیشہ آگ ہے دل میں سدا ہی جوش ہے

پگھلا دل اثر نہ مرے حال پر کبھی
ہر چند روتے روتے میں نالے بہا دئے
سیلاب اشک گرم نے اعضا مرے تمام
اے درد کچھ بہا دئے اور کچھ جلا دئے

ایسے حضرات نے جو اہل دل نہ تھے اس کی بھی نقالی شروع کی۔ چونکہ ان لوگوں نے اس درد کی تربیت کے میدان میں قدم نہ رکھا تھا ان کے ہاں یہ نالے اس قدر بے تاثیر اور محض لفظ ہی لفظ رہ گئے کہ ان پر ظرافت کا تازیانہ اُڑنے لگا اور تازیانہ بھی نفیس اور شایستہ نہیں بلکہ تمسخر کا۔ گنوارو بیلوں والا کوڑا۔ اُردو شعرا کے بے گنتی دیوان اس قسم کے طومار سے بھرے پڑے ہیں—

ہم سے دل مردہ اگر رات کو جاگے تو کیا
چشم بیدار تو ہے پر دل بیدار نہیں

نالہ زار درد کا ہر اک
چھوٹتے دل کے پار گذرے ہے

غمناکی بیہودہ رونے کو ڈبو دیتی ہے
گر اشک بجا ٹپکے آنسو نہیں موتی ہے

اس 'درد کی تربیت' کو جارج میرڈتھہ نے اپنی کتاب The Shaving of Shagpat 'شیگ پت کی سر منڈائی' میں انسان کی ترقی کے لئے ضروری دکھایا ہے۔یہ کتاب مشرقی پیرایہ میں لکھی گئی ہے اور انگریزی ادب کے دور حاضر کا ایک حیرت ناک کارنامہ ہے اگرچہ اس کتاب کو تصوف سے کوئی تعلق نہیں لیکن میرڈتھہ نے یہ دکھایا ہے کہ اصلی ترقی بغیر رنج و محن کے نصیب نہیں ہو سکتی' بغیر تازیانوں کے آدمی انسان نہیں بن سکتا اور فطرت کی قوتوں کو قابو میں نہیں لا سکتا—

تصوف کا تمامتر دار مدار اسی پر ہے کہ محنت اور مصایب کی چوٹیں دل پر ایسی لگائی جائیں کہ دل پکا پھوڑا' انتہائی صاحب احساس بن جاے۔ درد کی آگ میں دل کو ڈالنے سے ہی انسان کے دل پر کا زنگ صاف ہوتا ہے یعنے بے حسی دور ہوتی ہے۔حضرت درد نے ذیل کی غزل میں جو دراصل ایک نظم ہے اس تربیت کو شاعرانہ حیثیت سے اسی طرح ادا کیا ہے کہ اُردو ادب میں اس کا جواب تلاش سے بھی نہیں ملتا—

سرگذشت پروانہ

کاش تا شمع نہ ہوتا گزر پروانہ
تم نے کیا قہر کیا! بال و پر پروانہ

کیوں اسے آتش سوزاں میں لئے جاتی ہے
سوجھتا بھی ہے تجھے کچھہ نظر پروانہ ؟
شمع کے صدقے تو ہوتے ابھی دیکھا تھا اسے
پھر جو دیکھا تو نہ پایا اثر پروانہ
ایک ہی جست میں لی منزل مقصود اس نے
راہرو رشک کی جا ہے سفر پروانہ
شمع تو جل بجھی اور صبح نمودار ہوئی
پوچھوں اے درد میں کس سے خبر پروانہ ؟
گر ترا حسن برشتہ نظر آجاے اسے
نت رہے آگ میں سوز جگر پروانہ

حیات انسانی یا یوں کہئے روح کے بہاؤ کے دو رخ ہیں-ایک رخ تو وہ ہے جس کے حواس دروازے ہیں-قدرت کے رنگ روپ، کائنات کو ڈھالنے والی قوتوں کے کرشمے، عنصروں کی نیرنگیاں، ستاروں کی بھول بھلیاں اور اس سے قدرت کے ماحول میں انسان اور انسانی سماج کی ارتقا، انسانی نفس کی قوتوں کے عجیب عجیب کھیل، یہ انسان کی درد کی تربیت کا ایک لا متناہی میدان ہماری حیات کا ایک رخ ہے-اس رخ سے بھی معرفت حاصل کی جا سکتی ہے-حواس تعقل کی بنیاد ہیں اور تعقل سائنس کی روح رواں ہے لیکن سائنس کا پاؤں چوبیں اور بو جہل ہے، اگر چہ سائنس کی ارتقا انسانی حیات کے حواس والے رخ کی ارتقا کے لئے ناگذیر ہے تاہم سائنس کی ترقی نہایت دیر طلب ہے-خدا ہی جانے اس دن کے لئے کتنی صدیاں، نہیں کتنے قرن درکار ہیں جس دن طبیعی اور سماجی علوم اس قدر ترقی پا جائیں کہ ان کا عطر ایک علم معرفت کی صورت اختیار کر لے-چنانچہ ان حالات کے مد نظر اس رخ سے معرفت کے

حاصل کرنے کے متعلق درد نے اپنے زمانہ میں جو کچھہ کہا وہ اب تک درست ہے —

جس مسند عزت پہ کہ تو جلوہ نما ہے
کیا تاب گزر ہووے تعقل کے قدم کا

جس زمانہ میں درد نے اُردو میں معرفت کے بیج بوئے اس وقت تک طبیعی اور سماجی علوم موجودہ رتبہ پر بھی نہیں پہونچ سکے تھے۔خود انگلستان میں ورڈس ورتھہ جیسا قدرت کے مندر میں ذات باری تعالیٰ کا پجاری یا سماج کے الجھاوون میں، برونگ جیسا حکیم مطلق کا متلاشی معرض ظہور میں نہیں آیا تھا۔لہذا درد کی تربیت اس رخ سے درد کے کلام میں نہیں ملے گی۔کہیں کہیں جھلک ضرور ہے مگر برائے نام۔البتہ درد جیسے روشن دل سے اس پہلو کی اہمیت پوشیدہ نہیں تھی۔فرماتے ہیں —

سمجھنا فہم گر کچھہ ہے طبیعی سے الٰہی کو
شہادت غیب کی چاہو تو حاضر ہے گواہی کو

اس حواس والے رخ کے علاوہ حیات انسانی کا ایک اور رخ بھی ہے۔وہ رخ جسے خاص طور پر روح کہا جاتا ہے۔اہل دل اصحاب کا بیان ہے کہ اس رخ کے مطالعہ اور اس رخ کو درد کی تربیت کے ذریعہ جگانے اُبھارنے اور مانجنے سے معرفت کی قریب تر راہیں کُھل جاتی ہیں۔واقعہ یہ ہے کہ انسان حواس والے رخ کی نظر فریب۔دل کش بھول بھلیاں میں ایسا پھنس جاتا ہے کہ اس کی ہستی کا یہ پہلو بیدار نہیں ہونے پاتا۔اس رخ کو 'چشم باطن' صحیح معنوں میں 'روح' کہا جاتا ہے۔صوفیاے کرام دل سے مراد انسانی ہستی کے اسی رخ سے لیتے ہیں اور حواس والے رخ کو 'خودی' سے تعبیر کرتے ہیں۔معرفت جسے کہتے ہیں وہ اسی 'چشم باطن' کے کھولنے اور مانجنے کا زبردست کارنامہ ہے۔حواس والے رخ میں اور اس رخ میں امتیاز کرنا یا جیسا کہ صوفیانہ شاعری میں کہا جاتا ہے خودی کو مٹانا اور بھلانا وہ کڑی ریاضت ہے جو ہر طالب

صادق کو کرنی پڑتی ہے—

سو رنگ سے ہیں جلوہ نما گو بتان خلق
اپنا ترے سوا کوئی دل خواہ ہی نہیں

یہاں ایک غلط فہمی کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے-حواس والے رخ-خودی-کو فراموش کرنے یا مٹا دینے کے لئے یہ لازمی نہیں ہے کہ آدمی تارک دنیا ہو جاے-جب صوفیانہ خیالات نے شاعری کے ذریعہ رواج پایا اور بد قسمتی سے ہر کس و ناکس معرفت کا دم بھرنے لگا تو تیرہ دل اور تنگ نظر لوگوں نے اس مسئلہ کی بھی بھد اُڑادی اور روز مرہ کی دنیا سے بھاگنا گرد و پیش کی ذمہ داریوں سے جی چرانا 'خودی' سے نجات پانے کے لئے ضروری بیان کیا جانے لگا-لیکن جو واقعی اہل دل بزرگ تھے اُن کے کلام میں اس قسم کی تعلیم آپ کو ہرگز نہیں ملے گی-جو دل کہ روشن ہے اس کے لئے یہ خارجی دنیا جو حواس سے محسوس کی جاتی ہے خالق مطلق کی ہی بنائی ہوئی' اسی کی قدرت کاملہ اور کبریائی کا ظہور ہے—

دونوں جہاں کو روشن کرتا ہے نور تیرا
اعیان ہیں مظاہر ظاہر ظہور تیرا
ہے جلوہ گاہ تیرا کیا غیب کیا شہادت
یاں بھی شہود تیرا واں بھی حضور تیرا

ہے غلط گر گمان میں کچھہ ہے
تجھہ سوا بھی جہان میں کچھہ ہے
دین و دنیا میں توہی ظاہر ہے
دونوں عالم کا ایک عالم ہے

اس ہستی خراب سے کیا کام تھا ہمیں
اے نشۂ ظہور یہ تیری ترنگ ہے

اس آخری شعر میں ہستی خراب سے مراد ناپائدار مایا کی سی ہستی یعنی حواس والے رخ سے ہے۔ 'ہمیں' میں 'ہم' کے معنے اُس 'الٰہی چنگاری' روح کے ہیں جو پائدار اور "کائنات کی روح رواں" کی ایک انمٹ کرن ہے جس کے متعلق یہ پوچھنا پڑتا ہے —

دونوں عالم سے کچھ پرے ہے نظر
آہ کس کا دل و دماغ ہوں میں؟

حضرت درد نے اس مسئلہ کو اور واضح کیا ہے۔ روزمرہ کی زندگی کے جھمیلوں اور کھکھیڑ کا برداشت کرنا جب تک جان میں جان ہے ضروری بتایا گیا ہے۔ ان مصائب اور محن کو بھی معرفت میں ترقی کا ذریعہ گردانا گیا ہے —

حادثۂ زمانہ کیا تیری جفا تو کیا بلا
ہم کو سپہر مت ترا نیش بھی یاں تو نوش ہے
محنت و رنج و غم سے یاں درد نہ جی چھپائیے
بار سبھی اُٹھائیے جب تئیں سر ہے دوش ہے

اور یہ وہ مردانہ تعلیم اور صداقت ہے جو ہمیشہ تازی کی تازی رہے گی اور ہندوستان ہو یا انگلستان ہر جگہ حوصلہ مند دماغوں میں تیر کی طرح جا بیٹھے گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جد و جہد حیات میں کیرکٹر کی تعمیر اسی طرح ہوتی ہے کہ واقعات نا موافق کے تھپیڑے مردانہ وار کھائے جائیں۔ زمانہ کا ہر نیش تقویت کی پچکاری ہے۔ ہر ناسازگار حادثہ قوت کا سرچشمہ ہے۔ اس مردانہ وار مقابلہ سے ہی انسان کی زندگی بہتر اور برتر ہوتی ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ ہر شخص کا مطمح نظر معرفت ہی ہو لیکن یہ ناگذیر ہے کہ جو با ہمت

دل معرفت کی اعلیٰ برکتیں حاصل کرنی چاہتے ہیں وہ اپنی زندگی کو 'بار سبھی' اٹھا کر ایک مردانہ زندگی بنائیں—

ان اُمور کی وضاحت کے بعد حضرت درد کے اس امر پر زور دینے سے کہ معرفت کی منزلیں طے کرنے کے لئے پہلی شرط اور نہایت کڑی تربیت یہی ہے کہ حواس والے رخ-خردی-سے دل کو ہٹایا جائے کوئی غلط فہمی پیدا نہیں ہو سکتی جب تک 'طالب حق' کا دل 'چشم ظاہر' حواس کا کنونڈا ہے حقیقت کا پتہ چلنا محال ہے-چشم ظاہر کا بند ہونا یعنے حواسی طلسمات کے اُلجھیڑے سے اپنے آپ کو نکالنا معرفت کی پہلی اور بڑی کٹھن سیڑھی ہے—

دور نہیں ہوا ہمیں رنج شعور ساقیا
اک دو جام اور بھی باقی ابھی تو ہوش سے
خلوت دل نے کر دیا اپنے حواس میں خلل
حسن بلائے چشم ہے نغمہ وبال گوش ہے
دل کو سیاہ مست کر کچھ بھی تجھے جو ہوش ہے

.....

خیر تجھے جو چاہئے بد رقہ جنوں نہ چھوڑ
ہم نے جہاں کی سیر کی رہزن خلق ہوش ہے

آگاہ اس جہان سے نہیں غیر بے خودان
جاگا وہی ادھر سے جو موند آنکھ سو گیا
غافل خدا کی یاد پہ مت بھول زینہار
اپنے تئیں بھلا دے اگر تو بھلا سکے
مست شراب عشق وہ بیخود ہے جس کو حشر
اے درد چاہے لائے بخود پھر نہ لا سکے

اس حواس والے روح کے رخ کو بہلانے کی ضرورت نے شعراے اہل دل کو شراب کی تشبیہہ سے کام لینے کا موقع دیا۔شراب کی تاثیر یہ ہے کہ انسان گردوپیش اور عام سماجی بندشوں کو فراموش کردیتا ہے اور اس کے انجان کے وہ اصلی جذبات اور رجحانات جو نشہ سے قبل قابو میں رہتے ہیں اور سماج اور ماحول کے شکنجہ میں کسے رہتے ہیں کھل کھیلتے ہیں۔اگر انسان پر اسی طرح کوئی کیف ایسا طاری ہو کہ اس کے حواس میں خلل پڑجاے یعنے حواس والی "قید خانہ کی دیواریں" جو اس روح کو چو طرف سے دباے رہتی ہیں اس کیف میں پگھل سی جائیں تو ظاہر ہے کہ روح کا دوسرا رخ اپنی حقیقت کا خزانہ کھول دے گا۔یہ کیف یہ نشہ 'حسن بے مثال' کے احساس اور اس حسن بے مثال والی ذات کے عشق سے پیدا ہوتا ہے۔لہذا شعراے متصوفین نے عشق کی اس تاثیر اور کیفیت کو شراب کی تشبیہہ اور استعارے میں ادا کیا ہے۔بد قسمتی سے غیر اہل دل شعرانے اس کی بھی نقالی کی۔ چونکہ صاحب عرفان نہ تھے ان کے شراب والے اشعار میں عرفانی لذت باقی نہ رہی اور چونکہ ان میں سے بعض نے کبھی شراب کا لطف بھی نہیں اُڑایا تھا لہذا اُن کے اس قسم کے کلام میں شراب کی اصلی کیفیت بھی پیدا نہیں ہوئی۔محض لفاظی اور منہ چڑانا ہوگیا—

حضرت درد کا اس رنگ کا کلام ملاحظہ ہو—

شیشا

نشہ کیا جانے وہ کہنے کو ہے آشام ہے شیشا
جہاں میں دختر رز سے عبث بدنام ہے شیشا
صراحی و کدو تک خلق اے ساقی بھرے لے ہے
مگر اپنا ہی خالی جون دل ناکام ہے شیشا

نگاہ مست ان آنکھوں کی تک ایدھر بھی ہو ساقی
کہ ہم کم حوصلہ کے حق میں ہر اک جام ہے شیشا
نہ ہو گُل گُل شگفتہ کیوں کہ دل اے درد مستوں کا
مئے گلگوں کی دولت سر بسر گلفام ہے شیشا
شب و روز اس طرح گذرے پے اپنی تو نہ پوچھو کچھہ
صراحی صبح کو گر ہاتھہ ہے تو شام ہے شیشا
بھرا مے سے نہیں یہ نور سے معمور ہے شیشا
تجلی پر نظر کر اس کی کوہ طور ہے شیشا
شتابی سے کدہ میں آکہیں تجھہ بن کہ اے ساقی
پڑا ہے جام بے کیفیت و مخمور ہے شیشا
بچایا محتسب کے ہاتھہ سے اے درد میں لیکن
مرے دل کی طرح میری بغل میں چور ہے شیشا

ہے تنک ظرفوں کو بے جا مے کشی
جام سے کب ہوسکے جام حباب
چل نہ جاویں ہیں جو صاحب حوصلہ
پاے خم لغزش میں کب لاوے شراب
مے کشاں کرنے لگے محنت کشی
درد ہوتا ہے دل یاران کباب

آگے جو اشعار پیش کئے جاتے ہیں ان میں تشبیہ کا پردہ مہین ہوتے ہوتے محض ایک ہلکا سا غبار رہ گیا ہے اور الفاظ 'شراب عشق' کی کیفیت میں واضح طور پر رنگے ہوے ہیں۔ اس شعر کا مستانہ بے ساختہ لہجہ ملاحظہ ہو—

جائیے کس واسطے اے درد میخانے کے بیچ
اور ھی مستی ھے اپنے دل کے پیمانے کے بیچ

اور اس قسم کی مستی والی شراب کس طرح بلبلا کر مانگی ھے —

دے وہ شراب ساقی کہ تا روز رستخیز
جس کے نشہ کا کام نہ پہونچے خمار تک

ذیل کے اشعار میں 'شراب عشق' کی کیفیت کی وہ تصویر کھینچی ھے کہ ایک اھل دل شاعر ھی اس طرح کھینچ سکتا تھا —

کھو نہ سکے کبھو خمار میرے نشہ کی آبرو
دیدہ آئینہ کی طرح تجھہ سے بھرا ایاغ ھے
کس کی یہ چشم مست نے بزم کو یوں چھکا دیا
مثل حباب سر نگوں شرم سے ھر ایاغ ھے
تیری نگاہ مست نے جب سے نہ کی ھے مے کشی
خون سے اپنے مثل گل ھم نے بھرا ایاغ ھے

چونکہ درد کا 'ایاغ دل' اس شراب سے بھرا ھوا تھا جوش میں آکر فرماتے ھیں —

بسان دانہ انگور مے پرستوں نے
لیا ھے فیض مرے دل کے آب گینے سے

حواس والے رخ کے پردوں کو چیر کر جب انسان کی روح کی کرنیں پھوٹنے لگتی ھیں یا دوسرے الفاظ میں یوں کہنا زیادہ حقیقت پر مبنی ھوگا کہ نفس انسان اپنے سطحی حواسی عالم کو اپنا عارضی پہلو سمجھنے لگتا ھے تو اب معرفت یعنے علم حقیقی کی وہ منزل شروع ھوتی ھے جس میں انسان اپنے آپ کو مے- اس چیز کو جسے وہ 'میں' کہتا ھے- سمجھنے کی کوشش کرتا ھے- اس کے لئے بڑی

سونچ بچار-بڑے زبردست مصائب کے تجربے کی ضرورت پڑتی ہے- 'میں' ایک ایسی نازک شے ہے کہ اس کا مطالعہ 'بے خودی'-حواس والے رخ کی مایا سے نکلنے کے بعد بھی نہایت مشکل کام ہے-پل صراط پر سے گذرنا ہے-اس عمیق غور و خوض کے دوران میں اس قدر مغالطے اور دھوکے راہ میں حائل ہوتے ہیں کہ نفس ایک بھول بھلیاں میں پھنس سا جاتا ہے-قدم قدم پر یہ سمجھتا ہے کہ اب راستہ ہاتھ آیا اور پھر وہی اُلجھن کی اُلجھن-سخت سے سخت کوشش کے بعد وہی ہیر پھیر-اس زبردست اُلجھن اور ہیر پھیر کو محسوس کرنے کے لئے تھوڑی سی دیر آدمی تنہائی میں بیٹھ کر اپنے آپ سے یہ سوال کرے کہ "میں کیا ہوں؟" اور اتنی بات ہر شخص کر سکتا ہے-یہ ضروری نہیں کہ وہ معرفت کا باقاعدہ طالب ہی ہو-ہاں تو سوال یہ ہے کہ 'میں کیا ہوں؟' انسان اپنے جسم کے علاوہ جو کچھ محسوس کرتا ہے یہ خارجی عالم یقیناً 'میں' سے ایک جداگانہ شے ہے-یہاں تک کہ اپنی اولاد بھی باوجود اس کے کہ اولاد اپنا گوشت و پوست اور خون ہے 'میں' سے زبردست تعلق رکھتی ہے مگر پھر بھی "میں" نہیں-اس کے بعد غور کرنے والے دھیان میں "اپنا جسم" آے گا- کیا 'جسم' میں ہے؟ جہاں تک حواس کام دے سکتے ہیں آدمی یہ جانتا ہے کہ جسم کے بغیر 'میں' کے وجود کا اس کو کوئی تجربہ نہیں-اس حیات ارضی میں اس بدن کے شکنجہ سے نکل کر 'میں' کا احساس کبھی عام طور پر نہیں ہوتا- نہیں یہ 'جسم' اس قدر ہمارے نفس پر چھایا سا رہتا ہے-اس طرح کا ہمزاد ہے کہ خواب میں بھی انسان 'میں' کو اس سے جدا نہیں کر سکتا-تاہم پھر بھی انسان کے نفس کی گہرائیوں میں یہ عقیدہ تہ نشین ہے کہ 'جسم' کے نہ ہونے مٹنے پر بھی 'میں' باقی رہوں گا-'جسم' ایک ظاہرہ 'میں' کا جزو لاینفک سہی لیکن یہ 'میں' نہیں-جس طرح کسی جسم کا عضو-ہاتھ- کُل جسم نہیں ہو سکتا-اچھا تو کیا 'میں' جسے کہتے ہیں وہ میرا نفس یا دل و دماغ ہے؟

"دل و دماغ" یا بہ اصطلاح دیگر نفس (Mind) میں ایک زبردست چیز علم ہے یعنے خارجی عالم کا حسیاتی تجربہ جس کو تعقل کی کیمیا کم و بیش ایک نظام کی صورت میں ترکیب اور ترتیب دے دیتی ہے۔دوسری زبردست شے نفس میں جذبات کا نظام ہے جس کی جڑیں انسان کے 'انجان' میں شعوری سطح کے نیچے گڑی اور پھیلی ہوئی ہیں۔کیا 'میں' محض نفسی' عقلی یا محض جذباتی نظام کا نام ہے یا ان دونوں نظاموں کے مجموعے یا ان دونوں نظاموں کی ایک اور بالاتر تنظیم کو 'میں' سمجھا جاے؟ غور کے بعد انسان ان سوالات کا جواب نفی میں دیتا ہے۔نہ 'میں' محض عقلی یا جذباتی نظام ہوں اور نہ ان کی کوئی اور محض اعلیٰ تنظیم۔نفس بھی بہ حیثیت مجموعی 'میں' کا ایک جسم سے زیادہ قریب تر جز لاینفک ہے۔'میں' کے لئے جسم اور نفس محض اوزار ہیں اور بڑے کام کے اوزار ہیں لیکن پھر بھی نرے اوزار ہیں۔'میں' درحقیقت ان سے بھی کچھہ پرے ہے۔بہر حال مثال کے طور پر یہ نفسیاتی تجربہ پیش کیا گیا ہے۔جو شخص تنہائی میں بیٹھہ کر اس نہج پر غور و فکر کرے'اپنی ہستی کی گہرائیوں میں غوطہ لگائے وہ اندازہ کرسکتا ہے کہ معرفت کی یہ منزل کس قدر کٹھن اور دشوار گذار ہے اور اس میں مغالطوں کے جن اور دیو قدم قدم پر ڈرانے اُلجھانے اور گمراہ کرنے کے لئے ہجوم کئے ہوے ہیں—

گو سلامت ہوں میں ظاہر میں پہ دل کے خطرات
رات دن گُھن کی طرح میرے تئیں کھاتے ہیں

یہ واضح رہے کہ ہمارے ہاں معرفت کا راستہ حواس والے رخ سے نہیں ہے بلکہ جیسا کہ اوپر کہیں بیان کیا گیا ہے 'دل' کے ذریعہ حقایق کو سمجھنا بہترین طریقہ قرار دیا گیا ہے اور اس طریقہ پر درد نے طرح طرح سے زور دیا ہے—

عقدۂ دل کھول مثل قطرہ نادان کب تلک
جوں گہر غلطان رہے گا آب اور دانے کے بیچ

اے درد مثل آئینہ ڈھونڈہ اس کو آپ میں
بیرون در تو اپنی قدم گاہ ہی نہیں

ڈھونڈھتے ہیں آپ سے اس کو پرے
شیخ صاحب چھوڑ گھر باہر چلے

سنتے ہیں یوں کہ آہ تو ہم میں ہی چپ رہا کہیں
اپنی تلاش سے غرض ہم کو ترا سراغ ہے
قصد ہے جس طرح بنے پہونچئے آپ تک کہیں
دن بھی یہی ہے جستجو رات یہی سراغ ہے

حواس والے رخ سے نجات پانے کے متعلق اوپر تفصیل آچکی ہے۔میں کے سمجھنے کے لئے یہ گویا پہلی سیڑھی ہوتی ہے۔اسی مضمون کو اور زیادہ معنے خیز پیرایہ میں یوں ادا کیا ہے—

غیر سے کیا معاملہ آپ ہی ہیں اپنے دام میں
قید خودی نہ ہو اگر پھر تو عجب فراغ ہے

ان اشعار سے 'میں' کی تلاش کے کچھہ مرحلے واضح ہوں گے—

سیلاب اشک گرم نے اعضا مرے تمام
اے درد کچھہ بہا دیے اور کچھہ جلا دے
باہر نہ ہو سکی تو قید خودی سے اپنی
اے عقل بے حقیقت دیکھا شعور تیرا

بند احکام عقل میں رہنا
یہ بھی اک طرح کی حماقت ہے

ہم بھی فلک سے کرتے کسو چیز کی طلب
ڈھونڈھا پر اپنے دل میں تو کچھہ چاہ ہی نہیں

اس کدو کاوش۔تحقیق و تدقیق کے بعد بھی فرماتے ہیں۔

احوال دو عام ہے مرے دل پہ ہویدا
سمجھا نہیں تا حال پر اپنے تئیں کیا ہوں

اس کے بعد بھی اہل دل کی سعی جاری رہتی ہے۔یہ سعی اس قدر نازک اور محنت طلب ہوتی جاتی ہے کہ طالب حق پکار اُٹھتا ہے۔

مجھہ کو تجھہ سے جو کچھہ محبت ہے
یہ محبت نہیں ہے آفت ہے
لوگ کہتے ہیں عاشقی جس کو
میں جو دیکھا بڑی مصیبت ہے

یہ سخت کوشش گہری اور نازک ہوتی جاتی ہے۔'میں' کے گرفت کرنے میں اہل دل اپنی ہستی کی انتہای تہ پر پہونچتا ہے تو اس وقت یہ حقیقت آشکارا ہوتی ہے۔

اے درد رفتہ رفتہ کیا آپ کو ہی گُم
اس راہ میں چلا تھا میں کس کے سراغ کو

اب کہ 'میں' کو 'گُم' کر دیا یا دوسری طرح یوں کہئے کہ میں کی حقیقت کھل گئی تو اس وقت کے جذبات اس سے بہتر ادا نہیں ہوسکتے۔

ہے عشق سے میرے ہی ترے حسن کا شہرہ
میں کچھہ نہیں پر گرمی بازار ہوں تیرا

تو ہووے جہاں مجھہ کو بھی ہونا وہیں لازم
تو گُل ہے مری جان تو میں خار ہوں تیرا
اپنا تو نہیں یار میں کچھہ یار ہوں تیرا
تو جس کی طرف ہووے طرف دار ہوں تیرا
تو چاہے نہ چاہے مجھے کچھہ کام نہیں ہے
آزاد ہوں اس سے بھی گرفتار ہوں تیرا

اور یہ مستانہ شعر ملاحظہ ہو-کس قدر کم اور سادے الفاظ میں کس قدر نازک بات ادا کی ہے-یہ قدرت کلام حقیقت آشنا دل کا ہی حصہ ہو سکتی ہے—

حجاب رخ یار تھے آپ ہم ہی
کُھلی آنکھہ جب کوئی پردہ نہ دیکھا

اسی مطلب کو ایک اور طرح سے کیا خوب ادا کیا ہے—

کھینچے ہے دور آپ کو میری فروتنی
افتادہ ہوں پہ سایۂ قد کشیدہ ہوں

یہ غزل جو ایک مسلسل نظم ہے 'میں' کی ایک دلچسپ اہل دل کے نقطۂ نظر سے شاعرانہ تعریف ہے-اس غزل کے اشعار کی ذرا ترتیب بدل دی ہے تاکہ تسلسل زیادہ پیدا ہو جاے—

"میں"

گر دیکھئے تو مظہر آثار بقا ہوں
ور سمجھئے جوں عکس مجھے محو فنا ہوں
ہے مظہر انوار صفا میری کدورت
ہر چند کہ آہن ہوں پہ آئینہ بنا ہوں
آواز نہیں قید میں زنجیر کی ہرگز

ہر چند کہ عالم میں ہوں عالم سے جدا ہوں
احوال دو عالم ہے مرے دل پہ ہویدا

.....

ممنون مرے فیض کے سب اہل نظر ہیں
جوں نور ہر اک چشم کو دیدار نما ہوں
کرتا ہوں پس از مرگ بھی حل مشکل عالم
بے حس ہوں پہ ناخن کی طرح عقدہ کشا ہوں
ہوں قافلہ سالار طریق قدما درد*
جوں نقش قدم خلق کو میں راہ نما ہوں

آخری شعر نہایت ہی معنے خیز ہے اور نہایت موزوں اور برجستہ الفاظ میں ادا ہوا ہے۔ارتقا کا سیلاب جس کی لہریں اور موجیں گذشتہ صدیاں اور قرن ہیں ہر زمانہ کے افراد کے داوں میں سے گذرتا ہے اور ان کی زندگیوں کو پتوں کی طرح آگے کو بہا لے جاتا ہے اور یہ ساری زندگیاں اس سیلاب میں گھل مل کر 'یاران آئندہ' کے لئے اس سیلاب کی نا پیدا کنار موجوں میں ایک لہر کا اور اضافہ کر دیتی ہیں۔اس طرح ہر زمانہ میں جو لوگ کہ اہل ہیں جو اس سیلاب کے 'ورثہ' کو اپنا مال سمجھتے ہیں وہ 'طریق قدما' کے قافلہ سالار ہیں اور ظاہرا مٹ جانے کے بعد بھی یاران آئندہ کے لئے ان کا کارنامہ راہ نما ہوتا ہے۔اس طرح ارتقا کے بہاؤ میں علم کی مشعل ماضی والے اپنی زندگیوں کا تیل چھڑک کر حال کے حوصلہ مند ارباب کے ہاتھ میں اس لئے سپرد کرتے ہیں کہ اسی طرح ان کے ہاتھوں یہ مشعل مستقبل کے سورماؤں کے حوالہ کر دی جاے—

---

* ٹی نی سن کا یہ مصرع ملاحظہ کے قابل ہے
I the heir of all the ages, in the foremost files of time

اسی ڈھنگ کی ایک اور غزل سے جو ذیل میں پیش کی جاتی ہے اس میں مطالب کی اور وضاحت کی گئی ہے اور جس جرأت اور قدرت کے ساتھہ مطالب ادا ہوے ہیں اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاعر کے دل روشن نے حقیقت کے چہرہ کو نقاب اُٹھا کر دیکھہ لیا ہے —

"ہم"

باغ جہاں کے گُل ہیں یا خار ہیں تو ہم ہیں
گر یار ہیں تو ہم ہیں اغیار ہیں تو ہم ہیں
تیرا ہی حسن جگ میں ہر چند موج زن ہے
تس پر بھی تشنہ کام دیدار ہیں تو ہم ہیں
الفاظ خلق ہم بن سب مہملات سے تھے
معنی کی طرح ربط گفتار ہیں تو ہم ہیں
وابستہ ہے ہمیں سے گر جبر ہے وگر قدر
مجبور ہیں تو ہم ہیں مختار ہیں تو ہم ہیں
دریاے معرفت کے دیکھا تو ہم ہیں ساحل
گر وار ہیں تو ہم ہیں گر پار ہیں تو ہم ہیں

'میں' کی حقیقت کی جستجو میں ایک زبردست اُلجھن یہ پیدا ہوتی ہے کہ انسان کا دل قدم قدم پر ایسے حواسی واقعات سے ٹکراتا ہے جو اس تمام 'گرمی بازار' کے وجود کے پیچھے والی ہستی کی یکتائی اور توحید کے تصور کو پاش پاش کر دیتے ہیں —

موجود پوچھتا نہیں کوئی کسو کے تئیں
توحید تو بھی ہوتی نہیں ہے عیاں ہنوز

اور یہی وہ خطرہ ہے جو معرفت کے طالب کے پیچھے ایک خونخوار شکاری

کتے کی طرح پڑا رہتا ہے اور صرف 'میں' کی حقیقت کے انکشاف کے بعد ہی اس طرح دور ہو جاتا ہے جس طرح ایک ڈراونے خواب کی ڈراونی چیز دفعتاً پگھل سی جاتی ہے اور ایک دلکش سی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ درد نے اس مسئلہ کے حل کو یوں ادا کیا ہے —

توحید

جمع میں افراد عالم ایک ہیں
گُل کے سب اوراق برہم ایک ہیں
ہووے کب وحدت میں کثرت سے خلل
جسم و جاں گو دو ہیں باہم ایک ہیں
متفق آپس میں ہیں اہل شہود
درد آنکھیں دیکھ باہم ایک ہیں
نوع انساں کی بزرگی سے تک ایک
حضرت جبریل محرم ایک ہیں
دال ہے اس پر ہی قرآن کا نزول
بات کی فہمید میں ہم ایک ہیں

چاہو وفا کرو نہ کرو اختیار ہے
خطرے جو اپنے جی میں تھے وہ سب اُٹھا دیے
وحدت نے ہر طرف ترے جلوے دکھا دیے
پردے تعینات کے جو تھے اُٹھا دیے

ہو گیا مہماں سرائے کثرت موہوم آہ
وہ دل خالی کہ تیرا خاص خلوت خانہ تھا

مدرسہ یا دھر تھا یا کعبہ یا بت خانہ تھا
ہم سبھی مہمان تھے یاں اک توھی صاحب خانہ تھا

مشہور خلق میں نہیں اپنے کمال کر
یکتا ہوں مثل آئینہ اور ھی جمال کر
اے دزد کر تک آئینۂ دل کو صاف تو
پھر ہر طرف نظارۂ حسن و جمال کر

ہم تجھہ سے کس ہوس کی فلک جستجو کریں
دل ھی نہیں رہا ھے جو کچھہ آرزو کریں
مت جائیں ایک آن میں کثرت نمائیاں
ہم آئینہ کے سامنے جب آکے ہو کریں

'میں' کی حقیقت کی تلاش میں وحدت اور کثرت کے مسئلہ کے ساتھہ گُتھا ہوا ایک اور خطرہ بھی حل کا طالب ہوتا ھے۔یہ مسئلہ جبر و قدر کا ھے اور 'انڈے اور مرغی' کے معمہ کے طرح تاریخ کے بھی پرے کے زمانہ سے لاینحل چلا آتا ھے۔سائنس کے نقطۂ نظر سے یہ دنیا ایک عالم اسباب ھے۔اس کے قوانین میں یکسانیت ھے۔بے جان فطرت جس میں فطری قوانین مثلاً کشش ثقل اور ارتقا اس کا بہترین ثبوت ھے کہ ہر واقعہ ایک اسبابی نظام کا اٹل نتیجہ ھے۔کیا وجہ ھے کہ جانداروں اور خصوصاً انسان کے وہ افعال اور اعمال بھی جو سونچ سمجھہ اور وجوہ موافق اور مخالف کے تولنے کے بعد صادر ہوتے ھیں فطری واقعات کی طرح ایک ناگذیر نظام علل کا نتیجہ نہ ہوں ؟ دوسرے الفاظ میں یوں کہئے کہ انسان بھی اور جانوروں کی طرح ایک مشین ھے جس میں سونچنے

کے کل پرزے اضافہ کر دے گئے ہیں-ہندوستان کا چھکڑا ایک مشین ہے جس میں ایک فطری قوت — جان کی قوت — یعنے بیلوں سے کام لیا گیا ہے-اسی طرح موٹر بھی ایک مشین ہے جس میں ایک فطری قوت تیل کے پھیلنے کی قوت سے کام لیا گیا ہے-موٹر ایک نہایت کار آمد چیز ہے لیکن چھکڑے کی طرح محض ایک مشین ہے-اسی طرح خود موٹر کا موجد انسان بھی ایک مشین ہے جس میں ایک اور قوت زیادہ کار آمد قوت دماغی-سونچ بچار-تعقل کی قوت والا انجن بڑھا دیا گیا ہے-ان معنوں میں انسان اس مغالطہ کے باوجود کہ " میں جو چاہوں کرسکتا ہوں " محض ایک مشین کی طرح مجبور ہے کہ وہ کام کرے جو نظام اسبابی نے اُس کے لئے اٹل کر دیا ہے-ارادے کی آزادی ایک دل خوش کن خواب ہے لیکن ایک کار آمد خواب انسانی مشین کے منجملہ اور کل پرزوں کے خود ایک چلتا پرزہ ہے-وہ پرزہ جو انسان کی دماغی مشین کو چل پڑنے پر اُبھارتا ہے —

دوسرے پہلو سے بے جان فطرت اور حیوانی دنیا سے قطع نظر کر لینے کے بعد محض انسان کے کار نامے کو پیش نظر رکھا جائے تو انسان کے کار ناموں میں سے اس حصے سے جس کو تخلیقی کار نامہ کہہ سکتے ہیں اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ بعض اعلیٰ دماغ ایسی راہیں نکالتے ہیں جو بالکل انوکھی ہوتی ہیں اور کسی استدلال سے اس بات سے پتہ نہیں چل سکتا کہ وہ محض ماحول یعنے نظام علل کا پھل ہیں-جس دماغ سے ایسا غیر مترقبہ کار نامہ ظہور پذیر ہوتا ہے اُس کو انگریزی میں جی نی اس (Genius) کہتے ہیں-یہ ایک مہمل سا لفظ ہے اور اس لفظ کا استعمال اس بات کا ثبوت ہے کہ ایسا کار نامہ محض اسبابی نظام سے واضح نہیں کیا جا سکتا-انسان کا ایسا کام جس سے انسان کے احاطۂ اقتدار میں اضافہ ہو جس سے انسان اپنے ماحول کی فطری قوتوں کو اپنا خادم بنا لے ترقی کی جان ہے-ارتقا پذیر تمدن کے یہی معنے ہیں کہ اس تمدن کے ڈھالنے

والے ماحول پر زیادہ چھائے ہوئے ہیں۔ ایسے تمدن والی اقوام لازمی طور پر ان قوموں پر سوار ہوجاتی ہیں جو فطری قوتوں کو قابو میں نہیں لا سکتیں اور اپنے گرد و پیش کے ہاتھوں کٹ پتلیوں کی طرح ناچتی ہیں۔ اس پہلو سے اگر دیکھا جائے تو انسان محض مشین نہیں ہے بلکہ وہ اسبابی نظام سے مستغنی ہوکر بھی سوچ سکتا اور عمل کر سکتا ہے اور خود اسبابی نظام کی اپنی سوچ اور عمل سے صورت بدل دیتا ہے—

درد نے اول تو اس مسئلہ پر بحث کرنے کو بے نتیجہ اور غیر عملی قرار دیا ہے اس لئے کہ—

وابستہ ہے ہمیں سے گر جبر ہے و گر قدر
مجبور ہیں تو ہم ہیں مختار ہیں تو ہم ہیں

لیکن معرفت کے مراحل طے کرنے کے دوران میں اس مسئلہ کے متعلق مختلف حالتوں میں ایک اہل دل شاعر کے منہ سے بعض احساسات بے تکلف ادا ہوجاتے ہیں۔ بے جان فطرت پر نظر پڑنے کے بعد یہ احساس کہ یہ فطری ظہورات کسی زبردست ہاتھ کا کرشمہ ہیں اس طرح ادا کیا گیا ہے۔ الفاظ کتنے جچے تلے اور بے ساختہ ہیں—

تحریک ہے یہ اس ید قدرت کی ورنہ کب
بے دست و پا صبا سے کوئی پات ہل سکے
کب اختیار اپنا جوں گل ہے اس چمن میں
گلچیں سے کیا چلے ہے کیا زور باغباں پر

انسان کے اندر جو 'الٰہی چنگاری' ہے اس کے مطالعہ کے دوران میں جو کیفیت طاری ہوئی ہے اس کو کس خوبی اور جرأت سے ادا کیا ہے—

انسان کی ذات سے ہی خدائی کے کھیل ہیں
بازی کہاں بساط پہ گر شاہ ہی نہیں

حقیقت کی گہرائی میں جوں جوں نظر اور اُترتی جاتی ہے اور توحید کے انتہائی راز پر سے نقاب اُٹھتی جاتی ہے اُس وقت ایک اور انکشاف ہوتا ہے اور اس کو درد نے اس سادگی۔ لطافت اور برجستگی سے ادا کیا ہے کہ اُردو ادب میں اس کی نظیر ملنی مشکل ہے ــــ

اس امر میں بھی یہ بے اختیار ہے بندہ
ملا ہے درد اگر یاں کچھہ اختیار مجھے

جبر اور اختیار کے اس تصفیہ کے ساتھہ ایک اور معرکۃ الآرا مسئلہ خیر و شر کا بھی اپنے آپ طے ہو جاتا ہے۔ خیر و شر کی بنیاد انسان کے افعال ہیں اور افعال کا بھی وہ حصہ جس کی جان ارادہ ہے۔ جہاں انسان کے ارادہ کو دخل نہیں وہاں بھلائی اور برائی بے معنے سے الفاظ ہو جاتے ہیں۔ اُوپر جو جبر و قدر کی بحث آئی ہے اس سے ظاہر ہے کہ حضرت درد نے ایک سطح ایسی بھی محسوس کی ہے جہاں انسان کی ذات کے بغیر یہ زندگی کی بازی شطرنج بے مقصد سی نظر آتی ہے۔ اس سطح پر انسان کا ارادہ آزاد ہے اور اس کے ارادی جانے بوجھے اعمال پر خیر و شر کا اطلاق ہو سکتا ہے اور واقعہ یہ ہے کہ اصلی زندگی میں انسان کے فطرتاً اور عملاً اس موقع پر انسان کو اس کے کرتوتوں کا ذمہ دار گردانا ہے۔ سماجی دستور اور نظام قانونی کا مدار اسی اُصول پر ہے۔ لیکن جب نظر اور گہری ہوتی جاتی ہے تو یہ راز کھلتا ہے کہ جو کچھہ 'اختیار' انسان کو ہے وہ اس کی جسمانی اور ذہنی مشین کا اور پرزوں کی طرح البتہ زیادہ کارآمد پرزہ ہے اور اس عمیق تر پہلو سے انسانی اعمال یعنے وہ افعال بھی جہاں عملاً انسانی ارادہ کو آزاد مان لیا گیا ہے خیر و شر کے اطلاق سے اسی طرح بری ہیں جس طرح فطری واقعات یا خود انسان کے غیر ارادی افعال اخلاقیات کی بارگاہ میں معصوم سمجھے جاتے ہیں۔ جہاں تک انسانی افعال کا تعلق ہے خیر و شر کا مسئلہ عملی روزمرہ کی دنیا کے لئے کچھہ

زیادہ پیچیدہ نہیں۔لیکن انسان اپنی زندگی کی مایوسیوں اور اپنے بلند ارادوں کی ناکامیوں کے زخم کھا کر کھسیانہ ہو جاتا ہے اور ایسی مایوسی اور ناکامی کی حالت میں اس دنیا پر اخلاقیات کے نقطہ سے نظر ڈالتا ہے اور نظام فطرت کے کاروبار پر خیر و شر کا حکم لگاتا ہے۔وہ اپنی مایوسی کی ترنگ میں اس حیات ارضی اور اس کے نظام کے نتائج کا صرف وہی پہلو لیتا ہے جو اس کی نظر میں بے انصافی اور ظلم و زیادتی۔ریا کاری اور بے ایمانی بد نظمی اور بیہودگی سے بھرا ہوا ہے۔مثال کے طور پر مذہب کے نام سے یہ سکھایا جاتا ہے کہ اس عالم کے انتظام کی بنیاد خیر مطلق ہے اور پھر مذہب کے ہی نام سے جنگ وجدال پر اُبھارا جاتا ہے۔نوع انسان کی ہمدردی کے راگ کے ساتھ ہی جدال حیات موزوں ترین کی بقا کا خونیں نغمہ بلند کیا جاتا ہے یہ کہا جاتا ہے کہ اس عالم کے وجود کی زبردست علت وہ ذات ہے جسے خدائے تعالی کہتے ہیں اور پھر ایک مذہب دوسرے مذہب۔ایک قوم دوسری قوم۔ایک خاندان دوسرے خاندان۔ایک شخص دوسرے شخص سے دست و گریباں ہے محض اس لئے کہ ایک کے اعتقادات اور خیالات اور اغراض دوسرے سے جداگانہ ہیں۔واقعہ یہ ہے کہ نظام عالم پر خیر و شر کے پہلو سے انسان اسی وقت تصفیہ کا اہل ہوسکتا ہے کہ وہ اس نظام کی رسم۔اس کے اصول اور قوانین کو پوری طرح سمجھ لے اور اس نظام کے سارے کل پرزوں کی تنظیم اس پر آشکار ہوجائے۔جب تک انسان کا علم اس رتبہ پر نہ پہونچے اس کا اس نظام کو برا یا اچھا قرار دینا قطعی نہیں ہوسکتا اس لئے کہ خیرو شر کا اصلی مفہوم ہی معین کرنا اس وقت تک ناممکن ہے جب تک کہ نظام عالم کا کُل اسرار الم نشرح نہ ہوجائے۔انسان 'خیر و شر' بہت آسانی سے پکارتا رہتا ہے حالانکہ فطرت کے واقعات اور مشاہدات جو اب تک انسان کے دائرۂ علم میں آچکے ہیں اس بات کا پتہ دیتے ہیں کہ فطرت کے کارخانہ میں 'خیر و شر' کا تصور ہی نہیں —

خیر و شر کو سمجھہ کہ وو ھی زھر
سانپ کی زیست ھے تجھے سم ھے

فطرت کے بے جان اور جاندار رخ کو چھوڑ کر جانداروں میں سے صرف صاحب عقل انسان کی عقلی اُڑانوں یعنے مذھب۔حکمت اور فلسفہ میں انسان اللہ تعالیٰ کو اس عالم کا علت العلل قرار دیتا ھے اور بڑے زور زور سے اس مسئلہ پر وعظ اور لکچر دیتا ھے۔اگر اس مسئلہ کو صحیح مان لیا جاے اور اس کی صداقت دل پر نقش ھوجاے تو پھر 'خیر و شر' کا جھگڑا ھی نہیں رھتا اور آپس کا لڑائی جھگڑا آناً فاناً مٹ جاتا ھے—

گر کہتے ھو کہ ھے وھی ھادی وھی مضل
تو راہ پر ھیں سب کوئی بے راہ ھی نہیں

لیکن منہ سے کہنا اور بات ھے یقین کا ھونا اور بات۔لہذا اس کا نتیجہ یہ ھے کہ انسان فلاسفی اور سائنس کے باوجود جو انسان کو ھر قدم پر یہ دکھاتے ھیں کہ اس کی علمی ارتقا کس قدر ناقص ھے خالق مطلق کے ارادی افعال یعنے نظام عالم اور اس کے قوانین پر خیر و شر کے نقطہ سے جج بن بیٹھتا ھے اور جہاں اپنے زعم میں ایک چیز کو ناقص سمجھا اور غل مچا دیا حالانکہ جو صاحب دل ھیں وہ جانتے ھیں—

اے درد منبسط ھے ھر سو کمال اس کا
نقصان گر تو دیکھے تو ھے قصور تیرا

اس قسم کے ناقص علم کے ساتھہ جو نقایص اور نقصانات فرض کر لئے جاتے ھیں اور پھر ان کی اصلاح کی جاتی ھے تو اس کا نتیجہ سواے فساد کے اور کیا ھو سکتا ھے۔ذیل کے شعر میں 'شیخ صاحب' سے مراد ایسے ھی کوتہ بین لفظی عالم ھیں خواہ ان کے سر پر پرانی درسگاہ کی دستار فضیلت کی چک پھیریاں ھوں یا کسی زمانۂ موجودہ کی یونیورسٹی کی چھجے دار طرہ والی کشتی نما

دو پرلی ٹوپی۔پہلے مصرع میں 'پر فساد' سے طعن آمیز طور پر یہ مطلب ہے کہ "جو آپ کی نظر میں پر فساد ہے"—

شیخ صاحب کچھہ نہ پوچھو خلق ہے وہ پر فساد
جس میں یاں اصلاح سے ہی فتنے برپا ہو گئے

ان مراحل کے طے کرنے میں صاحب نظر کے دل پر سے تعصب کا زنگ مٹ جاتا ہے۔اس کے دل میں ہر خیال اور عقیدہ کا احترام پیدا ہو جاتا ہے خواہ وہ خیالات اور عقاید اس کے اپنے عقاید سے کتنے ہی جداگانہ ہوں اور واقعہ بھی یہی ہے کہ جب ہر مذہب اور ملت کا مقصد طلب حق ہے تو ظاہر ہے کہ پھر بلند نظر روشن دل لوگوں کے لئے یہ بات کہ 'حق شناسی' کی راہیں جداگانہ ہیں فساد کی بنا نہیں ہو سکتی اس لئے کہ خواہ کوئی شخص یا ملت کوئی سا راستہ اختیار کرے صاحب دل ایسے راہ حق میں اپنا بھائی اپنا ساتھی اپنا ہمدرد ہی سمجھتا ہے—

بستے ہیں تیرے سایے میں سب شیخ و برہمن
آباد ہے تجھہ سے ہی تو گھر دیر و حرم کا

شیخ کعبے ہو کے پہونچا ہم کنشت دل میں ہو
درد منزل ایک تھی کچھہ راہ ہی کا پھیر تھا

حضرت درد کو بہ حیثیت ایک اہل دل کے کسی بات سے نفرت نہیں ہے بجز ان لوگوں کے جو صاحب نظر نہیں ہیں لیکن اپنے آپ کو روشن دل جتلاتے ہیں۔اس قسم کے لوگ نہایت کوتہ نظر ہوتے ہیں اور ان کی دوڑ محض الفاظ تک ہوتی ہے۔چونکہ اس قسم کی ہستیوں کی نظر اصلیت پر پڑتی ہی نہیں اس کا گھمنڈ ان کے دعوے صرف معرفت جیسے بلند ترین سائنس کے نقطہ سے ہی نہیں بلکہ عام طور پر علم کے ہر شعبے کے ماہرین کی نظروں میں نہایت

تکلیف دہ اور قابل نفرت ہوتے ہیں۔حضرت درد جیسے ستودہ صفات بزرگ نے بھی جن کے کلام سے 'صلح کل' کا نور برستا ہے اس "گندم نما جو فروش" ذہنیت کے حضرات پر ظرافت کا تازیانہ اُڑایا ہے۔الفاظ پرست حضرات صفائی اور ذہیت پن سے اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات کے متعلق پڑھے پڑھائے اور سنے سنائے الفاظ دہراتے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس بے مثال ہستی کے دل تک کی باتوں پر عبور رکھتے ہیں۔اس طرح کے لوگوں کے متعلق درد فرماتے ہیں—

کچھہ مرتبہ ہے اور وہ فہمید سے پرے
سمجھے ہیں جس کو یار وہ اللہ ہی نہیں

موسو فلاماریون* فرانس کے مشہور ہیئت داں اپنی کتاب "ایک ہیئت داں کے خواب†" مطبوعۂ سنہ ۱۹۲۳ع میں لکھتے ہیں—

"اور واقعہ یہ ہے کہ جس ہستی کی بہ حیثیت خدا ارض کے باشندے تعریف کرتے آئے ہیں اس کا وجود ہی نہیں"—

"خدائے تعالیٰ کے لئے صرف ایک نام موزوں ہے— ناقابل فہم—فہمید سے پرے۔فطرت کی مشین کے کل پرزوں کا انتہائی کمال۔یہی وہ پردہ ہے جس کے پیچھے خدائے تعالیٰ کی ذات پوشیدہ ہے"—

لفظ پرست طبقہ اہل دل حضرات پر تکفیروں کی بوچھار کیا کرتا ہے۔کن برجستہ فطری صنعت الفاظ۔سیدھی سادی ترکیب اور بے ساختگی سے یہ شعر نکلا ہے—

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جا ابھی
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

---

* M. C. Flammarion.

† Dreams of an Astronomer (T. Fisher Unwin, 1923) pp. 24 & 27.

جنت اور خصوصاً جنت کی حوروں کی اُمید ان حضرات سے مذہب کی ظاہری رسومات کی پابندی کراتی ہے۔'حور' کی دل کشی کے تصور کو متزلزل کرنے کی غرض سے فرماتے ہیں —

دل کو لے جاتی ہیں معشوقوں کی خوش اسلوبیاں
صورتوں میں خوب ہوں گی شیخ گو حور بہشت
پر کہاں یہ شوخیاں یہ طور یہ محبوبیاں

لیکن واقعی دل لینے والے معشوق حوروں کی طرح ہاتھ نہیں آتے۔تسبیح کے دانہ ان کو نہیں پھانس سکتے —

آتے ہیں دام میں کب خورشیدرو کسو کے
اے شیخ یہ نہیں ہیں تسبیح کے سے شمسے

انسان کا کیرکٹر اصلیت کے مطالعہ سے بنتا ہے۔یوں اگر کوئی شخص سخت سے سخت محنت اُٹھائے اور اصلیت سے روشناس نہ ہو تو وہ محنت بھی اکارت جاتی ہے یا اگر کارآمد ہوتی ہے تو اسی حد تک جس طرح موجودہ مدارس کے طلبہ بجائے مطالب کو ذہن نشین کرنے کے کتابوں کو رٹ لینے کے عادی کرائے جاتے ہیں۔اس طرح کی محنت سے دماغی ارتقا نہیں ہو سکتا اور دماغی ترقی ہی کیرکٹر کی عمدگی کی جڑ ہے۔لفظ پرست لوگ جن کو درد 'شیخ' سے تعبیر کرتے ہیں بڑی بڑی محنتیں اُٹھاتے ہیں۔منوں کتابیں چاٹ جاتے ہیں اور پھر بھی انسان نہیں بنتے وہی تنگ نظر۔کے تنگ نظر تیرہ دل کے تیرہ دل اور بے کیرکٹر کے بے کیرکٹر رہ جاتے ہیں —

ہم نے کہا بہت اُسے پر نہ ہوا یہ آدمی
زاہد خشک بھی کوئی سخت ہی خر دماغ ہے
گو کھینچ کھینچ چلے جان اپنی شیخ کھو دے
کوئی زندہ دل کرے ہے اس مردہ شو سے بیعت

یہ لوگ الفاظ کی حد تک ذہن رسا رکھتے ہیں اور ذہنی نکات اور لطایف کو نہیں سمجھہ سکتے۔ذیل کی رباعی میں اس بات کو واضح کرنے کے لئے لفظوں سے کیا لطیف کام لیا ہے اور یہ ظرافت کس قدر لطیف اور بلند ہے—

اے درد سبھوں سے بر ملا کہتا ہوں
توحید نہ میں چھپا چھپا کہتا ہوں
ملا کو بھی کچھہ اس میں نہیں ہے انکار
بندہ بندہ خدا خدا کہتا ہوں

معرفت کے مراحل میں یہ بات بھی ضروری قرار پا گئی ہے کہ معرفت کا طالب کسی خدا رسیدہ صاحب دل ہستی کو اپنا پر طریقت رہبر اور رہنما بنائے۔اس خیال کی وجہ سے ہماری سماج میں پیری مریدی کا ایک باقاعدہ نظام بن گیا ہے اور یہ عقیدہ دلوں میں راسخ ہوگیا ہے کہ بغیر کسی روحانی ہادی کے معرفت حاصل ہی نہیں ہو سکتی۔اس بارے میں بھی حضرت درد کی تعلیم نہایت مردانہ ہے سچائی کے کھوجی کے لئے کوئی رہنما ہستی ضروری نہیں۔ الوالعزمی۔عالی ہمتی۔تلاش حقیقت کی سچی لگن پیری مریدی سے بالکل مستغنی ہے—

تو بھی اے پاے طلب تک تو بھلا خواب سے چونک
اپنی ہی نوع سے ہیں وے جو پہونچ جاتے ہیں
کہاں کا ساقی اور مینا کدھر کا جام و مے خانہ
مثال زندگی بھرلے اب اپنا آپ ہی پیمانہ
اہل نظر کو رہنما درد نہیں ضرور کچھہ
مثل شرر وہی ہے چشم اور وہی چراغ ہے

سچائی کا کھوجی جب ان سخت منزلوں میں سے ہوکر گزرتا ہے جن کا ایک خفیف سا خاکہ ان اوراق میں پیش کیا گیا ہے تو اس کا مردانہ دل اس

قدر صاحب حس ہوجاتا ہے کہ کائنات کی ہر حرکت-ہر کیفیت کو محسوس کر سکتا ہے اور حواس والی دنیا کے 'بتوں' اور نفسی عالم کے کھلونوں سے اس کو دلبستگی باقی نہیں رہتی-اس لئے کہ اس کو اس حقیقت کا کھوج دامنگیر ہو جاتا ہے جو ظاہری حواسی اور باطنی نفسی فطرت سے بالا تر ہے—

دونو عالم سے کچھہ پرے ہے نظر
آہ کس کا دل و دماغ ہوں میں

ایسا دل دردمند جو اس بلند ترین نقطہ پر پہونچ جاے ساتھہ ہی یہ بھی محسوس کرتا ہے کہ—

ارض و سما کہاں تیری وسعت کو پاسکے
میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

جو دل اس طرح بلند ہوجاے-جو روح اس قدر آلایشوں سے پاک ہوکر کائنات کی ہم وسعت ہو جاے وہ تیرہ خاک دان میں ایک خود روشن ستارہ بن جاتی ہے-ایسے صاحب دل کا کیریکٹر اس قبیل کا ہوتا ہے کہ جس سے اس ارضی حیات کے نظام اخلاقی میں تازی روح پھنک جاتی ہے اور دنیا پرست نوع انسان پر ایک روحانی بلند تر منشاء کا ایک دفعہ تو تھوڑی سی دیر کے لئے انکشاف ہوجاتا ہے-اس قسم کے کیریکٹر والی ہستیاں صحیح معنوں میں آزاد ہوتی ہیں-آزادی کے معنے یہ ہیں کہ انسان سچائی اور حقیقت کو دریافت کرے اور اس کا مطلقاً پابند ہوجاے-آزادی سب سے بڑی پابندی ہے-لیکن نہایت خوش گوار پابندی ہے بشرطیکہ یہ تلاش اور دریافت حق کے بعد حاصل ہوئی ہو-ڈھکوسلوں کے آگے سر کا خم کرنا یعنے جان بوجھکر ایسی باتوں کا ماننا اور ان پر عمل کرنا جنکی سچائی دل میں راسخ نہیں غلامی ہے-اعلیٰ کیریکٹر کی بنیاد حق کوشی اور حق شناسی ہے-جوں جوں انسان کی نظر حقیقت کی جستجو میں بلند ہوتی جاتی ہے اس کا نفس ایک محدود دایرے

میں نیچی سطح پر جن قوانیں فطرت کو اس حد تک اٹل اور انتہائی سمجھتا تھا وہ ایک اور وسیع اور بلند نظام کے تحت آتے جاتے ھیں۔نفس کا اس طرح اونچا ھونا ایک پہاڑ کی سی چڑھائی بڑاھی کٹھن کام ھے۔اس روحانی چڑھائی میں درد اور محن کا ھر قدم پر ھجوم زیادہ ھوتا جاتا ھے مگر ساتھہ ھی نفس میں طاقت اور روح میں لطافت بڑھتی جاتی ھے۔طالبان معرفت کی ھی اس میں کچھہ خصوصیت نہیں جو ھستیاں اس حیات ارضی میں زریں کارنامے اچھے یا برے چھوڑ گئی ھیں ان کی زندگی اسی قسم کی چڑھائی تھی۔ معرفت کے طالب کو دھر اوپر تک یہ چڑھائی چڑھنی چاھئے۔اور ان حوصلہ مندوں میں سے بھی ھر ایک چوٹی تک نہیں پہونچتا اور پوری آزادی حاصل نہیں کرسکتا۔

انسان مادہ اور روح کی ایک تنظیم ھے اور تخلیقی قوت اس تنظیم اس حیرتناک مشین کی جان ھے۔اس تنظیم کے نفسی یا یوں کہئے روحانی رخ کو کیریکٹر کہتے ھیں۔اس کا مادی رخ جسم ھے اور جسم کا عضوی نظام اس طرح معین کر دیا گیا ھے کہ اس میں اساسی تبدیلی انسانی علم کی موجودہ دسترس سے باھر ھے۔لیکن انسان جسم کی قوت کو بڑھا سکتا ھے اور قوت کا بڑھنا حسن اور صحت کا حاصل ھونا ھے۔روحانی رخ یعنے کیریکٹر کے بارے میں بھی انسان کو اساسی رجحانات کی تبدیلی پر ابھی تک قابو نہیں ملا ھے البتہ اس رخ کی بھی قوت بڑھائی جاسکتی ھے اور اس پہلو سے زور اور بل کی زیادتی کے معنے علم حقیقت شناسی اور آزادی کے ھیں۔جوں جوں یہ زور بڑھتا جاے گا انسان اسی قدر زیادہ صاحب علم۔زیادہ حقیقت شناس اور زیادہ آزاد ھوتا جاے گا۔یہاں تک کہ معرفت کے اعلیٰ ترین درجہ پر اصحاب دل کا عقیدہ ھے کہ انسان اس انتہائی قوت سے روشناس ھوجاتا ھے جس کا مظہر یہ ساری کائنات ھے۔اس سربفلک چوٹی پر پہونچنا کیریکٹر کی اعلیٰ ترین ارتقا

وسیع ترین علم اور کامل آزادی ہے۔یہاں پہونچکر روح انتہائی قانون کے قالب میں ڈھل جاتی ہے اور اس طرح روح آزاد یعنے غیر محدود اور لا متناہی ہوجاتی ہےاس مطلب کو شاعرانہ رنگ میں حضرت نے یوں ادا کیا ہے—

درد کی قدر مرے یار سمجھنا واللہ
ایسا آزاد تیرے دام میں یوں آتا ہے
درد درویش ہوں ' مری تعظیم
خلق کرتی ہے کہہ کے یا اللہ
با وجود یکہ پر و بال نہ تھے آدم کے
واں یہ پہونچا کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا

اس مرتبہ پر جو علم ہوتا ہے وہ یقینات سے ہوتا ہے۔وہ ذہنی بے چینی وہ روحانی بے کلی جسے شک کہتے ہیں اس درجہ پر باقی نہیں رہتی۔ہر امر ایک راسخ عقیدہ ایک اطمینان کلی اور انسان کی روح کا جز لاینفک ہو جاتا ہے—

چھاتی پہ گر پہاڑ بھی ہوے تو تل سکے
مشکل ہے جی میں بیٹھے سو جی سے نکل سکے

اس پر درد کٹھن تربیت اور اس طرح کیریکٹر کی ارتقا۔ایسے دل صافی اور 'درد مند' کے حاصل ہونے پر ذات باری تعالیٰ کا جمال کائنات آرا روح محسوس کر سکتی ہے۔جب یہ صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے اور انوار جمال کو دل جذب کرسکتا ہے اس وقت دل پر نشہ طاری ہوتا ہے۔مجال بے مثال کے انوار کا ہجوم پہلے پہل تو اہل دل شاعر کو پریشان سا کردیتا ہے۔روح کی آنکھہ میں بھی چکا چوند سی آجاتی ہے۔ہزارہا کیفیتیں ہوتی ہیں کہ سمجھہ میں نہیں آتا کون سی اور کس طرح بیان کی جاے۔کون سی بات چنی جاے جہاں ہر

بات انوکھی اور لذت میں ڈوبی ہوئی ہو اور پھر وہ لفظ کہاں سے آئیں جو اس انوکھے پن اور لذت کے حامل ہوسکیں—

مجھے رات ساری ہی تیرے یاں　　کٹے روتے کیوں کہ نہ شمع ساں
کہ نہ ہوسکے ہے کچھہ اب بیاں　　یہ وہ بات ہے کہ زباں نہیں
تجھے درد کیوں کہ سناوں میں　　نہ خدا کسی کو دکھاوے یہ
جو کچھہ اپنے جی پہ گزرتی ہے　　کہوں کیا کہ اس کا بیاں نہیں

یہ جمال کمال جب پوری طرح پیش دل ہوتا ہے تو دل مبہوت سا ہو جاتا ہے اور پروانہ وار اس شعلۂ حسن کی طرف رخ کئے رہتا ہے حالانکہ اس جمال روح کش کا لگاتار نظارہ ابتداً سخت ترین تکلیف ہے اور ممکن ہے کہ ان پہلی ٹکروں میں جان پر بن جاے یا دل چل جاے-اس لئے یہ ضروری ہے کہ عادی ہونے تک اس جمال کی ہر جھلک کے درمیان حواس والی دنیا کا پردہ حایل ہو ہو جاے-دھیان روزمرہ کی زندگی کی طرف بھی بٹایا جاے تاکہ دل بے قابو نہ ہو-اس منزل کا نقشہ درد نے یوں کھینچا ہے—

جان پہ کھیلا ہوں میں میرا جگر دیکھنا
جی نہ رہے یا رہے مجھہ کو ادھر دیکھنا
گرچہ وہ خورشید رو نت ہے مرے سامنے
تو بھی میسر نہیں بھر کے نظر دیکھنا
سو بھی نہ تو کوئی دم دیکھہ سکا اے فلک
اور تو یاں کچھہ نہ تھا ایک مگر دیکھنا

رفتہ رفتہ دل و دماغ اس انتہائی جمال کے سہنے کے عادی ہوجاتے ہیں اور ہوتے ہوتے اس نوبت کو پہونچ جاتے ہیں کہ اہل دل کی ساری زندگی میں یہ حقیقت سرائت کر جاتی ہے-موجودات کے ذرے ذرے اور اس عالم صوری کی ہر صورت میں سے ایک ہی جمال کی کرنیں پھوٹتی رہتی ہیں اور ہر

لحظہ زندہ دل ان کرنوں سے معمور رہنے لگتا ہے۔ذیل کے اشعار میں ان کیفیتوں کو ادا کیا گیا ہے—

آئینہ کی طرح غافل کھول چھاتی کے کواڑ
دیکھہ تو ہے کون بارے تیرے کاشانے کے بیچ

تجھہ کو نہیں ہے دیدۂ بینا وگر نہ یاں
یوسف چھپا ہے آن کے ہر پیرھن کے بیچ

ملاوں کس کی آنکھوں سے کہو اس چشم حیراں کو
عیاں جب ہر جگھہ دیکھوں کسی کے راز پنہاں کو

دھونڈے ہے تجھے تمام عالم
ہر چند کہ تو کہاں نہیں ہے

جگ میں آکر ادھر اُدھر دیکھا
توھی آیا نظر جدھر دیکھا

نظر میرے دل کی پڑی درد کس پر
جدھر دیکھتا ہوں وھی روبرو ہے

مجھے در سے اپنے تو ٹالے ہے، یہ بتا مجھے تو کہاں نہیں
کوئی اور بھی ہے گا ترے سوا، تو اگر رہے ہے یہاں نہیں

پڑی جس طرف کو نگاہ یاں، نظر آگیا ہے خدا ہی واں
یہ ہیں گو کہ آنکھوں کی پتلیاں، مرے دل میں جاے بتاں نہیں
نہ ملا ہمیں کوئی نکتہ داں، یہ سناویں بیت بھلا کہاں
نہ ہوا سبھوں پہ وہی عیاں، جو کسی سے یاں تو نہاں نہیں

صبح اور خورشید کے مانند میری جیب کو
چاک کا موجب ہے تو ہی تو ہی اسباب رفو
ٹال دینا اس کو نت ہر طرح جوں قبلہ نما
پھر مجھے ہر پھر کے آرہنا اسی کے روبرو

انسان جب اس رفعت پر پہونچ جاتا ہے جس کے بعد پھر کوئی اور بلندی باقی نہیں رہتی تو ایسی ارتقا یافتہ ارواحیں اُن ثوابت کے مثل ہو جاتی ہیں جو خود روشن ہیں اور جن کے گرد سیارے اخذ نور کی غرض سے چکر لگاتے رہتے ہیں —

روشن ضمیر جتنے ہیں سالم ہیں جو نجوم
چرخ آسیا سے اپنی یہ دانے نہ دل سکے

ان کی موت موت نہیں ہوتی بلکہ مزید ترقیوں اور برکات روحانی کا پیش خیمہ ہوتی ہے —

اور افزونی طلب کی بعد مرنے کے ہوئی
خاک ہونے نے کیا ہر ذرہ گرم جستجو

چاہے ہے یہ مری تپش دل کہ بعد مرگ
کنج مزار میں بھی نہ میں آرمیدہ ہوں

ایسی ہستیوں کی زندگی لوگوں کے لئے ایک اعلیٰ نمونہ۔ نہیں صرف نمونہ ہی نہیں بلکہ ایسی ہستیوں کے بغیر دنیا ترقی ہی نہیں کر سکتی۔۔

گر خاک مری سرمۂ ابصار نہ ہوے
تو کوئی نظر قابل دیدار نہ ہوے

حضرت درد کے کلام کا موضوع وہ اعلیٰ ترین علم۔۔معرفت۔۔ہے جس کی تفصیل ایک غیر اہل دل کے نقطۂ نظر سے اوپر بیان کی گئی ہے۔ جو استدلال کہ اوپر پیش کیا گیا ہے اگر وہ صحیح ہے تو قارئین کرام پر یہ بات واضح ہو جاے گی کہ عام طور پر بھی اہل دل شعرا کا کلام نہایت سبق آموز اور آنکھیں کھولنے والا ہے۔ درد کا دیوان میری راے میں ان اعلی واردات قلب اور روحانی ارتقا کا ایک سچا چربہ ہے۔ معرفت کے رموز اس ننھے سے دیوان کی جان ہیں لیکن ان کے علاوہ سچائی کے کھوج میں حیات ارضی نظام اخلاقی اور فطرت انسانی کے بہت سے نکات ہیں جو نہایت نفیس پیرایہ اور لطیف زبان میں ادا ہوے ہیں ان پر تفصیلی نظر کی ضرورت نہیں چند نمونے کافی ہوں گے۔ حیات ارضی کی بے ثباتی یعنے انسان کی عمر کی کمی کے متعلق فرماتے ہیں۔۔

مانند حباب آنکھہ تو اے درد کھلی تھی
کھینچا نہ پر اس بحر میں عرصہ کوئی دم کا
واے نادانی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھہ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا
کام یاں جس نے جو کہ ٹھیرایا
جب تلک ہووے آپ ہی کام آیا

شعرا کا عموماً یہ عقیدہ رہا ہے کہ اس دنیا میں شادی کم ہے اور غم بہت ہے گویا اس حیات کی بنیاد کشش ثقل کی طرح ذہنی سطح پر غم ہے—

کچھہ دل ہی باغ میں نہیں تنہا شکستہ دل
ہر غنچہ دیکھتا ہوں تو ہے گا شکستہ دل
شادی کی اور غم کی ہے دنیا میں ایک شکل
گل کو شگفتہ دل کہو تم یا شکستہ دل

دل صد چاک ہے گل خنداں
شادی و غم جہاں میں توام ہے

اس 'حیات مستعار' کے شرر جیسے دوران میں دو روحوں کا ایک دوسرے کی جانب مائل اور رفتہ رفتہ آپس میں وابستہ ہونا ایک نہایت قابل قدر چیز ہے۔دوستی اس زیست میں ایک نعمت ہے—

کیا سیر سب ہم نے گلزار دنیا
گل دوستی میں عجب رنگ وبو ہے
غنیمت ہے یہ دید وا دید یاران
جہاں مند گئی آنکھہ میں ہوں نہ تو ہے

یہ ارضی زندگی میدان عمل ہے اور ہمارا ہر کام انمٹ ہے۔ہماری حیات ایک نالہ ہے کہ اپنے بہاؤ کے آثار مادر گیتی کے سینہ پر کھوتا جاتا ہے—

مثل نگیں جو ہم سے ہوا کام رہ گیا
ہم روسیاہ جاتے رہے نام رہ گیا

انسان کے عمل اور سر گرمی کا ایک زبر دست سر چشمہ وہ خواہشات ہیں جو انسان کی دینوی راحت اور آرام سے متعلق ہیں۔ان خواہشات کی بنیاد پیٹ کی آگ ہے۔ان خواہشات کو حضرت نے حرص سے تعبیر کیا ہے—

حرص کرواتی ہے روبہ بازیاں سب ورنہ یاں
اپنے اپنے بورئے پر جو گدا تھا شیر تھا
اگر جمعیت دل ہے تجھے منظور قانع ہو
کہ اہل حرص کے کب کام خاطر خواہ ہوتے ہیں

لیکن دنیا کی ان تن بدن کو سکھی رکھنے والی چیزوں کی آرزو انسان کا پیچھا نہیں چھوڑتی یہاں تک کہ موت کے اُس پار والے عالم کے تصور میں بھی اس آرزو کی کھوٹ ملی رہتی ہے—

پیدا کرے ہر چند تقدس بندا
مشکل ہے کہ ہو حرص سے دل برکندا
جنت میں بھی اکل و شرب سے کب ہے نجات
دوزخ کا بہشت میں بھی ہوگا دھندا

غرض یہ نمونہ ہے اُن خیالات کا جو حضرت کے کلام میں ضمناً آگئے ہیں اور ان خیالات کو اس طرح لے کر یہ مضمون نہایت طولانی کیا جا سکتا ہے اور ہمارے ہاں شعرا کے کلام کے مطالعہ کا عام ڈھنگ بھی یہی ہے۔لیکن اس مضمون میں اس امر کی کوشش کی گئی ہے کہ درد کے کلام کا مطالعہ ایک ایسے پہلو سے کیا جائے جہاں سے ان کا کلام ایک زندہ مجموعہ نظر آئے جس کا ہر جز ایک دوسرے سے عضواً وابستہ ہو۔اور اس نقطۂ نظر سے جو کچھ کہ اس قسط میں پیش کیا گیا ہے اس میں حضرت کی دماغی اور روحانی ارتقا کی تصویر کھینچنے کی کوشش کی گئی ہے۔معرفت کی راہ میں روحانی جد و جہد بر ترین حقیقت کا کھوج اور اس کش مکش اور تلاش کی واردات—یہ ہے وہ مواد جس پر

اس راقم کی راے میں حضرت درد کی شاعری مبنی ھے۔اس پاک دل شاعر کے کلام کی روح کا تاحد امکان چربہ اُتارنے کے بعد ان کے کلام کے ظاھری پہلو کا مطالعہ بھی ضروری ھے —

ان کا کلام فن شعر گوئی کے لحاظ سے بھی اُردو شاعری کی ارتقا میں ایک سرحدی نشان ھے۔حضرت سے فن شعر کا جو رنگ شروع ھوتا ھے وہ اب تک ڈیڑہ سو برس کے بعد بھی اُردو شاعری پر چڑھا ھوا ھے —

سب رس منظوم

یعنے

(۱) وصال العاشقین مصنفۂ سید شاہ حسین ذوقی

(۲) گلشن حسن و دل مصنفۂ مجرمی

(از اڈیٹر)

ہم اسی رسالہ کے نمبر ۱۶ بابت اکتوبر سنہ ۱۹۲۴ع میں ملا وجہی کی کتاب سب رس پر مفصل تبصرہ لکھہ چکے ہیں-اسی ضمن میں ہم نے ذکر کیا تھا کہ کتاب کا مضمون اور طرز بیان ایسا ہے کہ یہ ضرور اپنے زمانے میں مقبول ہوگی اور لوگ اسے شوق سے پڑھتے ہوں گے-اس کا ثبوت اس سے ملتا ہے کہ اسی قصے کے دو منظوم نسخے جو دو مختلف شخصوں نے قریب قریب زمانوں میں نظم کئے ہیں ہمیں دستیاب ہوے ہیں—

ان میں سے پہلی کتاب کا نام وصال العاشقین ہے اور حسن و دل کے نام سے بھی مشہور ہے-اس کے مصنف شاہ حسین ذوقی ہیں جن کا لقب بحرالعرفان ہے اور یہ اُن کے مرشد (شاہ خاں محمد) کا عطا کیا ہوا ہے چنانچہ اسی کتاب میں اپنے مرشد کی منقبت کے ضمن میں لکھتے ہیں—

کرم سوں دی مرے دل یم کو طغیاں
رکھا پھر نانوں ہے مجھہ بحرالعرفاں

ذوقی درویش منش اور متوکل شخص تھے-ان کا زمانہ شہنشاہ اورنگ زیب کا زمانہ ہے-چنانچہ کتاب کے آخر میں اس کا ذکر کیا ہے-لکھتے ہیں کہ میں

اس کا کیا کروں کہ کوئی بادشاہ یا شہنشاہ میرے شعر کی داد دینے والا نہیں ہے —

کروں کیا جو کہیں کے نین شہنشاہ　　شعر کا داد مجھہ دیتے بلند جاہ

دلی کا بادشاہ ہے سو وہ ایسی عیش کی چیزوں کی طرف مائل نہیں دوسرے میرے شعر کی بھی وہاں تک کہاں رسائی تھی اور میری یہ قسمت کہاں تھی کہ میں اُسے اپنا کلام سناتا۔اگر بادشاہ مال مست ہے تو فقیر حال مست ہے۔تاہم خدا کا شکر ہے کہ اس نے مجھے ایسے بادشاہ کے عہد میں پیدا کیا اور اس کے بعد بادشاہ کی تعریف میں چند شعر لکھے ہیں—

شہنشاہ نیک جو پچپن ملوک کا　　بڑا عادل بڑا دھرمی سلوک کا

جو ہے اس وقت اورنگ زیب عالی　　نبی کی شرع کے گلشن کا مالی

سہاوے نام عالمگیر اسکوں　　گنا لازم ہے جگ کا پیر اسکوں

وغیرہ

کتاب کی تاریخ میں مصرعہ لکھا ہے —

حسیں ذوقی کہا ہے نیک جلوہ

اس سے سنہ ۱۱۰۹ ھجری نکلتے ہیں۔یعنے یہ کتاب سب رس سے تقریباً پینسٹھہ برس بعد لکھی گئی ہے۔اس کا ذکر وہ اپنی اس کتاب میں بھی کرتے ہیں۔لکھتے ہیں کہ میں چاہتا تھا کہ کوئی ایسی نظم لکھوں جو شگفتہ ہو اور یادگار رہے۔ادھر اُدھر نظر دوڑائی۔کوئی کام کی بات ہاتھہ نہ لگی۔آخر اس طرف توجہ کی—

مگر اے حسن دل کا خوش سرشتہ　　لبھایا منکوں میرے ہو فرشتہ

گرچہ اے سرشتہ لے اول بھی　　گندے ہیں ہار ملاں شیخ وجہی

رکھے ہیں ہار کاتس ناوں سب رس　　ولیکن اے سرشتہ نیں کتابس

ہوا کیا جو انو یک تار لیکر　　گندے اپنے موافق ہار لیکر

ذوقی نے یہاں تعلی کی ہے اگرچہ اس نے یہ کتاب نظم میں لکھی ہے لیکن وجہی کی سب رس کو نہیں پہنچتی۔ وجہی کی نثر میں جو لطف ہے وہ اس کی نظم میں نہیں۔ ذوقی نے بھی اخلاق و دین اور تصوف کی اصطلاحات کا خوب استعمال کیا ہے اور شروع میں تو اس قدر بوچھاڑ کی ہے کہ پڑھنے والا گھبرا جاتا ہے۔ لیکن آگے چل کر یہ جوش کم ہو جاتا ہے بلکہ بعض مقام پر وہ اس تلازمے کو بالکل بھول جاتے ہیں۔ قصے میں بھی سب رس سے کہیں کہیں اختلاف پایا جاتا ہے لیکن یہ اختلاف بالکل جزوی ہے۔ لڑائی کا بیان خوب لکھا ہے اور ہتیار بھی وہی استعمال کئے ہیں جو حسن اور دل کے مناسب ہیں۔ جب دونوں لشکر ایک دوسرے کے مقابل آے ہیں تو لکھتے ہیں —

ہوے جو بھار دونوں مل مقابل　　پڑیا لرزا زمیں اسماں کے در دل
زمیں ہدری ابر گرجیا فلک دھل　　او بل دریا تو بے پہاڑاں دھمک تل

ہماری راے میں سب رس میں اس قصے کو بہتر نبھایا ہے۔

ذوقی دکھن کے مشہور مصنف اور شاعر ہیں۔ اس نظم میں انہوں نے اپنی پہلی تصنیفات کو گنوایا ہے۔ ایک تو حضرت غوث الاعظم کی منقبت میں ہے۔ دوسری وفات رسول اور معراج میں۔ تیسری منصور کا قصہ اور چوتھی ماباپ نامہ۔ یہ نام گنوانے کے بعد لکھتے ہیں —

ہنوز بند نیں طبیعت ہے ابلتا　　سمند سے حوض کا جوں یم ہو چلتا

میرے پاس ذوقی کے ایک مرید اور شاگرد احد نامی کی بھی ایک تصنیف ہے جس کا نام غم نامہ (یا شہادت نامہ) ہے۔ اس میں شہادت امام حسین کا ذکر ہے۔ اس کتاب میں مصنف جگہ جگہ ذوقی کے احسانات کا ذکر کرتا ہے افسوس ہے کہ شروع کے چند ورق غائب ہیں ورنہ اس سے ذوقی کے حالات کا کچھہ نہ کچھہ ضرور پتہ لگتا۔ یہ نسخہ جو میرے پاس ہے خود مصنف کے ہاتھہ کا لکھا ہوا ہے۔ کتاب کے آخر میں جو نوحہ لکھا ہے اس میں سنہ تصنیف ۱۱۵۵

ھجری بتایا ھے۔ذوقی نے علاوہ ان مثنویوں کے غزلیں وغیرہ بھی کہی ھیں اور ان کا ایک مجموعہ میرے پاس بھی ھے۔طوالت کے ڈر سے صرف نمونے کے طور پر دو چار شعر یہاں لکھے جاتے ھیں—

ھے سرو قد سکی کا جوں پھول ڈال نازک
مکھہ پھول پھل رھیا ھے جیسا گلال نازک

مکھہ پھول* نار کی سوں ڈالی پو پھل رھیا ھے
پہنکڑیاں سو پھول کیاں ھو دستیں ھیں گل نازک

پن† کیا کہ نازکی سوں لٹکے سکی اگن میں
گویا لباں شفق میں دستے ھلال نازک

مخمس

انکھیاں نس‡ دن پھڑکتیاں ھیں سجن دیدار دیکھن کوں
رھیاں نہیں چلن سوں ایک تل تڑپتیاں ھیں کسی کھن کوں
اپس دل کے صحیفے پر خوبی تجھہ حسن ایکچن کوں
اندھارے مکھہ نت اوتھہ آؤں تمہارے درس$ دیکھن کوں
جیسے بت پونجنے کارن فجر کوں برھمن نکلے

۲۔گلشن حسن دل

یہ بھی سب رس ھی کا قصہ ھے جو نظم میں بیان کیا گیا ھے۔اس کے مصنف مجرمی ھیں۔مجرمی تخلص ھے اصل نام شاہ بیر اللہ ھے جیسا کہ وہ خود ھی کتاب کے خاتمے پر لکھتے ھیں—

---

* گل انار † پان ‡ رات $ درشن

اس عاجز کا ناؤں شاہ پیر اللہ فقیر
جو سید میراں اس کا ہے دستگیر

رہنے والے بیجا پور کے معلوم ہوتے ہیں کیوں کہ لکھتے ہیں کہ میں نے اس قصے کو حمیدالدین سامانی کے روضے میں اتمام کو پہنچایا۔ حضرت شیخ حمید قادری کا روضہ بیجا پور میں ہے اور یہ سندھ سے احمدآباد اور بیدر میں وارد ہوے اور وہاں سے بیجا پور پہنچے اور وہیں انتقال فرمایا —

دو سال کا عرصہ ہوا کہ فارسی زبان میں تقریباً ایک جز کا رسالہ میرے ہاتھ لگا جس میں حسن و دل کا قصہ تھا۔ مصنف یا کاتب کا کہیں نام نہ تھا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اصل فارسی کتاب کا خلاصہ ہے۔ گلشن حسن دل سے اصل فارسی کتاب کا پتہ لگتا ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں —

دیکھو حسن دل فارسی کا دھنی
یو سید محمد ہے یوسف الحسینی
بھی دکھنی زبانسوں کہیا نظم میں
جو کہیا نہیں ہوں بجز حکم میں

فارسی میں اس کا نام حسن دل تھا مگر انہوں نے اپنی نظم کا نام گلشن حسن دل رکھا۔ اس کا اشارہ بھی کیا ہے —

جو قصہ اتھا فارسی بے بدل
کہ تھا نام اس کا حسن دل اصل
میرے دل میں آیا اتھا ایک خیال
کیہوں ایک قصہ حسن بے مثال
جو قصے کا تھا نام اول حسن دل
رکھیا نام دکھنی گلشن حسن دل

مجرمی کا زمانہ بھی وہی ہے جو شاہ حسین ذوقی کا ہے گویا دونوں

هم عصر هیں اور یہ دونوں کتابیں بھی ایک هی زمانہ کی لکھی هوئی هیں۔ کتاب کے آخر میں مصنف نے خود هی سنہ تصنیف بتا دیا هے—

یو بارویں صدی میں یو قصہ تمام
جو چودا برس نیں هوے تھے تمام

یعنے اس حساب سے سنہ ۱۱۱۴ هجری تصنیف کا سال هوا—

مجرمی نے قصے کو بہت مختصر کر دیا هے اور نظم بھی صاف اور بہت معمولی هے۔ نمونے کے لئے دو ایک مقام سے کچھہ اشعار دیے جاتے هیں۔ کتاب شروع یوں کی هے—

جتا حمد هے سو خدا کونچ هے — ثنا هور صفت بھی اسیکونچ هے
جو درگاہ اس کی اهے بے نیاز — اپس سوں اپیں هے وہ بے نیاز
نہ قادر هے قدرت میں اس سار * کا — نہ پیدا کیا هے اپس سار کا
سزاوار هے اُس کے تیں یک پناں † — جو کوئی حق کوں بوجیا اسی یک پناں

قصہ یوں شروع کیا هے—

زباں هور نظر دونوں مل یار هو — چلے هیں تماشے کو ایک تھار هو
چلے جب تماشے کو ملکے ‡ ملوک — تو دیکتے تمیز کر کو کرتے سلوک
سلوک سوں هر ایک ملک کا لے خبر — تو واقف هو پھرتے تھے کرتے نظر
کتے هیں ولایت کو آے دونو — عجائب شہر ایک پاے اینو $

---

* مانند † واحد هونا۔ایک هونا ‡ ملک ملک $ انہوں نے

تبصرے

ادب

تذکرۂ شعرائے اُردو موسوم بہ گل رعنا ۵۰۷
دکن میں اُردو ۵۰۸
شمع شبستان ۵۰۹
دو آتشہ ۵۱۰
خانۂ حیرت ۵۱۱
پپیہا اور پی کہاں ۵۱۲
اُردو زبان پر انگریزی ادب کا اثر ۵۱۲
منتخبات نظم اُردو ۵۱۴
مرزا غالب کی شاعری ۵۱۴

تاریخ و سیر

محمد کی سرکار ۵۱۵
سلاطین بہمنی ۵۱۵
ظہیر فاریابی ۵۱۶
مسکوکات قدیمہ ۵۱۶
تاریخ اسلام جلد اول ۵۱۷

تعلیم و تربیت

ابتدائی تعلیم کی رام کہانی ۵۲۰
ہندو تیوہاروں کی اصلیت اور ان کی جغرافیائی کیفیت ۵۲۰
وہ جاندار جو نظر نہیں آتے ۵۲۰
نیرنگ ارض ۵۲۱

مذہب

پیام امین ۵۲۲
فتنۂ خلق قرآن ترجمہ کتاب العبدہ ۵۲۳
اسلامی رسول کے معجزے ۵۲۳
خدائی انکم ٹیکس ۵۲۴
انسداد گداگری اور اصلاح خیرات ۵۲۴

متفرق

حضرت خواجہ حسن نظامی کا روز نامچہ ۵۲۴
تبلیغ نامۂ وحدت و محبت ۵۲۵
پنجاب کی بعض اچھوت قومیں ۵۲۶

اُردو کے جدید رسالے

اورینٹل کالج میگزین ۵۲۶
المومن ۵۲۷
وحید العصر ۵۲۸
النور ۵۲۸
سود مند ۵۲۸
سرتاج ۵۲۸

ادب

تذکرۂ شعراے اردو موسوم بہ گل رعنا

یہ جدید تذکرہ مولانا حکیم سید عبدالحی مرحوم سابق ناظم ندوۃالعلما کی تالیف ہے جو لوگ مولاناے مرحوم سے ذاتی واقفیت رکھتے تھے انہیں ممکن ہے کہ اس کا علم ہو ورنہ عام طور پر لوگ اس سے لاعلم تھے کہ مولاناے مرحوم اردو زبان اور ادب کا ایسا اچھا ذوق رکھتے ہیں اور ایسا خیال کچھہ بیجا بھی نہ تھا کیوں کہ مولوی صاحبان نے عموماً اردو زبان کی طرف سے غفلت برتی ہے۔معلوم ہوتا ہے کہ یہ ادبی ذوق مولانا کو اپنے والد ماجد سے ارثاً ملا ہے جو اردو اور فارسی کے اچھے شاعر تھے اور جن کا حال اور کلام کا نمونہ انہوں نے کتاب کے آخر میں دیا ہے—

شروع میں اردو زبان اور اردو شاعری کی تاریخ اور اردو شاعری پر مختصر سا تبصرہ لکھا ہے اور اس کے بعد تین طبقے یعنے طبقۂ متقدمین۔طبقۂ متوسطین اورطبقۂ متاخرین قائم کئے ہیں اور ہر طبقے کو ایک ایک دو دو دور میں تقسیم کیا ہے۔طبقۂ متقدمین کے دور اول اور دور دوم میں مختصر طور پر زیادہ تر دکنی شعرا کا ذکر ہے۔چونکہ مولانا نے خود اس زمانے کے کلام کا مطالعہ نہیں کیا اس لئے جو معلومات انہیں موجودہ تذکروں سے بہم پہنچی ہیں وہ سب بڑی خوبی سے جمع کردی ہیں اور اس وجہ سے جو غلطیاں سابق تذکرہ نویسوں نے عدم واقفیت کی وجہ سے کی ہیں ان کی اصلاح کی کوشش نہیں کی گئی اور بجنسہ نقل کردی گئی ہیں۔اس کے بعد طبقۂ متوسطین اور طبقۂ متقدمین کے شعرا کا حال لکھا گیا ہے جو حالی اور اکبر پر ختم ہوتا ہے۔ہر شاعر کے کلام کا نمونہ بھی دیا گیا ہے جس سے فاضل مولف کی وسعت نظر کا ثبوت ملتا ہے۔اگرچہ زبان اور شعرا کے کلام پر اعلیٰ تنقید کا حق ادا نہیں کیا گیا تاہم ہر شاعر کے کلام پر بہت ہی منصفانہ راے کا اظہار کیا گیا

ھے۔مولانا کو لکھنے کا بہت ھی اچھا سلیقہ ھے اور اردو میں اظہار خیالات پر پوری قدرت حاصل ھے۔کاش وہ اپنی دوسری تصنیفات و تالیفات بھی جو عربی میں ھونے کی وجہ سے گوشۂ گمنامی میں پڑی ھیں اردو زبان میں لکھتے۔یہ عبرت حاصل کرنے کا مقام ھےکہ جو لوگ غیر زبانوں میں کتابیں لکھتے ھیں اس سے نہ تو خود ان کے جوھر کھلنے پاتے ھیں اور نہ ملک کو عام طور پر کچھہ فائدہ حاصل ھوتا ھے—

کتاب چکنے کاغذ پر بہت صاف ستھری چھپی ھے۔تعداد صفحات ۵۴۶ ھے—

دارالمصنفین اعظم گڈہ یا انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد دکن سے (غیر مجلد) پانچ روپیہ (سکۂ انگریزی) قیمت پر مل سکتی ھے—

دکن میں اُردو

یہ کتاب حال ھی میں مولوی نصیرالدین ھاشمی صاحب (منشی فاضل) نے تالیف کی ھے۔شروع میں جنوبی ھند میں اردو کی ابتدا اور اس کی ترقی پر مختصر بحث کی ھے۔اس کے بعد قطب شاھی دور کا ذکر ھے جس میں سب سے اول سلطان محمد قلی قطب شاہ کا ذکر ھے جن کے حالات اور کلام پر رسالہ اردو میں مفصل تبصرہ چھپ چکا ھے۔اس دور کے دوسرے شعرا کا تذکرہ بھی کیا گیا ھے۔ان میں اکثر کا حال جو مل سکا ھے ایک ایک دو دو سطر میں ھے اور ایک ایک دو دو شعر بھی بطور نمونہ کے دے گئے ھیں۔یہ دور بارہ صفحے میں ختم ھوا ھے اس کے بعد عادل شاھی دور آتا ھے جو صرف تین صفحوں پر ھے۔دور عادل شاھی اور قطب شاھی کے بعد احاطۂ مدراس و بیجاپور وغیرہ کی نظم و نثر پر بحث کی گئی ھے۔اس مختصر بحث کے بعد کتاب کا اصل اور بڑا حصہ شروع ھوتا۔اس کا عنوان ''اردو اور سلطنت آصفیہ ھے'' اس کے انہوں نے چار دور قائم کئے ھیں اور اس میں متاخرین اور زمانۂ حال کے ناظموں اور ناثروں کے حالات اور ان کے کلام کے نمونے تفصیل سے دیے ھیں۔ان میں مولانا شبلی سے لے کر ایسے لوگوں تک کا ذکر آگیا ھے جو لکھے پڑھے کہے جا سکتے ھیں اور جنھوں نے کبھی کبھی کوئی مضمون کسی اخبار یا رسالے میں تحریر فرمایا ھے کتاب کے آخر میں عثمانیہ یونیورسٹی۔حیدرآباد کے نئے پرانے اخبارات اور رسالوں اور انجمنوں کا بھی نام بنام ذکر کیا گیا ھے—

کتاب ۱۸۰ صفحے میں ھے جن میں سے ۲۵ صفحے میں متقدمین کا ذکر ھے اور باقی کتاب میں متاخرین اور حال کے مصنفین کا مفصل تذکرہ کیا گیا ھے—

قابل مولف نے کتاب کی ترتیب میں محنت سے کام لیا ھے اور ان کی محنت اور کے قابل ھے۔کتاب مولف سے ترپ بازار حیدرآباد کے پتہ سے دو روپے میں

مل سکتی ہے —

شمع شبستان

یہ پندرہ مختصر افسانوں کا مجموعہ ہے۔یہ افسانے وقتاً فوقتاً ہمارے ہاں کے اُردو رسالوں میں شایع ہوتے رہے ہیں۔جہانگیر بک کلب (چابک سواران۔لاہور) نے بڑا کام کیا کہ اس منتشر سرمایہ کو یکجا کر دیا۔زیر تبصرہ کتاب "پہلا حصہ" ہے اور بہت جلد دوسرے حصہ کے شایع ہونے کی اُمید دلائی گئی ہے —

مختصر افسانہ نویسی نے باعتبار فن ابھی تک ہماری زبان میں کوئی ترقی نہیں کی ہے۔چنانچہ اس مجموعے کے افسانے بھی (چند مستثنیات سے قطع نظر) جامعیت۔واقعیت اور سیرت نگاری کی ان خصوصیات سے خالی نظر آتے ہیں جو ترقی یافتہ زبانوں کے افسانوں میں پائی جاتی ہیں —

مولفین نے اس بات کی کوشش کی ہے کہ صرف "مشاہیر اہل قلم" کے افسانے جمع کئے جائیں چنانچہ اس مجموعہ میں ہمیں منشی پریم چند صاحب اور سلطان حیدر صاحب جوش کے افسانوں کے ساتھ ساتھ حکیم احمد شجاع صاحب نیاز۔لطیف احمد صاحب۔راشد الخیری صاحب وغیرہم کے افسانے بھی نظر آتے ہیں۔اکثر افسانے جس رنگ میں لکھے گئے ہیں وہ وہی ہے جسے ہمارے ملک میں "ادب لطیف" کا عجیب و غریب نام دیا گیا ہے۔شاعرانہ تخیل آفرینیوں کے لئے یہ رنگ چاہے کتنا موزوں کیوں نہ ہو لیکن مختصر افسانوں میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا۔خیالی مضامین اور طول طویل قصوں میں جہاں مصنف کو گویائی کے کافی مواقع ملتے ہیں یہ طرز کھپ سکتا ہے لیکن مختصر قصوں میں جہاں لکھنے والے کو تفصیل کے بدلے اجمال سے کام لینا پڑتا ہے اور جہاں خود "بولنے" کے عوض تصویروں کی گویائی سے نفس قصہ کا انکشاف کیا جاتا ہے یہ رنگ کام نہیں دیتا۔چنانچہ اسی کتاب میں اگر "بوڑھی کاکی" اور "میں ہوں اپنی شکست کی آواز" کو پڑھا جائے تو فرق معلوم ہو جاتا ہے —

صفحہ ۸۳ "ان کی لسانیت تماشا سوز حد تک بڑھ گئی تھی" نیاز

صفحہ ۷۳ "اپنی خود فراموش عقیدت کو اپنے سر کی ایک جنبش میں متشکل کر کے اس کے پاوں پر نچھاور کر دیتا" احمد شجاع

صفحہ ۸۹ "میں نے اپنے گیسوؤں میں عنبر کی بو سونگھی۔لبوں میں التہاب عقیق کو گویا دیکھا اور آنکھوں میں

ل-احمد

شباب کو متموج"

یہ اور اسی قسم کے جملے مختصر افسانوں میں اچھے نہیں معلوم ہوتے —

کتاب میں چند افسانے بہت اچھے ہیں جیسے "عشق کی خود کشی" "پھر بھی عمر قید" "بوڑھی کاکی" وغیرہ —

کتاب کے شروع میں سات صفحوں کی ایک "تقریب" بھی لکھی گئی ہے اس میں اُردو افسانہ نویسی کی تاریخ سے بہت ہی سرسری بحث کی گئی ہے اور ہمارے یہاں کے مشہور افسانہ نویسوں (مثلاً سرشار-نذیر احمد-شرر-محمد علی) کی خصوصیات بتلائی گئیں ہیں —

ہمیں مولفین سے ایک بات کی خاص طور پر شکایت ہے-ہر مشہور اہل قلم کے لئے جگہ نکالنے کی خاطر ذوق انتخاب کو قربان کر دیا گیا ہے-اگر ایک ہی افسانہ نگار کے دو یا تین افسانے شامل کر لئے جاتے تو کیا ہرج تھا —

موجودہ اڈیشن میں ہمیں ان رسالوں کا نام نظر نہیں آتا جن میں یہ افسانے پہلی مرتبہ شایع ہوے-ہمیں اُمید ہے کہ قابل مولفین آئندہ اس کا لحاظ رکھیں گے اور ان رسالوں کے نام مع ماہ و سال اشاعت لکھیں گے —

لکھائی چھپائی غنیمت ہے اکثر کتابت کی غلطیاں بھی رہ گئی ہیں-کاغذ اچھا، سر ورق دبیز و رنگین-جہانگیر بک کلب چابک سواران لاہور سے ایک روپیہ چار آنہ میں مل سکتی ہے —

(و)

دو آتشہ

جب سے کہ ہمارے ملک میں انگریزی تعلیم کا چرچا ہوا اور ہمارے نوجوانوں نے گہری نظروں سے انگریزي ادبیات کا مطالعہ شروع کیا اس وقت سے اب تک متعدد انگریزی نظموں کے منظوم ترجمے مختلف ادبی اور علمی رسالوں اور اخباروں کے ذریعہ ملک میں پھیل چکے ہیں-اب جناب مولوی غلام محی الدین صاحب ایم-اے (انٹر میڈیٹ کالج لایل پور) نے اس پریشان مجموعے کو یکجا کر کے دو آتشہ کے نام سے چھپوایا ہے —

اس کتاب میں ۶۲ مشہور انگریزی نظمیں اور ان کے منظوم ترجمے ہیں-داہنی طرف کے صفحات ترجموں کے لئے اور بائیں جانب کے اصل انگریزي نظموں کے لئے مخصوص-کر دئے گئے ہیں-دونوں کی فہرستیں بھی علیحدہ علیحدہ دي گئی ہیں-یہ جدت یقیناً قابل تعریف ہے-اس سے مقابلہ اور موازنہ میں بہت

کچھہ سہولت ہوگی —

جناب مولف نے بڑی کوشش سے ان نظموں کو یک جا کیا ہے۔ان میں سے کچھہ تو حال ہی کی تصنیف ہیں اور کچھہ ایسی ہیں جو اب سے بہت پہلے چھپی تھیں۔ اکثر رسالے جن میں یہ نظمیں شایع ہوتی رہیں اب باقی نہیں رہے ہیں۔اگر فاضل مولف ہر نظم کے محاذی اس رسالہ کا نام بھی لکھہ دیتے جس سے وہ منقول ہے اور ساتھہ ہی ساتھہ ماہ و سال اشاعت بھی دے دیتے تو زیادہ مناسب ہوتا۔ہمیں امید ہے کہ آئندہ اڈیشن میں اس کا لحاظ رکھا جاے گا —

فاضل مولف نے نظموں کے انتخاب میں بھی اپنے ذوق کا ثبوت دیا ہے۔اگر ایک طرف انگریزی شعرا کی صفوں میں وہاں کی مایہ ناز ہستیاں نظر آتی ہیں تو دوسری طرف بزم اردو بھی یہاں کے مشاقان فن سے خالی نہیں ہے۔اکبر مرحوم اقبال مرحوم۔نظم طباطبائی۔نادر کاکوروی (مرحوم)۔ضامن کنتوری۔ناطق۔نیرنگ۔ مولوی ظفر علی خاں صاحب۔سب کے سب یہاں موجود ہیں —

ہمیں امید ہے کہ یہ کتاب ملک میں مقبول ہوگی اور اس کے مطالعہ سے ہمارے نوجوان انگریزی داں شعرا کو بھی ترجمے کا شوق ہوگا۔اگر ذوق سخن رہنمائی کرے تو یہی کوششیں ہماری اردو شاعری میں انقلاب پیدا کرسکتی ہیں۔ اگر اسی طرح سے مرہٹی اردو۔بنگالی اردو اور دوسرے ہندی زبانوں کے مجموعے شائع ہوں۔تو یقیناً ہماری ادبیات میں ایک قابل قدر اضافہ ہو جاے —

ظاہری اعتبار سے بھی کتاب بہت کچھہ دیدہ زیب ہے۔اعلیٰ درجہ کی مطلیٰ جلد ہے۔کاغذ بھی اچھا ہے۔لیکن کتاب کی حثیت کو دیکھتے ہوے طباعت معمولی ہے۔اکثر کتابت کی غلطیاں رہ گئی ہیں۔اگر یہی کتاب بجاے لیتھو کے ٹائپ میں چھپتی تو یقیناً زیادہ بہتر ہوتی —

کتاب کے شروع میں جناب مولف نے چھہ صفحہ کی ایک تمہید بھی لکھی ہے اور اس میں ضروریات شاعری پر مختصر سی بحث کی ہے —

کتاب لاہور پرنٹنگ پریس میں چھپی ہے اور وہیں سے مل سکتی ہے۔قیمت مجلد طلائی تین روپیہ۔قیمت غیر مجلد دو روپیہ ۸ آنے —

(و)

خانۂ حیرت

یہ ہندی اردو فارسی کی پہیلیوں کہہ مکرنیوں اور دو سخنوں کا بہت ہی اچھا اور دلچسپ مجموعہ ہے۔پہیلیوں کا رواج آج کل کم ہوتا جاتا ہے حالانکہ

ذہنی مشق کے لئے لڑکوں لڑکیوں کے لئے یہ بہت ہی اچھا مشغلہ ہے۔اس مجموعے میں نئی پرانی ہر قسم کی پہیلیاں موجود ہیں۔ان کے مطالعہ سے زبان کے ارتقا اور اس کی خوبیوں کا بھی پتہ لگتا ہے۔نیز ہمارے قدیم طرز معاشرت اور رسم و رواج کے متعلق بھی بہت سی باتیں نکل آتی ہیں۔سید عنایت علی صاحب کا شکر گزار ہونا چاہئے کہ انہوں نے بڑی محنت سے اس مفید اور دلچسپ کتاب کو مرتب کیا ہے۔صفحہ کے آخر میں پہیلیوں کے جواب بھی لکھہ دیے ہیں۔اس کتاب کے ۷۱ صفحے ہیں جن میں سے ۶۲ صفحوں پر ہندی پہیلیاں ہیں اور باقی ۹ صفحوں پر فارسی۔کل پہیلیوں کی تعداد ۶۷۳ ہے۔اس قسم کی کتابوں کی طالب علموں اور لڑکے لڑکیوں کے لئے بہت ضرورت ہے اور ہمیں امید ہے کہ والدین اور استاد دونوں اس کے رواج دینے کی کوشش کریں گے۔بچوں کے لئے اس سے بہتر کوئی تحفہ نہیں ہوسکتا کہ کھیل کا کھیل ہے اور تعلیم کی تعلیم—

کتاب چھوٹی تقطیع پر بہت صاف چھپی ہے اور سید عبدالودود صاحب رضوی عرف منے میاں محلہ خادمان اجمیر سے مل سکتی ہے—

پپیہا اور پی کہاں

یہ نظم جو مسدس کی صورت میں ہے شام موہن لال صاحب جگر بریلوی کی تصنیف ہے۔پپیہے کی کوک "پی کہاں" سے طرح طرح کے مضمون پیدا کئے ہیں۔جگر صاحب اردو زبان پر پوری قدرت رکھتے ہیں اور یہ نظم بہت ہی پر لطف اور پاک صاف زبان میں لکھی ہے۔جو لوگ اردو کی جدید شاعری سے شوق رکھتے ہیں۔ان کے پڑھنے کے لائق ہے—

نظامی پریس بدایوں سے ۲ آنہ میں مل سکتی ہے—

اُردو زبان پر انگریزی ادب کا اثر

(The Influence of English Literature on Urdu Literature)

یہ کتاب انگریزی زبان میں ہے۔اس کے لکھنے والے سید عبداللطیف صاحب بی۔اے۔پی۔ایچ ڈی (لندن) پروفیسر عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن ہیں۔یہ اصل میں وہ مقالہ ہے جو انہوں نے پی۔ایچ ڈی کی ڈگری کے لئے لندن یونیورسٹی میں پیش کیا تھا—

مضمون بہت دلچسپ ہے اور پڑھنے کے قابل ہے۔کتاب تین حصوں میں تقسیم کی گئی ہے۔پہلے حصے میں بطور دیباچہ کے انگریزی اثر سے قبل کے اُردو

ادب کا ذکر ہے جو صرف گیارہ صفحوں پر ہے۔دیباچہ کے علاوہ دو باب اور ہیں۔ پہلے باب میں اُردو زبان کی تاریخی حیثیت پر نظر ڈالی گئی ہے اور دوسرے میں اس کی خصوصیات کا بیان ہے۔دوسرے باب سے انگریزی اثر کی بحث شروع ہوتی ہے۔اس باب میں اُن ذرائع اور وسائل کا ذکر ہے جن کی بدولت یہ اثر اُردو ادب تک پہنچا۔تیسرے باب میں انگریزی اثر کے نتائج سے بحث کی گئی ہے جس میں چار باب ہیں(۱)۔قدیم ادبی خیالات سے رجعت(۲)۔نظم میں نئی تبدیلیاں (۳)۔نثر میں نئی تبدیلیاں (۴)۔جدید شان (ظاہر و باطن کے لحاظ سے)۔اس کے بعد دو اڑھائی صفحے کا خاتمہ ہے جو کتاب کا لب لباب ہے —

عنوانات کی تقسیم بہت جامع اور دل چسپ ہے اور فاضل مولف کی نظر سے کوئی بات ایسی نہیں بچی جو قابل ذکر ہو۔ہم نے اس کتاب کو بہت شوق سے پڑھا لیکن پڑھنے کے بعد کسی قدر مایوسی ہوئی۔اس میں کہیں اُس ادبی تحقیق۔ تنقیدی نظر اور گہرے مطالعہ کے آثار نہیں پائے جاتے جو ایک ایسے مقالے کے لئے لازم ہیں۔تمام بحثیں سرسری اور اوپری ہیں اور وہی عام رائیں اور معمولی باتیں جو عام طور پر دوسرے تذکروں اور تحریروں میں پائی جاتی ہیں بیان کر دی گئی ہیں۔مضمون کی تقسیم اور ترتیب بیشک قابل تعریف ہے۔البتہ سر سید احمد خاں مرحوم اور مولانا حالی کا جو مستقل اثر اُردو زبان اور ادب پر پڑا ہے اُسے کسی قدر سلیقہ اور خوبی سے بیان کیا ہے جو دوسری کتابوں میں نظر نہیں آتا۔اگر یہی کتاب اُردو میں ہوتی تو زیادہ قابل لحاظ نہ ہوتی —

کتاب میں جا بجا ایسی غلطیاں بھی پائی جاتی ہیں جن کی ایک اُردو زبان کے مولف اور ادیب سے توقع نہیں کی جا سکتی۔مثلاً الہارون کو مولانا شبلی مرحوم کی تصنیف بتایا گیا ہے۔حالانکہ خود کتاب کا نام یہ کہے دیتا ہے کہ یہ مولانا شبلی کی تصنیف نہیں ہو سکتی۔اس کتاب کا ذکر دو جگہ آیا ہے اور دونوں جگہ اسے مولانائے مرحوم سے منسوب کیا گیا ہے (ملاحظہ ہو صفحہ ۹۳، ۱۲۰)—

اسی طرح امانت کا نام امانت علی تحریر فرمایا ہے۔جہاں تک ہمیں خیال ہے اُن کا اصل نام سید آغا حسن ہے —

جہاں ملک کی اُن انجمنوں اور اداروں کا ذکر کیا گیا ہے جنھوں نے انگریزی زبان سے اُردو میں ترجمے کر کے زبان میں اضافہ کیا ہے ان میں دائرۃالمعارف حیدرآباد کا بھی ذکر ہے اور اس کا ذکر ہر جگہ اسی شان سے آیا ہے۔جامعۂ عثمانیہ کے پروفیسر سے ایسی غلطی کا ہونا حیرت کی بات ہے۔غالباً ان کا مطلب مرحوم سررشتۂ علوم و فنون سے ہے جو کبھی مولوی سید علی بلگرامی مرحوم کی

نگرانی میں قائم ہوا تھا—

معلوم نہیں یہ خیال فاضل مولف نے کس بنا پر قایم کیا ہے کہ امانت نے ڈر کے مارے اس ڈرامے کو اپنے سے منسوب نہیں کیا ہے—

کتاب متوسط تقطیع پر ۱۳۶ صفحے کی ہے-لندن میں چھپی ہے لیکھمی نرائن اینڈ کمپنی رزیڈنسی حیدرآباد سے مل سکتی ہے-طلبہ کا اڈیشن پانچ روپیہ میں اور کتاب خانوں کا اڈیشن سات روپیہ میں—

منتخبات نظم اُردو

یہ سلسلۂ انتخاب جناب محمد الیاس برنی ایم اے پروفیسر جامعۂ عثمانیہ کا مرتب کردہ ہے جس پر کسی گزشتہ پرچے میں تبصرہ ہو چکا ہے-یہ اس کا دوسرا اڈیشن ہے-بڑی خوشی کی بات ہے کہ یہ انتخاب ملک میں مقبول ہوا اور دوبارہ طبع کی نوبت آئی-جدید طبع میں اور بہت سی نظمیں اضافہ کی گئی ہیں-کُل سلسلہ بارہ جلدوں میں ختم ہوتا ہے اور مضامین کے لحاظ سے تین حصوں میں تقسیم ہوا ہے-پہلی چار جلدوں میں معارف ملت-دوسری چار جلدوں میں جذبات فطرت اور تیسرے حصے میں مناظر قدرت کے متعلق نظمیں ہیں-یہ کتابیں خوبصورت تقطیع پر بہت پاک صاف چھپی ہیں-ہر کتاب کے آخر میں جن جن شعرا کے کلام کا انتخاب کیا گیا ہے اُن کے نام-سنہ ولادت اور سنہ وفات اور وطن کا پتہ بتا دیا گیا ہے اور جو جو نظمیں اُن کے کلام سے انتخاب کی گئی ہیں اُن کے نام بقید صفحہ درج کر دئے گئے ہیں-کتابیں مجلد ہیں-ہر جلد کی قیمت ایک روپیہ ہے—

مرزا غالب کی شاعری

یہ مولوی مرزا محمد عسکری صاحب بی اے سکریٹری انجمن اُردو لکھنؤ کا ایک لیکچر ہے جس میں موصوف نے غالب کی شاعری پر وسیع مطالعہ کے بعد اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور لکھنؤ کی مسلم اکاڈمی کے جلسہ منعقدۂ ۱۶ جمادی الاولیٰ سنہ ۱۳۴۳ ہجری میں سنایا تھا-پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب مرزا صاحب نے غالب کے اُردو فارسی تصانیف اور کلیات و دیوان کو کافی غور و خوض اور دقت نظر سے پڑھنے کے علاوہ فن شعر اور غالب سے متعلق دیگر ضروری کتب کی چھان بین کرنے کے بعد اس لکچر کو تیار کیا ہے-اس میں مرزا

غالب کے کلام فارسی اُردو کی خصوصیات اُن کے مذہب ھیں اور خاندانی حالت کے اثرات وغیرہ کو عمدگی سے دکھایا ھے-شروع سے آخر تک لکچر دل چسپ اور عمدہ معلومات کا حامل نظر آتا ھے —

حجم ۳۲ صفحے-لکھائی چھپائی معمولی-قیمت چار آنہ-منیجر صاحب دلگداز لکھنؤ سے ملتا ھے —

(م)

———:o:———

تاریخ و سیر

محمد کی سرکار

یہ سیرۃ رسول عربی صلعم ایک سکھہ قوم کے بزرگ سردار گوردت سنگھہ صاحب دارا بیرسٹر و ایڈیٹر اخبار ھند (لندن) کی تالیف ھے-فاضل مولف نے یہ کتاب وسیع مطالعہ کے بعد بڑی محبت اور صداقت سے لکھی ھے اور اُس کے ایک ایک لفظ سے پریم اور خلوص ٹپکتا ھے-لکھنے کا ڈھنگ بھی بہت ھی دل کش ھے-عبارت میں روانی اور شیرینی پائی جاتی ھے اور جو کچھہ لکھا ھے سچے دل اور سچی عقیدت سے لکھا ھے-کتاب پڑھنے کے قابل ھے مولف تو ھر حال میں لایق شکریہ ھے-لیکن اس کے بعد خواجہ حسن نظامی صاحب کا بھی شکر گزار ھونا چاھئے کہ انہوں نے اس کتاب کو اپنی نگرانی میں چھپوایا-کتاب ۱۸۴ صفحہ پر بہت خوبصورت چھپی ھے-قیمت آٹھہ آنے-دفتر حلقۂ مشائخ بک ڈپو دھلی سے مل سکتی ھے

سلاطین بہمنی

یہ چھوٹی سی کتاب خواجہ حسن نظامی صاحب کی تالیف ھے جو ھندوستان کی اسلامی تاریخ کے سلسلہ میں شامل ھے-اسی سلسلے میں جناب خواجہ صاحب تاریخ دکن بھی لکھنا چاھتے ھیں جس کا یہ پہلا حصہ ھے-یہ سلسلہ بچوں کے لئے ھے تاکہ مسلمان لڑکے لڑکیاں اپنی تاریخ سے واقف ھوں-اس حصے میں صرف بہمنی خاندان کا ذکر ھے اور آسان اور صاف عبارت میں تمام حالات بیان کئے

گئے ہیں-طالب علموں کے لئے بہت اچھی کتاب ہے چھوٹی تقطیع کے ۸۰ صفحہ ہیں قیمت آٹھ آنے—

ظہیر فاریابی

یہ رسالہ حکیم شمس اللہ صاحب قادری ایم-آر-اے-ایس کی تالیف ہے جس میں انہوں نے چھٹی صدی ہجری کے ایک فاضل اجل اور جید حکیم کی زندگی کے حالات اور اُن کے کلام کا تذکرہ مختلف تذکروں اور تاریخوں سے بہت تحقیق کے ساتھ لکھا ہے-اس کے بعد جن جن سلاطین اور اُمرا کا ذکر اُن کے قصائد میں آیا ہے اُن کی فہرست بھی دے دی ہے-آخر میں اُن تمام کتابوں کی فہرست ہے جن سے یہ حالات اخذ کئے گئے ہیں-یہ رسالہ انگلستان کے مشہور و معروف مستشرق پروفیسر براون کے نام سے معنون کیا گیا ہے-قابل مولف مشاہیر شعراے عجم کے نام سے ایک سلسلہ مضامین لکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں-یہ اُس سلسلہ کا پہلا مضمون ہے-یہ رسالہ تاج پریس حیدرآباد میں چھپا ہے—

مسکوکات قدیمہ (ہندوستان جنوبی کے سکہ جات طلائی)

یہ وہ سکے ہیں جن کا نام مسلمان مورخین نے ہون لکھا ہے اور جو تامل زبان میں ویراہا اور یورپی السنہ میں پیگودا کہلاتے ہیں-یہ رسالہ حکیم شمس اللہ صاحب قادری ایم-آر-اے-ایس کی تالیف ہے-ہون (یا ہن) کا لفظ عموماً ادب اور تاریخ کی کتابوں میں آتا ہے مگر بہت کم لوگ اس کی حقیقت سے آگاہ ہیں-قابل مولف نے نہایت تحقیق اور تلاش سے اس کی تاریخ لکھی ہے اور مختلف زمانوں جو جو اس سکہ کی حالت رہی ہے اور جو جو تغیرات اس کی صورت اور وزن میں ہوے ہیں اُن سب کو تفصیل سے لکھا ہے-حکیم صاحب سکوں کے فن میں بڑی مہارت رکھتے ہیں اور یہ رسالہ اُن کی تحقیق و تلاش کی شہادت دیتا ہے-رسالہ کے آخر میں ہون کی مختلف شکلوں کے نقش دئے ہیں-جو لوگ قدیم سکوں اور قدیم معلومات کا ذوق رکھتے ہیں اُن کے مطالعہ کے قابل ہے—

رسالہ تاج پریس حیدرآباد دکن میں چھپا ہے اور وہاں سے پانچ آنے میں مل سکتا ہے—

تاریخ اسلام جلد اول (مولفۂ مولانا اکبر خاں صاحب نجیب آبادی)

ان دنوں اکثر حضرات عربی تاریخوں کا ترجمہ اُردو میں محنت و کاوش سے کر رہے ہیں۔مترجمین کے گروہ کے علاوہ ایک طبقہ ان لوگوں کا ہے جو عربی تاریخوں میں سے واقعات کا مطالعہ کرکے انہیں اپنے نقطۂ خیال سے ترتیب دیتا ہے۔مولوی اکبر شاہ خاں صاحب نے بھی تفصیل سے کام لیکر ایک تاریخ تالیف کی ہے۔جلد اول میں فاضل مولف نے زمانۂ جاہلیت پر گہری نظر ڈالی ہے اور اس زمانہ کی تمدنی و معاشرتی حالت کو خوب بیان کیا ہے۔اس کے بعد آنحضرت صلعم و خلفاے راشدین کے واقعات کو شرح و بسط سے مرتب کیا ہے۔عربی قبائل کی نسلی حقیقت کو بھی صراحت سے بیان کیا ہے۔شجرے عمدہ تیار کئے ہیں۔ایک بات جس میں آپ دوسرے مورخوں پر سبقت لے گئے ہیں وہ جنگوں کا بیان ہے۔ سواے مصر کی جنگوں کے باقی سب محاربات اسلامی کا آپ نے مکمل خاکہ کھینچا ہے جو شخص جنگوں کے ارتقا پر کچھہ تحریر کرنا چاہے اسے آپ کی اس تاریخ سے بہت مواد مل سکتا ہے۔کہیں کہیں نتائج و عواقب سے رجعت کر کے اسباب و علل پر بھی غور کیا ہے۔حضرت عثمان کے زمانے میں اسلامی اخلاقیات کے تنزل کو عمدہ پیراے میں ظاہر کیا ہے۔اس تسلسل کا ہمیں ضرور اعتراف کرنا پڑتا ہے جس سے آپ نے عبداللہ ابن سبا کی سازش کو درج کیا ہے اور یہ بتایا ہے کہ کس طرح اس شخص نے مملکت اسلام کے مختلف مراکز پر انجمنیں قایم کرکے نفاق کی بنا ڈالی—

مگر اسی کے ساتھہ ہم اتنا ضرور کہیں گے کہ مولف نے کہیں کہیں مورخانہ اعتدال سے تجاوز کیا ہے۔ہر روشن ضمیر مسلمان سمجھتا ہے کہ اگرچہ مسلمانوں کے تہذیب و تمدن میں ان کی محنت و ذہانت کو بہت دخل تھا لیکن ابتدا ان کی نہیں ہے۔کسی نہ کسی صورت میں انہوں نے دوسری قوموں سے تمدن لیا اور اس کو فروغ دیا۔فاضل مولف نے جو کچھہ حکماے یونان کے متعلق لکھا ہے وہ کبھی ابن سینا یا ابن الرشد نہ کہتے۔ملاحظہ ہو—

صفحہ ۵ "مسلمانوں کو ارسطو۔بیکن۔بطلیموس و نیوٹن کی کوئی احتیاج نہیں کیوں کہ ان کے اسلاف کی مجلس میں ایسے ایسے فلسفی و ہیئت داں موجود ہیں جن کی کفش برداری پر مذکورہ مشاہیر کو فخر کا موقع مل سکتا ہے"—

کہاں ارسطو اور کہاں بیکن۔کہاں بطلیموس کا زمانہ اور کہاں نیوٹن۔ایک

ھی فقرے میں قدیم و جدید سائنس و فلسفہ دانوں کو روند ڈالا ھے —

صفحہ ۷ "اسلام سے پیشتر کسی قوم کو یہ توفیق نہ ھوئی کہ وہ فن تاریخ نویسی کی طرف متوجہ ھوتی" —

غالباً مولف نے ھیروڈوٹس-تھوسی ڈائڈز-لوی-پلوٹارک-بڈسیٹس-ایرین کو بالکل فراموش کر دیا ھے —

ایک جدید نظریہ قایم کیا گیا ھے —

صفحہ ۱۰ "تاریخ میں چوں کہ اچھے آدمیوں کی خوبیاں اور برے لوگوں کی برائیاں لکھی جاتی ھیں لہذا کسی رذیل یا کمینہ خاندان والے کو علم تاریخ سے بہت کم محبت ھو سکتی ھے" —

اس زمانے میں جب کہ عموماً تمام دنیا میں اور خصوصاً یورپ میں خاندانی نجابت کا خاتمہ ھوتا جاتا ھے تو شاید فن تاریخ بھی دنیا سے اُٹھہ جاے گا —

جمہوریت کو مولف نے خوب پائمال کیا ھے اور جیمز اول کے نظریے حقوق شاھی منجانب اللہ کو از سر نو تازہ کیا گیا ھے-ایسی باتیں جو عقل و صداقت کے خلاف ھیں آج کل ایک مورخ کے قلم سے نکلنی موجب حیرت ھے-نمونہ کے لئے ذیل کے جملے ملاحظہ ھوں —

صفحہ ۱۵ "بادشاہ مجازي خدا ھوتا ھے"

صفحہ ۱۹ "جمہوری حکومتوں میں کوئی نپولین-سیزر-تیمور-ھنی بال-شیر شاہ پیدا نہیں ھو سکتا" —

اسلام کی فتوحات کے بیان کرنے میں مولف نے کہیں کہیں مبالغہ سے کام لیا ھے اور واقعی کا رنگ اختیار کیا ھے —

صفحہ ۲۰۲ "جنگ لیس (ایران) میں ستر ھزار دشمن میدان جنگ میں مسلمانوں کے ھاتھہ سے مارے گئے" —

صفحہ ۲۱۰ "ایک لاکھہ تیس ھزار رومی لقمۂ اجل ھوے" —

صفحہ ۲۲۰ "ایرانی لشکر کے قریباً ایک لاکھہ آدمی ' بروایت ابن خلدون ' اس لڑائی (جنگ بویب) اور مسلمانوں کے لشکر سے صرف سو آدمی شہید ھوے" —

جن مورخین نے بہت تحقیق سے ان جنگوں کے متعلق لکھا ھے وہ ایرانیوں اور رومیوں کی تعداد صرف اتنی بتاتے ھیں جتنی کہ بقول مولف میدان جنگ

میں کام آئی —

عام مورخین کی مانند آپ نے بھی متنازعہ فیہ واقعات کو نہایت مبہم بیان کیا ہے اور ایک رائے قایم نہیں کی —

صفحہ ۲۱۸ "حضرت عمر خالد ابن ولید کو غیر محتاط اور متہور شخص سمجھتے تھے" —

صفحہ ۲۴۴ "خالد ابن ولید کی شاہ خرچیاں اکثر قاعدے کے ماتحت نہ آتی تھیں" —

صفحہ ۲۷۱ "حضرت ابوذر غفاری کو مشورہ دیا گیا کہ آپ مدینہ سے کسی گاؤں میں سکونت اختیار کریں" —

مولف نے کہیں کہیں غلطیاں بھی کی ہیں —

صفحہ ۱۹۷ "سلطنت اٹلی کا شہر روما تھا جس میں جولیس سیزر اور سینٹ اغوسطس وغیرہ شاہنشاہ گزرے" —

جولیس سیزر اٹلی کا شاہنشاہ نہ تھا بلکہ کونسل تھا۔ سینٹ اغوسطس کوئی شہنشاہ نہیں ہوا البتہ آکٹوویس آگسٹس پہلا شہنشاہ ہے مگر وہ ولی کب سے ہوا ہے —

جنگ موتہ میں تو صاف طرفداری کرکے اسلامی ہزیمت کو فتح میں بدل دیا ہے —

مملکت کے نظم و نسق اور آئین و قوانین۔ ابتدائی تہذیب پر کوئی نظر ڈالی نہیں گئی بالخصوص حضرت عمر کے انتظامات مملکت کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ اس میں یہ دکھانا چاہئے تھا کہ خلفاے راشدین نے تنظیم سلطنت میں کیا کیا جدتیں پیدا کیں —

کتاب پر مختلف حیثیتوں سے نظر ڈالتے ہوے ہمیں اس میں خامیاں ضرور نظر آتی ہیں مگر خوبیاں بہت ہیں۔ ہم فاضل مولف کی اس ترتیب کو وقعت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس میں مستقبل کے مورخین کے لئے جو واقعات کو نئی صورت میں مرتب کریں گے بہت کچھ مواد موجود ہے۔ چھپائی عمدہ ہے۔ کتاب کے حجم کے لحاظ سے قیمت مناسب ہے۔ مجلد کتاب تین روپیہ بارہ آنے میں صوفی پریس پنڈی بہاؤالدین (پنجاب) سے دستیاب ہوسکتی ہے —

(ا)

———:o:———

تعلیم و تربیت

۱- ابتدائی تعلیم کی رام کہانی (یعنے دیہاتی مدرسوں کے نام ایک ضروری خط)—

۲- ہندو تیوہاروں کی اصلیت اور اُن کی جغرافیائی کیفیت—

۳- وہ جاندار جو نظر نہیں آتے—

(مصنفہ منشی رام پرشاد صاحب بی-اے-ہیڈ ماسٹر گورمنٹ ہائی اسکول گونڈہ)

منشی صاحب ایک قابل تعلیم یافتہ اور بہت بڑے مولف ہیں- وہ بے لاگ- بے تعصب- صلح کل بزرگ ہیں اور وسیع اور صوفیانہ مشرب رکھتے ہیں- انہوں نے اکثر ایسی ہی کتابیں لکھی ہیں جن سے اہل وطن کو علمی اور اخلاقی فائدہ پہنچنے کی توقع ہے- یہ تین کتابیں جن کا نام اوپر لکھا گیا ہے خاص تعلیمی حیثیت رکھتی ہیں اور قابل مصنف نے اسی غرض سے لکھی ہیں- ان میں سے پہلی کتاب یعنے ابتدائی تعلیم دیہاتی مدارس کی اصلاح کے لئے لکھی گئی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اس مضمون پر اردو زبان میں اس سے اچھی کتاب دیکھنے میں نہیں آئی- بیان کا پیرایہ ایسا دلچسپ اور زبان ایسی صاف اور آسان ہے کہ پڑھنے سے جی نہیں اکتاتا- منشی صاحب گھر کے بھیدی معلوم ہوتے ہیں- کوئی بات چھوٹی سی چھوٹی بھی اُن کی نظر سے نہیں بچی اور اُن کی نظر وہاں پہنچتی ہے جہاں اچھے اچھے مبصر بھی چوک جاتے ہیں- کتاب کیا ہے دیہی مدرسے کا سچا نقشہ کھینچا ہے اور ایسی چبھی چبھی چوریاں پکڑی ہیں کہ حیرت ہوتی ہے- معائنہ رجسٹر- صفائی- گاؤں کی عام حالت اور مدرس کے تعلقات- ہر مضمون کے پڑھانے کا طریقہ- نشست و برخاست وغیرہ وغیرہ تمام مضامین آگئے ہیں اور ہر مضمون پر بہت تفصیلی اور جزوی بحث کی ہے اور جو بات کہی ہے تجربہ اور گُر کی ہے- منشی صاحب کو لکھنے کا ڈھنگ بہت اچھا آتا ہے- سب کچھ لکھ گئے ہیں مگر اس پیرائے میں کہ مدرس کو بھی ناگوار نہ گزرے اور اگر اس میں ذرا بھی ذوق ہو تو بغیر کسی کی مدد کے محض اس کتاب کی بدولت اپنے مدرسے کی کامل اصلاح کرلے- ہماری رائے میں یہ کتاب ہر دیہاتی مدرس کے پاس ہونی چاہئے—

کتاب چھوٹی تقطیع کی ۳۵۲ صفحے پر ہے- قیمت ایک روپیہ چار آنے—

دوسری کتاب " ہندو تیوہاروں کی اصلیت اور اُن کی جغرافیائی کیفیت " ہے - یہ بہت ضروری کتاب ہے کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ہندو مسلمان صدہا سال سے ایک ہی جگہ رہتے سہتے ہیں مگر اکثر ایک دوسرے کے رسم و رواج اور مذہبی اعتقادات و حالات سے ناواقف ہیں - منشی صاحب نے یہ بہت اچھا کام کیا کہ اس چھوٹی سی کتاب میں تمام ہندو تیوہاروں کا مختصر طور پر ذکر کردیا ہے اور ہر تیوہار کے ساتھ اس کا شان نزول اور اس کی حکمت بھی بیان کر دی ہے - اگرچہ اس میں کہیں کہیں تکلف اور تاویل سے کام لیا ہے - کتاب بہت اچھے کاغذ پر چھپی ہے - کل سو صفحے ہیں - قیمت ۶ آنے یہ ہندوں اور غیر ہندوں دونوں کے لئے مفید ہے —

تیسری کتاب سب سے چھوٹی ہے جو ایسے جانداروں کے متعلق ہے جو نظر نہیں آتے - ان کی زندگی بڑی دلچسپ ہے - قابل مولف نے بہت سلیس زبان میں ان کے حالات بیان کئے ہیں اور بتایا ہے کہ نظام قدرت میں انہیں کیا دخل ہے اور انسان کو ان سے کیا کیا فائدے اور نقصان پہنچتے ہیں - بہت اچھی چھپی ہے - قیمت چار آنے (یہ تینوں کتابیں انجمن ترقی اردو اورنگ آباد سے مل سکتی ہیں) —

نیرنگ ارض

یہ کتاب جناب سید راحت حسین صاحب بی - اے - بی - ایل وکیل چھپرہ کی تالیف ہے - اس میں صاف اور سادہ الفاظ میں بچوں کو طبعی واقعات اور قدرتی انقلابات سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے —

کتاب کی زبان سہل ضرور ہے - لیکن ترتیب مضامین کے لحاظ سے ہمیں اس میں اور جغرافیہ طبعی کی دوسری درسی کتابوں میں کچھ زیادہ فرق نظر نہیں آتا —

" زمین کی گولائی " " کرہ ہوائی " " زمین کا فرسودہ ہونا " یہ اور اسی قسم کے دوسرے ابواب اس کتاب کو مدرسہ کی وسطانیہ جماعتوں کے لئے موزوں بناتے ہیں - لیکن " بچے اور بچیوں کے سمجھانے کے لئے " دوسری ترتیب کی ضرورت تھی —

کتاب کا طرز بیان بھی کم سن بچوں کے لئے موزوں نہیں ہے - مسلسل بیان ہے - جس میں جابجا دقیق اور غیر مانوس اصطلاحیں مثلاً مائیہ (Hydrogen) شوریہ - دخان تیزابی - حرکت دولابی وغیرہ موجود ہوں بچے اُکتا جاتے ہیں - قابل مولف نے اگر علامہ نذیر احمد مرحوم کے اس طرز کو استعمال کیا ہوتا جو بنات النعش میں پایا جاتا ہے اور پیچیدہ بیان کے بدلے مکالموں کی شکل میں کتاب ترتیب دی ہوتی

تو بے شبہ یہ کتاب بہت زیادہ مفید ہوتی —

اصطلاحات کے متعلق ہمیں قابل مولف سے وہی شکایت ہے جو اکثر علمی کتابوں کے مصنفین سے ہے یعنی اپنے طور پر علیحدہ اصطلاحات کا تجویز کرنا۔ اس کتاب میں بعض عجیب و غریب اصطلاحیں نظر آتی ہیں۔ کچھہ مثالیں اوپر دی جاچکی ہیں کچھہ اور ملاحظہ ہوں —

Conduction of heat	اہتداء حرارت
Induction	احمال حرارت
Barometer	مقیاس البرودت
Trade-wind	باد تجارت

وغیرہ

بہر حال جغرافیہ کی موجودہ کتب درسی پر اس کتاب کو یہ فوقیت ضرور حاصل ہے کہ اختصار کے بدلے اس میں ہر چیز تفصیل کے ساتھہ سمجھا کر پیش کی گئی ہے۔ اس حیثیت سے یہ مدرسین کے لئے بھی مفید ہے —

لکھائی چھپائی بہت غنیمت ہے۔ دفتر انجمن ترقی اردو اورنگ آباد سے ایک روپیہ ۴ آنہ میں مل سکتی ہے —

(و)

—:o:—

مذہب

پیام امین

اس رسالہ کے مصنف مولوی محمد عبداللہ منہاس ہیں۔ مولوی صاحب موصوف نے محققانہ انداز سے بڑی شرح وبسط کے ساتھہ اس پر بحث کی ہے کہ اسلام کے پہلے دور میں قرآنی آیتوں اور سورتوں کو کس طرح جمع کیا گیا اور ان پارہ ہائے قرآنی نے کب اور کیونکر ترتیب پا کر کتابی صورت اختیار کی اور کس احتیاط سے انہوں نے اس امانت کو اپنے سینوں میں محفوظ رکھا اور کن کن طریقوں سے دنیا کے مختلف گوشوں میں اس کی تبلیغ اور اشاعت ہوئی۔ اس کے اخلاقی روحانی امانی اشتراکی اور اقتصادی اثرات اس عالم میں کیا کیا ہوے جنہوں نے بڑے بڑے علماء مستشرقین اور غیر مسلم مشہور مصنفین کو متاثر اور محو حیرت کر کے قرآن مجید کی تعریف و تائید میں بے ساختہ اُن کی زبان قلم سے جو کچھہ بھی

نکلوا دیا ھے تقریباً اُن بہت سی رایوں کو لایق مصنف نے اس رسالہ "پیام امین" میں جمع کر دیا ھے جس سے اس کلام الہی کی عظمت کا سکہ ھر قلب سلیم پر اچھی طرح بیٹھہ سکتا ھے۔

والفضل ما شھدت بہ اعداء

(ظ)

"فتنۂ خلق قرآن" ترجمہ کتاب الحیدہ

اصل کتاب الحیدہ امام عبدالعزیز کنانی کی جو غالباً مصر کی چھپی ھوئی تھی ایک عرصہ ھوا ھماری نگاہ سے گزر چکی ھے اس میں مصنف نے اس معرکۃالآرا مباحثہ کی روئداد درج کی ھے جو قرآن کے کلام اللہ اور غیر مخلوق ھونے پر "مامون" کے دربار میں خود اس سے اور "بشر مریسی" سے ھوا۔اس مناظرہ میں "بشر" کو جو خلق قران کا قائل تھا مصنف کے مقابلہ میں شکست فاش ھوئی۔یہ ایک عجیب بات ھے کہ ایسا تواھم مناظرہ جس میں بڑی بڑی نازک بحثیں اور فلسفیانہ آمیزش کی وجہ سے پیچیدہ مسائل سامنے آگئے ھیں لیکن مصنف نے ھر دعوے کے ثبوت اور ھر بات کی سند میں قرآن کی صریح آیتوں سے استدلال کیا ھے۔اس دلچسپ مناظرہ کے دیکھنے سے معلوم ھوتا ھے کہ قدرت کی طرف سے مصنف کو قرآن کے سمجھنے کا وہ اعلیٰ دماغ ملا تھا کہ شاید ھی اس زمانہ میں کسی کو ملا ھو—

اسی رسالہ کا اُردو ترجمہ ملک ابو یحییٰ امام خاں نوشہری نے کر کے "فتنۂ خلق قرآن" کے نام سے شایع کیا ھے۔لایق مترجم نے آسانی اور سہولت کے لئے اس میں جا بجا عنوان اور سرخیاں قایم کر دی ھیں جس کی وجہ سے یہ رسالہ ایک حد تک عام فہم ھو گیا ھے۔اس مناظرہ میں مصنف کے استفسار اور سوالات پر بشر مریسی نے جو "گریز" کا طریقہ اختیار کیا ھے اس کے لئے عربی میں لفظ "حاد" استعمال ھوا ھے۔اگر اُس کا ترجمہ "تجاھل عارفانہ" کی جگہ "گریز" سے کیا جاتا تو زیادہ مناسب ھوتا—

(ظ)

اسلامی رسول کے معجزے

یہ جناب خواجہ حسن نظامی صاحب کی تالیف ھے۔خواجہ صاحب کی

تالیفات کا سلسلہ لا متناہی معلوم ہوتا ہے۔آج کل وہ تاریخ اور مذہب پر جھکے ہوے ہیں۔کوئی ملحوس مہینہ ایسا جاتا ہوگا کہ اُن کی نئی نئی کتابیں نہ شایع ہوتی ہوں۔ان کے قلم کی روانی حیرت انگیز ہے۔یہ رسالہ آنحضرت صل اللہ علیہ وسلم کے معجزات پر ہے جو انہوں نے مختلف کتابوں سے جمع کئے ہیں۔وہ فرماتے ہیں کہ جب مسلمان اس رسالہ کو پڑھیں گے تو عیسائیوں اور آریوں کے دھوکے میں نہ آسکیں گے۔خواجہ صاحب کو ان باتوں کا بہت تجربہ ہے اور اس لئے ہم اس بارے میں کچھہ نہیں کہہ سکتے —

قیمت چھہ آنے ہے اور دفتر حلقۂ مشائخ بک ڈپو دھلی سے مل سکتا ہے —

خدائی انکم ٹیکس

نام ہی کہے دیتا ہے کہ یہ حضرت خواجہ صاحب کی گُل افشانی ہے۔اس رسالے میں زکوۃ کا مصرف اور اس کے متعلق احکام اور مسائل کا بیان ہے۔یہ رسالہ ب چوتھی بار شایع ہوا ہے۔مذہبی کتابوں میں سے تمام احکام کو لیکر ایک جا جمع کر دیا ہے —

۸۰ صفحہ کی کتاب ہے قیمت ۱۰ آنے ہے —

انسداد گداگری اور اصلاح جزات

یہ گویا رسالۂ زکوۃ کا ضمیمہ ہے۔بہت مفید رسالہ ہے۔مکالمہ کی صورت میں لکھا گیا ہے۔اس کے لکھنے والے مولوی ابوالخیر محمد خیر اللہ صاحب اول مددگار تعلقدار ورنگل اور شایع کرنے والے جناب خواجہ صاحب ہیں —

مشائخ بک ڈپو دھلی سے چار آنہ میں مل سکتا ہے —

———:o:———

متفرق

حضرت خواجہ حسن نظامی کا روز نامچہ

یہ دن بھر ہی کا کارنامہ نہیں بلکہ اس میں صبح سے لیکر شام تک اور شام سے دس بارہ بجے رات تک کی خوش عملیاں اور خوش فعلیاں درج ہیں۔یہ ایک سال کی رام کہانی ہے یعنے دسمبر سنہ ۱۹۲۳ ع سے لے کر دسمبر سنہ ۱۹۲۴ ع تک کی۔

اس کے ہر صفحے پر خواجہ صاحب چہکتے ہوے نظر آتے ہیں۔ نہایت بے تکلف۔ اونی کے ساتھہ جو کچھہ پیش آتا ہے لکھتے چلے جاتے ہیں۔ روز نامچے میں اُن کی نقل و حرکت اور مصروفیتان دیکھہ کر حیرت ہوتی ہے کہ ایسے دبلے پتلے آدمی اس قدر کام کرتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی لحظہ ان کا ضایع نہیں جاتا۔ مگر ملاقاتیں بہت کرتے ہیں۔ یہ بات کچھہ اچھی نہیں معلوم ہوتی اور جہاں کوئی مل گیا یا کسی سے ایک آدہ بات ہوگئی تو جھٹ لکھہ مارتے ہیں۔ اس سے ڈر معلوم ہوتا ہے۔ ان کے کام کو خوب فروغ ہے اور اسی کے ساتھہ اُن کے مقصد اور نیت میں بھی ترقی ہوتی جاتی ہے —

کتاب دلچسپ ہے اور ۳۴۴ صفحے کا طومار ہے۔ جب کوئی کام نہ ہو اور وقت ٹالے نہ ٹلتا ہو۔ یا جب کبھی ایل کا لمبا سفر پیش آجاے تو یہ کتاب رفیق کا کام دی گی —

قیمت دو روپیہ ہے۔ حلقۂ مشائخ بک ڈپو دھلی سے مل سکتی ہے —

تبلیغ نامۂ وحدت و محبت

یہ چھوٹا سا رسالہ احسان الحق فقیر عشقی صاحب نے شائع کیا ہے اور اُن کے پیر و مرشد صوفی عنایت خاں صاحب مہاجر یورپ و بانی صوفی آرڈر کے پیام و حدت و محبت کا عام فہم خلاصہ ہے۔ یہ پیام انہیں حضرت مرشدہ رابعہ اے مارتن رئیسۂ امریکہ کے ذریعہ سے پہنچا جسے وہ اپنے ملک کے ہر مذہب و ملت والوں کو پہنچانا چاہتے ہیں —

صوفی عنایت خان صاحب کے نام سے ہندوستان میں اکثر لوگ واقف ہوں گے۔ یہ بڑودہ کے مشہور گویوں کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ خود گانے بجانے میں بڑے استاد تھے۔ یورپ بھی اسی حیثیت سے تشریف لے گئے تھے۔ وہاں ان کی بڑی شہرت ہوئی۔ اس کے بعد انہوں نے موسیقی کے ذریعہ تصوف کا بیج بونا شروع کیا۔ اب وہ صوفی ہی نہیں پیر و مرشد اور قبلہ و کعبہ ہیں اور ایک مت کے بانی ہیں۔ ان کا مسلک صلح کل اور وحدت و محبت ہے جس سے کسی کو اختلاف نہیں ہو سکتا۔ یورپ و امریکہ میں ان کے بہت سے ماننے والے پیدا ہو گئے ہیں۔ ہندوستان میں اس کا مرکز حضرت عشقی نے دھلی میں قائم کیا ہے۔ جو تفصیل سے واقف ہونا چاہتے ہیں وہ اُن سے بازار مچھلی والان متصل سلگم تھیٹر دھلی کے پتہ سے پوچھہ سکتے ہیں —

غرض ہندوستان کی سر زمین ہے مردم خیز

پنجاب کی بعض اچھوت قومیں

یہ دلچسپ اور خوبصورت کتاب پنجاب انفرمیشن بیورو نے شایع کی ہے اس میں پنجاب کی بعض اچھوت قوموں کے بہت دلچسپ اور عجیب حالات درج ہیں۔جہاں تک ہو سکا ہے ان حالات کے بیان کرنے میں تحقیق اور تلاش سے کام لیا گیا ہے۔طرز بیان بھی دل کش اور صاف ہے۔آج کل چھوت کا مسئلہ ملک میں زیر بحث ہے اس لئے اُمید ہے کہ یہ کتاب شوق سے پڑھی جاے گی اور خاصکر وہ اصحاب جو ملک کی معاشرت اور سیاست کی اصلاح کی طرف مائل ہیں اس کتاب کا غور سے مطالعہ فرمائیں گے۔باوجود تعلیم کی عام اشاعت اور ذرائع آمد و رفت کی سہولت کے یہ وسیع ملک ابھی تک پر اسرار ہے۔ہم میں سے کتنے ہیں جو ان بد نصیب ہم وطنوں کے اندرونی حالات و معاشرت اور رسم و رواج سے واقف ہیں۔ان چیزوں کا مطالعہ کرنا اور اُن پر غور کرنا ہر پہلو سے مفید اور بصیرت پیدا کرنے والا ہے۔کتاب بہت اچھی چھپی ہے اور جا بجا خوبصورت عکسی تصویریں بھی لگادی گئی ہیں۔پنجاب انفرمیشن بیورو کا یہ کام قابل شکریہ ہے۔ کتاب پنجاب انفرمیشن بیورو لاہور سے مل سکتی ہے۔قیمت صرف آٹھ آنے ہے —

———:o:———

اُردو کے جدید رسالے

اورینٹل کالج میگزین

اُردو میں آج کل نئے نئے اور طرح طرح کے رسالے نکل رہے ہیں اورنٹیل کالج لاہور سے کسی رسالے کا نہ نکلنا باعث تعجب تھا۔اورینٹل کالج پنجاب میں ایک زمانے تک علم و ادب کا مرکز رہا ہے اور اس کا فیض دور دور تک پہنچا ہے۔پنجاب یونیورسٹی نے علمی ذوق ملک میں اس قدر نہیں پیدا کیا جس قدر اورینٹل کالج نے اور اس وقت بھی باوجود اس غفلت کے جو اس کے ساتھ برتی جا رہی ہے وہ علم کی روشنی پھیلانے میں کچھ کم کام نہیں کر رہا ہے۔یہ امر موجب مسرت ہے کہ مولوی محمد شفیع صاحب ایم۔اے وائس پرنسپل اورینٹل کالج نے جو اپنے علم و فضل کے باعث خاص امتیاز رکھتے ہیں انجمن پنجاب اور کالج کی قدیم روایت کو پھر زندہ کیا ہے۔اس میگزین کے چیف اڈیٹر آپ ہی ہیں۔رسالے کے دو حصے ہیں۔ایک عربی فارسی اُردو کا اور دوسرا سنسکرت ہندی اور پنجابی کا

عربی فارسی اُردو کے حصے کے اڈیٹر ڈاکٹر محمد اقبال ایم-اے-پی-ایچ ڈی ہیں جو اپنے علمی ذوق کے لئے کسی تعارف کے محتاج نہیں-سنسکرت اور ہندی کے اڈیٹر ڈاکٹر لکشمن سروپ صاحب ایم-اے-پی-ایچ ڈی اور پنجابی حصے کے بھائی بے انت سنگھہ صاحب بی-اے ہیں اور اُن کے معاونین میں ہمارے فاضل پروفیسر حافظ محمود شیرانی صاحب کا نام بھی نظر آتا ہے-جب ایسے ایسے صاحب بصیرت ذی علم کسی رسالے کی ترتیب کے لئے آمادہ ہوں تو ظاہر ہے کہ وہ رسالہ تحقیق علم اور تہذیب ذوق میں سب سے سبقت لے جائے گا—

رسالہ کا مقصد یہ قرار دیا گیا ہے کہ "احیا و ترویج علوم مشرقیہ کی تحریک کو تا حد امکان تقویت دی جائے اور خصوصیت کے ساتھہ اُن طلبہ میں شوق تحقیق پیدا کیا جائے جو سنسکرت-عربی-فارسی اور پنجابی کے مطالعہ میں مصروف ہیں" مضامین کے متعلق یہ لکھا ہے کہ "کوشش کی جائے گی کہ اس رسالہ میں ایسے مضامین شایع ہوں جو مضمون نگاروں کی ذاتی تحقیق کا نتیجہ ہوں-غیر زبانوں سے مفید مضامین کا ترجمہ بھی قابل قبول ہو گا"—

سال میں تین بار شایع ہوگا-دو نمبر شایع ہو چکے ہیں اور جو مقصد اڈیٹروں نے قرار دیا ہے اس کے تکمیل کی کوشش کی ہے—

سالانہ چندہ تین روپیہ ہے —

المومن

آج کل مشکل سے کوئی مہینہ ایسا خالی جاتا ہوگا کہ اُردو میں کوئی نیا رسالہ شایع نہ ہوتا ہو-عام ملکی اور قومی رسالوں کے علاوہ اب فرقہ واری اور ذات واری رسالے نکلنے شروع ہوے ہیں-ایسی حالت میں مومنوں کا پر جوش فرقہ کیوں کسی سے پیچھے رہتا-یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ ان میں بعض ایسے تعلیم یافتہ حضرات موجود ہیں جنھیں اپنی قوم کی اصلاح کا خیال ہے اور انھیں کی سعی سے مومن کانفرنس بھی قایم ہوئی ہے جس کا پہلا اجلاس چند مہینے ہوے ٹاون ہال کلکتہ میں کامیابی کے ساتھہ ہوا-رسالہ عام معلومات اور ادبی اور علمی مضامین کے لحاظ سے دلچسپ ہے-لیکن مومنوں کے حالات اور اصلاح معاشرت کے متعلق نسبتاً بہت کم مضامین ہوتے ہیں-حالانکہ اس کی بہت زیادہ ضرورت ہے اڈیٹر محمد یحیی صاحب مومن اور اسسٹنٹ اڈیٹر عبدالرحیم صاحب بی-اے ہیں-کلکتہ سے شایع ہوتا ہے-سالانہ چندہ تین روپیہ ہے —

وحید العصر

یہ رسالہ جونپور سے شایع ہوتا ہے-اس میں زیادہ تر خیالی اور شاعرانہ مضامین ہوتے ہیں-دو تین صفحے نظم کے بھی ہوتے ہیں-اڈیٹر مولوی ولی الدین صاحب شفیق جونپوری ہیں-تقریباً ۲۰ صفحہ کا رسالہ ہے-دلچسپی سے خالی نہیں-افسوس ہے کہ لکھائی چھپائی اچھی نہیں-سالانہ چندہ صرف ڈیڑہ روپیہ ہے—

النور

یہ رسالہ حیدرآباد دکن سے شایع ہوتا ہے-جس میں مذہبی اخلاقی اور ادبی مضامین ہوتے ہیں-نظم کی بھی چاشنی موجود ہے-اڈیٹر ابوالفتوح سید محمد باقر حسینی طارق صاحب ہیں-حجم ۳۲ صفحہ ہے-سالانہ چندہ تین روپیہ ہے

سود مند

یہ رسالہ اس سال جون سے نکلنا شروع ہوا ہے-مقام اشاعت علی گڈہ ہے اور مہینے میں دو بار شایع ہوگا-اڈیٹر کا نام درج نہیں ہے-لیکن قرینے سے معلوم ہوتا ہے کہ مولوی طفیل احمد صاحب ہیں اور اگر وہ اڈیٹر نہ بھی ہوں تو بھی اس میں شک نہیں کہ اس کے محرک وہی ہیں-مولوی طفیل احمد صاحب نے سود کی بحث کو کئی سال سے چھیڑ رکھا ہے اور مسئلہ کی تحقیق اور تلاش میں کوئی دقیقہ اُٹھا نہیں رکھا-اگرچہ بعض حضرات کو اُن سے اختلاف ہے لیکن بگڑنے اور خفا ہونے کی بات نہیں ہے-دنیا کے موجودہ حالات کے رو سے یہ مسئلہ نہایت ضروری اور قابل بحث ہے-باوجود مخالفت کے مولوی طفیل احمد صاحب جس استقلال اور صبر کے ساتھ اس کام کو کر رہے ہیں وہ قابل داد ہے-رسالے میں زیادہ تر مضامین اسی مسئلے اور مسلمانوں کی معاشی اور معاشرتی حالات کے متعلق ہیں-رسالہ پڑھنے کے قابل ہے اور اس کے پڑھنے سے بہت سی نئی معلومات حاصل ہوں گی-مسلم یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ کے مطبع میں چھپا ہے-اس لئے اس کی چھپائی لکھائی کے متعلق کچھ کہنا فضول ہے-سالانہ چندہ چار روپیہ ہے—

سرتاج

یہ رسالہ ملتان سے نکلتا ہے-یہ تعلیم یافتہ خواتین کا ماہوار علمی-ادبی

اخلاقی رسالہ ہے - اڈیٹر امتیاز فاطمہ بیگم عرف حاجیہ تاج بیگم ہیں - جس غرض سے یہ رسالہ نکالا گیا ہے اُسے خوبی کے ساتھہ انجام دے رہا ہے - لکھی پڑھی اور تعلیم یافتہ خواتین کے پڑھنے کے لائق ہے - مضامین دلچسپ اور مفید ہیں اور زیادہ تر ایسے ہوتے ہیں جو لڑکیوں اور عورتوں کے لئے بہت مناسب ہیں - لکھنے والے اور لکھنے والیاں بھی اچھی ملی ہیں - سالانہ چندہ چار روپیہ ہے —

مطبوعات انجمن

جاپان اور اس کا تعلیمی نظم و نسق

سرکار نظام نے نواب مسعود جنگ بہادر ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی کو جاپان کے تعلیمی نظام کے مطالعہ اور تحقیق کے لئے بھیجا تھا۔ نواب صاحب موصوف نے وہاں رہ کر اس عجیب و غریب ملک کے حالات اور خاصکر تعلیمی نظم و نسق کو نہایت غور اور تحقیق سے مطالعہ فرمایا۔ کتاب کے ابتدائی حصہ میں جاپان کی تاریخ اور اس کی ترقی کے اسباب پر نہایت دلچسپ اور فاضلانہ بحث کی ہے۔ جو ہمارے اہل وطن کے لئے بہت سبق آموز ہے۔ اُردو میں یہ پہلی کتاب ہے جو جاپان پر اس طرز میں لکھی گئی ہے۔ ہر محب وطن کا فرض ہے کہ اس کتاب کو شروع سے آخر تک پڑھے جو علاوہ دلچسپ ہونے کے پر از معلومات ہے۔ خاصکر ان لوگوں کے لئے اس کا مطالعہ ناگزیر ہے جو ملک کی تعلیم سے تعلق رکھتے ہیں (حجم ۴۸۲ صفحہ)

قیمت فی جلد مجلد تین روپیہ کلدار

سرگزشت حیات یا آپ بیتی

اس کتاب میں حیات کے آغاز اور اس کے نشو و نما کی داستان نہایت دلچسپ طرز پر بہت ہی سلیس زبان میں بیان کی گئی ہے۔ حیات کی ابتدائی حالت سے لے کر اس کا ارتقا انسان تک پہنچایا گیا ہے اور تمام تاریخی مدارج کو اس سہل طریقہ سے بتایا گیا ہے کہ ایک معمولی پڑھا لکھا ہوا آدمی بھی سمجھ سکے اور اگرچہ جدید سے جدید علمی تحقیقات بھی اس میں آگئی ہے مگر بیان کی سلاست میں فرق نہیں آیا۔ یہ کتاب جدید معلومات سے لبریز ہے اور ہر شخص کو اس کا مطالعہ کرنا لازم ہے (حجم ۳۰۰ صفحہ)

قیمت فی مجلد مجلد دو روپیہ آٹھ آنہ کلدار۔

تذکرۂ شعرائے اردو

مولفۂ میر حسن دہلوی۔ میر حسن کے نام سے کون واقف نہیں۔ ان کی مثنوی بدر منیر کو جو قبول عام نصیب ہوا شاید ہی اردو کی کسی کتاب کو نصیب ہوا ہو۔ یہ تذکرہ اسی مقبول اور نامور استاد کی تالیف ہے۔ یہ کتاب بالکل نایاب تھی بڑی کوشش سے بہم پہونچا کر طبع کی گئی ہے۔ میر صاحب کا نام اس تذکرہ کی کافی شہادت ہے۔ اس پر مولانا محمد حبیب الرحمن خاں صاحب شروانی نے ایک بسیط نقادانہ اور عالمانہ تبصرہ لکھا ہے جو قابل پڑھنے کے ہے۔ قیمت فی جلد مجلد ایک روپیہ ۱۴ آنہ کلدار۔ غیر مجلد ایک روپیہ ۶ آنہ کلدار۔

تاریخ تمدن

سرتامس بکل کی شہرۂ آفاق کتاب کا

ترجمہ ہے۔ الف سے ی تک تمدن کے ہر مسئلہ پر کمال جامعیت سے بحث کی گئی ہے اور ہر اصول کی تائید میں تاریخی اسناد سے کام لیا گیا ہے اس کے مطالعہ سے معلومات میں انقلاب اور ذہن میں وسعت پیدا ہوتی ہے۔ حصۂ اول غیر مجلد ایک روپیہ ۸ آنہ مجلد دو روپیہ کلدار حصۂ دوم مجلد ۲ روپیہ کلدار—

مقدمات الطبیعات

یہ ترجمہ ہے مگر انگلستان کے مشہور سائنس داں حکیم ہکسلے کی کتاب کا جس کا نام کتاب کی کافی ضمانت ہے۔ اس میں بظاہر فطرت کی بحث درج ہے لیکن کتاب عام و فضل کا مرقع ہے قیمت غیر مجلد دو روپیہ کلدار۔ مجلد دو روپیہ ۸ آنہ کلدار—

القول الاظہر

امام ابن مسکویہ کی معرکۃ الارا تصنیف فوزالاصغر کا یہ اردو ترجمہ ہے۔ یہ کتاب فلسفۂ الہین کے اصول پر لکھی گئی ہے اور مذہب اسلام پر انہیں اصول کو منطبق کیا گیا ہے قیمت غیر مجلد ۸ آنہ کلدار مجلد ایک روپیہ کلدار—

القمر

قوانین حرکت و سکون اور نظام شمسی کی صراحت کے بعد چاند کے متعلق جو جدید انکشافات ہوئے ہیں ان سب کو جمع کر دیا ہے طرز بیان دلچسپ اور کتاب ایک نعمت ہے قیمت غیر مجلد ۱۰ آنہ کلدار۔ مجلد ۱ روپیہ کلدار—

قاعدہ و کلید قاعدہ

یہ قاعدہ مدت کے غور و خوض کے بعد اور بالکل جدید طرز پر لکھا گیا ہے جن اصول اور طریقہ پر اس کی تعلیم ہونی چاہئے ان کی تشریح کے لئے ایک کلید بھی تیار کی گئی ہے۔ قاعدہ غیر مجلد ۲ آنہ کلدار۔ کلید قاعدہ غیر مجلد ۴ آنہ کلدار—

فلسفۂ تعلیم

ہربرٹ اسپنسر کی مشہور تصنیف اور مسئلۂ تعلیم کی آخری کتاب ہے غور و فکر کا بہترین کارنامہ۔ والدین و معلم کے لئے چراغ ہدایت ہے۔ تربیت کے قوانین کو اس قدر صحت کے ساتھ مرتب کیا ہے کہ کتاب الہامی معلوم ہوتی ہے۔ اس کا نہ پڑھنا گناہ ہے۔ قیمت مجلد ۳ روپیہ کلدار۔ غیر مجلد ۲ روپیہ ۸ آنہ کلدار—

دریاے لطافت

ہندوستان کے مشہور سخن سنج میر انشاالله خاں کی تصنیف ہے۔ اردو صرف و نحو اور محاورات اور الفاظ کی پہلی کتاب ہے اس میں زبان کے متعلق بعض عجیب و غریب نکات درج ہیں۔ قیمت غیر مجلد ایک روپیہ ۸ آنہ کلدار مجلد ۲ روپیہ کلدار—

طبقات الارض

اس فن کی پہلی کتاب ہے۔ تین سو صفحوں میں تقریباً جملہ مسائل

قلم بند کئے ھیں۔کتاب کے آخر میں انگریزی مصطلحات اور ان کے مرادفات کی فہرست بھی منسلک ھے۔قیمت غیر مجلد ۲روپیہ کلدار مجلد ۲ روپیہ ۸ آنہ کلدار۔

مشاھیر یونان و رومہ

ترجمہ ھے۔سیرت نگاری اور انشاپردازی میں اصل کتاب کا مرتبہ دوھزار برس سے آج تک مسلم الثبوت چلا آتا ھے۔ ادیبان عالم بلکہ شکسپیر تک نے اس چشمہ سے فیض حاصل کیا ھے۔وطن پرستی اور بے نفسی عزم وجواں مردی کی مثالوں سے اس کا ھر ایک صفحہ معمور ھے۔قیمت جلد اول غیر مجلد ۳ روپیہ کلدار۔مجلد ۴ روپیہ کلدار جلد دوم مجلد ۲ روپیہ ۸ آنہ کلدار۔

اسباق النحو

ملک کے ادیب کامل مولانا حمیدالدین صاحب بی اے کی تالیف ھے اختصار کے باوجود عربی صرف و نحو کا ھر ایک ضروری مسئلہ درج ھے۔قیمت حصۂ اول غیر مجلد ۶ آنہ کلدار حصۂ دوم غیر مجلد ۴ آنہ کلدار۔

علم المعیشت

اس کتاب کی تصنیف سے پروفیسر محمد الیاس صاحب برنی ایم اے نے ملک پر بہت بڑا احسان کیا ھے۔ معیشت پر یہ کتاب جامع و مانع ھے۔ مبہم و مشکل مسائل کو پانی کر دیا ھے اس کے اکثر باب نہایت عجیب و غریب ھیں۔اشتراکیت کا باب قابل دید ھے۔ حجم ۸۸۵ صفحے قیمت مجلد ۵ روپیہ ۸ آنہ کلدار۔

تاریخ اخلاق یورپ

اصل مصنف پروفیسر لیکی کا نام علم و تبحر۔تحقیق و صداقت کا مرادف ھے۔ یہ کتاب کئی ھزار برس کے تمدن۔ معاشرت - اصول - اخلاق - مذاھب و خیالات کا مرقع ھے۔حصۂ اول مجلد ۳روپیہ کلدار حصۂ دوم مجلد ۲ روپیہ ۸ آنہ کلدار۔

تاریخ یونان قدیم

یہ کتاب مطالب کے لحاظ سے مستند کتابوں کا خلاصہ ھے اور زبان کے لحاظ سے سلاست و شگفتگی کا نمونہ۔اس کا نقطۂ خیال خالصاً ھندوستانی ھے۔ایف اے کلاس کے طلبا جو یونان قدیم کی تاریخ سے گھبراتے ھیں اس کتاب کو انتہا درجہ مفید پائیں گے۔قیمت مجلد ۲ روپیہ کلدار۔

انتخاب کلام میر

میر تقی میر تاج شعراے اردو کے کلام کا انتخاب ھے۔مولوی عبدالحق صاحب سکریٹری انجمن ترقی اردو نے یہ انتخاب ایک مدت کی سعی و محنت کے بعد کیا ھے اور شروع میں میر صاحب کی خصوصیات شاعری پر ۴۰ صفحہ کا ایک عالمانہ مقدمہ بھی لکھا ھے۔قیمت مجلد ۲ روپیہ کلدار۔

رسالۂ نباتات

اس موضوع کا پہلا رسالہ ہے۔علمی اصطلاحات سے معرا۔طلباء نباتات جس مسئلہ کو انگریزی میں نہ سمجھ سکیں وہ اس رسالہ میں مطالعہ کریں قیمت مجلد ایک روپیہ چار آنہ کلدار—

دیباچۂ صحت

اس کتاب میں مطالبات صحت پر (مثلاً ہوا۔پانی۔غذا۔لباس۔مکان وغیرہ) مبسوط اور دلچسپ بحث کی گئی ہے۔ زبان عام فہم اور پیرایہ موثر و دلپزیر ہے ملک کی بہترین تصنیف ہے۔اس کا مطالعہ کئی ہزار نسخوں سے زیادہ قیمتی ثابت ہوگا۔حجم ایک ہزار صفحے۔قیمت مجلد چار روپیہ کلدار—

قواعد اردو

ارباب فن کا اتفاق ہے کہ اردو زبان میں اس سے بہتر قواعد نہیں لکھے گئے۔ بسط و شرح کے علاوہ اس میں بڑی خوبی یہ ہے کہ فارسی قواعد کا تتبع نہیں کیا گیا ہے قیمت غیر مجلد دو روپیہ کلدار—

نکات الشعراء

یہ اردو کا تذکرہ استادالشعرا میر تقی مرحوم کی تالیفات سے ہے۔اس میں بعض ایسے شعرا کے حالات بھی ملیں گے جو عام طور پر معروف نہیں۔نیز میر صاحب کی رائیں اور زبان کے بعض بعض نکات پڑھنے کے قابل ہیں۔مولانا محمد حبیب الرحمن خاں صاحب شروانی صدرالصدور امور مذہبی سرکار عالی نے اس پر ایک ناقدانہ اور دلچسپ مقدمہ لکھا ہے۔قیمت مجلد دو روپیہ ۴ آنہ کلدار—

فلسفۂ جذبات

کتاب کا مصنف ہندوستان کا مشہور نفسی ہے۔جذبات کے علاوہ نفس کی ہر ایک کیفیت پر نہایت لیاقت اور زبان آوری کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ متعلمان نفسیات اسے مفید پائیں گے قیمت مجلد دو روپیہ ۸ آنہ کلدار غیر مجلد دو روپیہ کلدار—

وضع اصطلاحات

یہ کتاب ملک کے نامور انشا پرداز اور عالم مولوی وحیدالدین سلیم (پروفیسر عثمانیہ کالج) نے سالہا سال کے غور و فکر اور مطالعہ کے بعد تالیف کی ہے بقول فاضل مولف "یہ بالکل نیا موضوع ہے۔میرے علم میں شاید کوئی ایسی کتاب نہ آج تک یورپ کی کسی زبان میں لکھی گئی ہے نہ ایشیا کی کسی زبان میں"۔ اس میں وضع اصطلاحات کے ہر پہلو پر تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے اور اس کے اصول قائم کئے گئے ہیں۔مخالف و موافق رایوں کی تنقید کی گئی ہے اور زبان کی ساخت اور اس کے عناصر ترکیبی مفرد و مرکب اصطلاحات کے طریقے۔سابقوں اور لاحقوں۔اردو مصادر اور ان کے

مشتقات - غرض سیکڑوں دلچسپ اور علمی بحثیں زبان کے متعلق آگئی ہیں - اردو میں بعض اور بھی ایسی کتابیں ہیں جن کی نسبت یہ کہا جا سکتا ہے کہ زبان میں ان کی نظیر نہیں - لیکن اس کتاب نے زبان کی جڑیں مضبوط کردی ہیں اور ہمارے حوصلہ بلند کردئے ہیں - اس سے پہلے ہم اردو کو علمی زبان کہتے ہوئے جھجکتے اور اس کی آیندہ ترقی کے متعلق دعوی کرتے ہوئے ہچکچاتے تھے - مگر اس کتاب کے ہوتے یہ اندیشہ نہیں رہا - اس نے حقیقت کا ایک نیا باب ہماری آنکھوں کے سامنے کھول دیا ہے - تعداد صفحات ۳۰۵ قیمت مجلد تین روپیہ ۱۲ آنہ کلدار —

نفح الطیب

یہ کتاب اسلامی عہد کی تاریخ اسپین کے معلومات کا خزانہ ہے - خلافت اسپین کے ہر مورخ کو اس کی خوشہ چینی کرنی پڑی ہے - علامۂ مقری کی نامور اور مشہور آفاق کتاب ہے جو پہلی دفعہ اردو میں ترجمہ ہوئی ہے - یہ کتاب عثمانیہ یونیورسٹی کے نصاب میں بھی داخل ہے صفحات ۶۰۴ قیمت مجلد چھہ روپیہ ۸ آنہ کلدار —

محاسن کلام غالب

ڈاکٹر عبدالرحمن بجنوری مرحوم کا معرکۃ الارا مضمون ہے - اردو زبان میں یہ پہلی تحریر ہے جو اس شان کی لکھی گئی ہے - یہ مضمون اردو کے پہلے نمبر میں طبع ہوا تھا - صاحب نظر قدر دانوں کے اصرار سے الگ بھی طبع کیا گیا ہے - قیمت غیر مجلد ۸ آنہ کلدار —

ملل قدیمہ

ایک فرانسیسی کتاب کا ترجمہ ہے - اس میں بعض قدیم اقوام - سلطنت کلدانی - آشوری - بابل - بنی اسرائیل و فنیقیہ کی معاشرت - عقائد - صنعت و حرفت وغیرہ کے حالات دلچسپی اور خوبی کے ساتھ دئے ہیں - اردو میں کوئی ایسی کتاب نہ تھی جس سے ان قدیم اقوام کے حالات صحیح طور سے معلوم ہوسکیں اس لئے انجمن نے اسے خاص طور پر طبع کرایا ہے حالات کی وضاحت کے لئے جا بجا تصویریں دی گئی ہیں - صفحہ ۲۷۴ - قیمت مجلد دو روپیہ ۶ آنہ کلدار —

بجلی کے کرشمے

یہ کتاب مولوی محمد معشوق حسین خاں صاحب بی اے نے مختلف انگریزی کتابوں کے مطالعہ کے بعد لکھی ہے - برقیات پر یہ ابتدائی کتاب ہے اور سہل زبان میں لکھی ہے - ہمارے بہت سے ہم وطن یہ نہیں جانتے کہ بجلی کیا چیز ہے - کہاں سے آتی ہے - کیا کام آسکتی ہے - یہ کتاب ان تمام معلومات کو بتاتی ہے - لڑکے لڑکیوں کے لئے بھی مفید ہے - قیمت دو روپیہ ۴ آنہ کلدار —

——:o:——

حسب ذیل کتابیں بھی انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد دکن سے مل سکتی ہیں
(کل قیمتیں سکۂ انگریزی میں ہیں)

(دارالمصنفین اعظم گڈھ)

۱- سیرۃ النبی حصۂ اول ۴ روپیہ
۲- سیرۃ النبی حصۂ دوم ۳ روپیہ ۸ آنہ
۳- سیرۃ النبی حصۂ سوم ۶ روپیہ
۴- شعر العجم مکمل ۵ حصے ۱۳ روپیہ
۵- سفرنامہ مولانا شبلی ۲ روپیہ
۶- علم الکلام ۲ روپیہ
۷- الکلام ۲ روپیہ
۸- کلیات شبلی ۱ روپیہ ۸ آنہ
۹- اسوۂ صحابہ مکمل دو حصہ ۸ روپیہ
۱۰- انقلاب الامم ۲ روپیہ
۱۱- برکلے ۱ روپیہ ۸ آنہ
۱۲- مکالمات برکلے ۱ روپیہ ۸ آنہ
۱۳- مثنوی بحر المحبت ۱۲ آنہ
۱۴- تفسیر ابومسلم اصفہانی (عربی) ۲ روپیہ
۱۵- سیر الصحابیات ۲ روپیہ ۴ آنہ
۱۶- روح الاجتماع ۲ روپیہ
۱۷- ابن رشد ۴ روپیہ
۱۸- گل رعنا ۵ روپیہ
۱۹- سیر الانصار ۳ روپیہ ۸ آنہ

(مطبع کاویانی- برلن)

۱- موش و گربہ (فارسی) ۵ آنہ ۶ پائی
۲- زاد المسافرین (فارسی) ۸ روپیہ
۳- گلستان (فارسی) ۲ روپیہ ۸ آنہ
۴- تیاتر (فارسی) ۲ روپیہ ۸ آنہ
۵- تاریخ سنی ملوک الارض (عربی) ۲ روپیہ ۸ آنہ
۶- نصاب الصبیان (فارسی) ۱ روپیہ
۷- رہنمائے پسراں (فارسی) ۱ روپیہ ۸ آنہ
۸- تلغراف بی سیم (فارسی) ۱ روپیہ
۹- ہزار و یک سخن (فارسی) ۱۱ آنہ

(جامعہ ملیہ- علی گڈھ)

۱- الخلافت الکبریٰ ۵ روپیہ
۲- الصراط المستقیم ۲ روپیہ
۳- بصائر ۶ آنہ
۴- سیرۃ الرسول ۱ روپیہ ۸ آنہ
۵- خلافت راشدہ ۲ روپیہ
۶- خلافت بنی امیہ ۱ روپیہ ۸ آنہ
۷- خلافت عباسیہ ۲ روپیہ
۸- خلافت عباسیہ بغداد ۲ روپیہ
۹- مبادی معاشیات ۱ روپیہ
۱۰- انتخاب میر (از نورالرحمن صاحب) ۱ روپیہ
۱۱- قواعد عربی ۲ روپیہ
۱۲- عرض جوہر ۸ آنہ
۱۳- مجموعہ کلام جوہر ۶ آنہ
۱۴- اسلامی تہذیب و قومی تعلیم ۴ آنہ
۱۵- ازہار العرب ۸ آنہ

۱۶- انتخاب مضامین جوہر ۱ روپیہ
۱۷- ترکوں کی کہانیاں ۴ آنہ
۱۸- خطبہ شیخ الہند ۲ آنہ
۱۹- خطبہ حکیم اجمل خاں صاحب ۲ آنہ
۲۰- ہمارے نبی ۸ آنہ
۲۱- تاریخ ہند قدیم ۱ روپیہ
۲۲- اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر ۱۲ آنہ

(نظامی پریس- بدایون)

۱- قاموس المشاہیر جلد اول ۶ روپیہ
۲- نکات غالب مجلد ۱ روپیہ
۳- دیوان غالب مشرح مجلد دو روپیہ ۸ آنہ
۴- دیوان جان صاحب مجلد ۱ روپیہ ۸ آنہ
۵- دیوان درد ۱ روپیہ ۴ آنہ
۶- دیوان غالب (لائبریری ایڈیشن) ۱ روپیہ ۸ نہ
۷- خطوط سرسید قسم اول ۳ روپیہ
۸- خطوط سرسید قسم دوم ۲ روپیہ
۹- لیتھوگرافی مجلد ۲ روپیہ ۸ آنہ
۱۰- انتخاب زرین مجلد ۲ روپیہ
۱۱- مراثی انیس جلد اول مجلد ۱۰ روپیہ
۱۲- مراثی انیس جلد دوم قسم اول ۸ روپیہ قسم دوم ۴ روپیہ
۱۳- تذکرۃ الصلحا ۸ آنہ
۱۴- کنزالتاریخ ۱ روپیہ ۸ آنہ

(دائرۂ ادبیہ- لکھنؤ)

۱- یادگار غالب ۳ روپیہ
۲- مکاتیب امیر مینائی ۲ روپیہ ۸ آنہ
۳- مکاتیب اکبر ۱ روپیہ
۴- مینائے سخن ۱ روپیہ
۵- حزن اختر ۸ آنہ
۶- درس عمل ۴ آنہ
۷- خواتین انگورہ ۱ روپیہ
۸- بیگمات بنگال ۶ آنہ
۹- اسلام کا اثر یورپ پر ۴ آنہ
۱۰- مشرقی ترکستان ۶ آنہ
۱۱- سیاحت زمین ۱ روپیہ
۱۲- سیاحت ہوا ۱ روپیہ

الناظر پریس- لکھنؤ

۱- تاریخ عرب ۷ روپیہ ۸ آنہ
۲- موازنہ انیس و دبیر ۳ روپیہ
۳- مقدمہ شعر و شاعری ۱ روپیہ ۴ آنہ
۴- اصول النسخ ۶ آنہ
۵- مسلمانان اندلس ۱ روپیہ ۸ آنہ
۶- اسرار رنگون ۱ روپیہ
۷- ہوم رول ۵ آنہ
۸- خوان دعوت ۱ روپیہ
۹- مصنوعی شوہر ۲ آنہ
۱۰- وکرم اروسی ۱ روپیہ ۸ آنہ
۱۱- مسلمانوں کی تہذیب ۶ آنہ
۱۲- الاحسان ۸ آنہ
۱۳- ارض نہریں ۴ آنہ
۱۴- تذکرۂ حزیں ۴ آنہ
۱۵- حیات نظامی ۴ آنہ
۱۶- خطاب ۴ آنہ

۱۷- میلادنبوی ۴ آنہ
۱۸- تصویر درد ۴ آنہ
۱۹- شمع و شاعر ۲ آنہ
۲۰- فریاد اُمت ۳ آنہ

(دوسری قابل قدر کتابیں)

۱- رسائل شبلی ۱ روپیہ ۸ آنہ
۲- کتب خانہ اسکندریہ ۵ آنہ
۳- مسدس حالی ۱۲ آنہ
۴- جنگل کی پہلی کہانی ۵ آنہ
۵- بادل کے بچے ۱ روپیہ
۶- بانگ درا ۴ روپیہ
۷- یادگار غالب ۱ روپیہ ۸ آنہ
۸- مجموعہ نظم حالی ۸ آنہ
۹- اکبری اقبال ۳ آنہ
۱۰- الفاروق ۳ روپیہ
۱۱- اورنگ زیب عالمگیر پر ایک نظر ۸ آنہ
۱۲- نظم شبلی ۴ آنہ
۱۳- نفس اللغۃ ۱ روپیہ
۱۴- ترانۂ شوق ۱ روپیہ ۸ آنہ
۱۵- خوبی سخن ۸ آنہ
۱۶- دیگر ممالک میں قطع تعلق ۱۰ آنہ
۱۷- آزادی اسلام ۴ آنہ
۱۸- مصطفیٰ کمال پاشا ۱ روپیہ ۸ آنہ
۱۹- گوکھلے کی تقریریں ۱۲ آنہ
۲۰- سلف گورنمنٹ ۶ آنہ
۲۱- عالم خیال ۸ آنہ
۲۲- حیات خسرو ۸ آنہ
۲۳- نظام حیات انسانی ۸ آنہ
۲۴- فرہنگ فارسی جدید ۱ روپیہ ۸ آنہ
۲۵- فرہنگ عربی جدید ۱ روپیہ ۸ آنہ
۲۶- اسلامی حکومت ۲ آنہ

—:o:—

دیوان غالب جدید و قدیم

یہ وہ نایاب کلام ہے جس کی اشاعت کا اہل ملک کو بیحد انتظار تھا۔ اس میں میرزا غالب کا قدیم وجدید تمام کلام موجود ہے۔ میر صاحب کے قدیم کلام ملنے کی کسے توقع تھی یہ محض حسن اتفاق تھا کہ ہاتھ آگیا اور اب ریاست بھوپال کی سرپرستی میں چھپ کر شائع ہوا ہے۔ مع مقدمۂ ڈاکٹر عبدالرحمن بجنوری مرحوم مجلد ۵ روپیہ کلدار۔ غیر مجلد ۴ روپیہ کلدار (بلا مقدمہ مجلد ۳ روپیہ ۸ آنہ کلدار غیر مجلد دو روپیہ ۸ آنہ کلدار)۔

مکاتیب

نواب محسن الملک اور نواب وقار الملک مرحومین کے غیر مطبوعہ خطوط کا قابل قدر۔ دلچسپ۔ پر از معلومات اور بہترین مجموعہ۔ مرتبۂ مولوی محمد امین صاحب مہتمم تاریخ ریاست بھوپال ۱ روپیہ۔

الـــتہر
انجمن ترقی اُردو۔ اورنگ آباد (دکن)

یہ کتابیں بھی انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد دکن سے مل سکتی ہیں

(کل قیمتیں سکۂ کلدار میں ہیں)

نیرنگ ارض

مولفہ مولوی سید راحت حسین صاحب بی-اے ۱ روپیہ ۴ آنہ

سیر المصنفین

مولفہ مولوی محمد یحییٰ صاحب تنہا وکیل غازی آباد ۲ روپیہ

Hindustani Simplified (اردو آموز)

دنیش چندردت صاحب ایم اے ۳ روپیہ

شرح Hindustani simplified

مولفہ دنیش چندردت صاحب ایم اے ۱ روپیہ

رسالہ نماز Prayer Book

خان صاحب عابد علی خاں صاحب ۱ روپیہ

ابتدائی تعلیم کی رام کہانی

مولفہ منشی رام پرشاد صاحب بی اے ۱ روپیہ ۴ آنہ

ہندو تیواروں کی اصلیت اور ان کی جغرافیائی کیفیت

مولفہ منشی رام پرشاد صاحب بی اے ۶ آنہ

وہ جاندار جو نظر نہیں آتے

مولفہ منشی رام پرشاد صاحب بی اے ۴ آنہ

(دارالاشاعت پنجاب لاہور کی کتابیں)

اخترالنسا بیگم	۱ روپیہ ۸ آنہ
دکھہ بھری کہانی	۲ آنہ ۶ پائی
روشنک بیگم	۴ روپیہ
رانی کرونارت	۱ آنہ
رسوم دھلی	۴ آنہ ۶ پائی
ان پورنا دیوی کا مندر	۱ روپیہ ۸ آنہ
ایام غدر	۱ روپیہ ۴ آنہ
نقش فرنگ	۱ روپیہ ۴ آنہ
پریم پچیسی مکمل	۳ روپیہ
بانگ درا مجلد	۵ روپیہ ۸ آنہ
بانگ درا غیر مجلد	۴ روپیہ
نعمت خانہ	۱ روپیہ ۴ آنہ
خواب راحت	۴ آنہ
چندن ہار	۲ آنہ
انمول موتی	۱ آنہ ۶ پائی
سوکن کا جلاپا	۶ آنہ
گوہر مقصود	۶ آنہ
لیلیٰ	۲ آنہ
سواءالسبیل	۱ روپیہ
سخندان پارس	۱۰ آنہ
قوانین دولت	۴ آنہ
میلا	۱۲ آنہ
چترا	۱۲ آنہ

انجمن کی کتابیں جو زیر طبع ھیں

۱- لغت اصطلاحات علمیہ-اس کا معتدبہ حصہ چھپ چکا ھے—
۲- کلیات ولی
۳- قواعداردو مولفہ مولوی عبدالحق صاحب بی-اے بعد نظر ثانی اور تغیر و تبدل کے چھپ رھی ھے—
۴- محاسن کلام غالب مصنفہ ڈاکٹر عبدالرحمن بجنوری مرحوم—

ان کے علاوہ چند کتابیں زیر نظر ثانی ھیں جن کی طبع کا انتظام عنقریب کیا جائے گا:—

۱- لغت اصطلاحات اھل حرفہ-نظر ثانی کی جاری ھے-اس کے بعد نقشوں اور تصویروں کا انتظام کیا جائے گا—
۲- کلیات سراج
۳- سب رس
۴- مثنوی خواب و خیال تصنیف خواجہ محمد میر اثر دھلوی برادر خواجہ میر درد—

———:o:———

اطلاع

رسالہ اردو کے پہلے پانچ نمبر بالکل باقی نہیں رھے اکثر اصحاب نے طلب فرمائے مگر ھم تعمیل سے معذور رھے-اب جن اصحاب کو ان کی ضرورت ھو اور اُنہیں لینا چاھتے ھوں براہ کرم ھمیں اطلاع دیں-ھم اُن کی فرمایش درج کرلیں گے اور کافی فرمایشیں آنے پر دوبارہ طبع کرالئے جائیں گے—

———:o:———

رسالہ اردو نمبر ۶ سے نمبر ۱۸ تک موجود ھیں اور بہ حساب دو روپیہ فی رسالہ علاوہ محصول ڈاک مل سکتے ھیں—

المشتہر

انجمن ترقی اُردو اورنگ آباد دکن

اُردو کا ماھانہ رسالہ شمع-آگرہ

جنوری سنہ ۱۹۲۵ ع سے شمع نہایت آب و تاب سے شائع ہو رہا ہے-لکھائی-چھپائی کاغذ غرض ہر لحاظ سے اپنی آپ نظیر ہے-ہر مضمون مہذب-محرک خیال اور معلومات جدیدہ کا بہترین نمونہ ہوتا ہے اور تاریخی-سیاسی-اقتصادی و ادبی مضامین شائع ہوتے ہیں-اس کے مقاصد علمی و ادبی ہیں-لائق مدیران شمع مسٹر محمد حبیب (آکسن) بیرسٹرایٹ لا-پروفیسر تاریخ مسلم یونیورسٹی علی گڈہ و مسٹر حسن عابد جعفری (آکسن) بیرسٹرایٹ لا آگرہ ہیں-یہ حضرات بہترین تعلیم یافتہ ہونے کے علاوہ اعلیٰ درجہ کے نقاد اور ادیب ہیں اور فن اخبار نویسی سے واقف ہیں اور محض ادبی و علمی خدمت کی آرزو میں رسالہ کی ترتیب میں مصروف ہیں اس میں کوئی ذاتی فائدہ شامل نہیں اور نہ کسی تجارتی اصول پر اس کو پیش کرنا چاہتے ہیں—

ہر ماہ میں پابندی وقت سے شائع ہوتا ہے-تصاویر بھی شائع ہوتی رہتی ہیں—

حجم ۱۱۲ صفحہ　　قیمت سالانہ ۶ روپیہ　　نمونہ کا پرچہ ۱۰ آنہ

الـــــــ

Srinagar
15.5.43.

D. Sirs,

I have the honour to say: I gone Through this news book: (Rasala) named By Engineer Sarhe Tal Delen) this Book is not Brilliant the Mellcome Book in see before:

[illegible]

I [illegible] the Hamell:

[illegible]

this Book is not Effecient

[illegible]

I [illegible] the [illegible]

[illegible]

2. THE COST OF THE BOOK DEPOSIT.
3. ONE BOOK WILL BE GIVEN DAILY.
THE KASHMIR NOVEL AGENCY 1ST BRIDGE
Pass: [illegible]
PROP:
FOR: [illegible]

اُردو

۱- یہ انجمن ترقی اردو کا سہ ماہی رسالہ ہے جو جنوری-اپریل-جولائی اور اکتوبر کے پہلے ہفتے میں شایع ہوا کرے گا—

۲- یہ خاص ادبی رسالہ ہے جس میں زبان اور ادب کے مختلف شعبوں اور پہلوؤں پر بحث ہوگی-حجم کم از کم ایک سو اور زیادہ سے زیادہ ڈیڑھ سو صفحے ہو گا—

۳- بنظر احتیاط رسالہ ذریعۂ رجسٹری بھیجا جاتا ہے—

۴- قیمت سالانہ چھہ روپیہ کلدار-محصول ڈاک وغیرہ ملا کر آٹھہ روپیہ کلدار (سکۂ عثمانیہ سات روپیہ-محصول ڈاک وغیرہ ملا کر نو روپیہ سکۂ عثمانیہ)

۵- تمام خط و کتابت:-مولوی عبدالحق صاحب بی-اے آنریری سکریٹری انجمن ترقی اُردو و اڈیٹر اُردو اورنگ آباد (دکن) سے ہونی چاہئے—

(باہتمام محمد صدیق حسن منیجر انجمن اردو پریس-اردو باغ اورنگ آباد دکن میں چھپا اور دفتر انجمن ترقی اردو سے شایع ہوا)